ان داتا

کرشن چندر

ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم زندہ باد　　　　عظمت صحابہ زندہ باد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

معزز ممبران: آپ کا وٹس ایپ گروپ ایڈمن "**اردو بکس**" آپ سے مخاطب ہے۔

آپ تمام ممبران سے گزارش ہے کہ:

- گروپ میں صرف PDF کتب پوسٹ کی جاتی ہیں لہذا کتب کے متعلق اپنے کمنٹس / ریویوز ضرور دیں۔ گروپ میں بغیر ایڈمن کی اجازت کے کسی بھی قسم کی (اسلامی وغیر اسلامی، اخلاقی، تحریری) پوسٹ کرنا سختی سے منع ہے۔
- گروپ میں معزز، پڑھے لکھے، سلجھے ہوئے ممبرز موجود ہیں اخلاقیات کی پابندی کریں اور گروپ رولز کو فالو کریں بصورت دیگر معزز ممبرز کی بہتری کی خاطر ریموو کر دیا جائے گا۔
- کوئی بھی ممبر کسی بھی ممبر کو انباکس میں میسیج، مس کال، کال نہیں کرے گا۔ رپورٹ پر فوری ریموو کرکے کاروائی عمل میں لائے جائے گی۔
- ہمارے کسی بھی گروپ میں سیاسی و فرقہ واریت کی بحث کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔
- اگر کسی کو بھی گروپ کے متعلق کسی قسم کی شکایت یا تجویز کی صورت میں ایڈمن سے رابطہ کیجئے۔
- سب سے اہم بات:

گروپ میں کسی بھی قادیانی، مرزائی، احمدی، گستاخِ رسول، گستاخِ امہات المؤمنین، گستاخِ صحابہ و خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضیٰ، حضرت حسنین کریمین رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین، گستاخ اہلبیت یا ایسے غیر مسلم جو اسلام اور پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا میں مصروف ہیں یا ان کے روحانی وذہنی سپورٹرز کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لہذا ایسے اشخاص بالکل بھی گروپ جوائن کرنے کی زحمت نہ کریں۔ معلوم ہونے پر فوراً ریموو کر دیا جائے گا۔

- تمام کتب انٹرنیٹ سے تلاش / ڈاؤنلوڈ کر کے **فری آف کاسٹ** وٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جاتی ہیں۔ جو کتاب نہیں ملتی اس کے لئے معذرت کر لی جاتی ہے۔ جس میں محنت بھی صرف ہوتی ہے لیکن ہمیں آپ سے صرف دعاؤں کی درخواست ہے۔
- عمران سیریز کے شوقین کیلئے علیحدہ سے عمران سیریز گروپ موجود ہے۔
- **لیڈیز کے لئے الگ گروپ کی سہولت موجود ہے جس کے لئے ویریفکیشن ضروری ہے۔**
- اردو کتب / عمران سیریز یا سٹڈی گروپ میں ایڈ ہونے کے لئے ایڈمن سے وٹس ایپ پر بذریعہ میسیج رابطہ کریں اور جواب کا انتظار فرمائیں۔ برائے مہربانی اخلاقیات کا خیال رکھتے ہوئے موبائل پر کال یا ایم ایس کرنے کی کوشش ہر گز نہ کریں۔ ورنہ گروپس سے تو ریموو کیا ہی جائے گا بلاک بھی کیا جائے گا۔

نوٹ: ہمارے کسی گروپ کی کوئی فیس نہیں ہے۔ سب فی سبیل اللہ ہے

0306-7163117	0343-7008883	0333-8033313
محمد سلمان سلیم	پاکستان زندہ باد	راؤ ایاز

پاکستان زندہ باد　　　　پاکستان پائندہ باد

اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو

ان داتا

• کرشن چندر

ارولی پبلشر
۴ وجے مارکیٹ رجاپور (نزد بھاگیہ لکشمی اپارٹمنٹ)
سیکٹر ۹ - روہنی - دلی ——— ۱۱۰۰۸۵

ان داتا

تری دُنیا میں مَیں محکوم مجبُور
(بال جبریل)

•

- باب اوّل — وہ آدمی جس کے ضمیر میں کانٹا ہے۔
- باب دوم — وہ آدمی جو مر چکا ہے۔
- باب سوم — وہ آدمی جو ابھی زندہ ہے۔

ترتیب

وہ آدمی جس کے ضمیر میں کانٹا ہے

•

(ایک غیر ملکی قونصل کے مکتوب جو اس نے اپنے افسرِ اعلیٰ کو کلکتہ سے روانہ کئے)

۸ر اگست ۱۹۴۳ء کلایو اسٹریٹ، مون شائن لا۔

جناب والا۔

کلکتہ، ہندوستان کا سب سے بڑا شہر ہے۔ ہوڑہ پُل ہندوستان کا سب سے عجیب و غریب پُل ہے۔ بنگالی قوم ہندوستان کی سب سے ذہین قوم ہے۔ کلکتہ یونیورسٹی ہندوستان کی سب سے بڑی یونیورسٹی ہے۔ کلکتہ کا "سوناگاچی" ہندوستان میں طوائفوں کا سب سے بڑا بازار ہے۔ کلکتہ کا سندربن جنگل کی سب سے بڑی شکارگاہ ہے۔ کلکتہ جوٹ کا سب سے بڑا مرکز ہے۔ کلکتہ کی سب سے بڑھیا مٹھائی کا نام "رسگلا" ہے۔ کہتے ہیں ایک طوائف نے ایجاد کیا تھا۔ لیکن شومئی قسمت سے وہ اسے پیٹنٹ نہ کرا سکی۔ کیونکہ ان دنوں ہندوستان میں کوئی ایسا قانون موجود نہ تھا۔ اسی لئے وہ طوائف اپنی زندگی کے آخری ایام

میں بھیک مانگتے مری ۔ ایک الگ پارسل میں حضور پُر نور کی ضیافتِ طبع کے لئے دو سو "رشوگلے" بھیج رہا ہوں ۔ اگر انہیں قیمے کے ساتھ کھایا جائے ۔ تو بہت مزا دیتے ہیں ۔ میں نے خود تجربہ کیا ہے ۔

میں ہوں جناب کا ادنیٰ ترین خادم
الیف ۔ بی ۔ ٹپاخا
قونصل مملکتِ سانڈو گھاس برائے کلکتہ

●

۹ اگست کلایو اسٹریٹ

جناب والا ۔

حضور پُر نور کی منجھلی بیٹی نے مجھ سے سپیرے کی بین کی فرمائش کی تھی ۔ آج شام بازار میں مجھے ایک سپیرا مل گیا ۔ پچیس ڈالر دیکر میں نے ایک خوبصورت بین خرید لی ہے ۔ یہ بین اسفنج کی طرح ہلکی اور سبک اندام ہے ۔ یہ ایک ہندوستانی پھل سے جسے "لوکی" کہتے ہیں ۔ تیار کی جاتی ہے ۔ یہ بین بالکل ہاتھ کی بنی ہوئی ہے ۔ اور اسے تیار کرتے وقت کسی مشین سے کام نہیں لیا گیا ۔ میں نے اس بین پر پالش کرایا ہے اور اسے ساگوان کے ایک خوشنما بکس میں بند کر کے حضور پُر نور کی منجھلی بیٹی ایڈنتھ کے لئے بطور تحفہ ارسال کر رہا ہوں ۔

میں ہوں جناب کا خادم
الیف ۔ بی ۔ ٹپاخا

●

۱۰ر اگست

کلکتہ میں ہمارے ملک کی طرح راشننگ نہیں ہے۔ غذا کے معاملہ میں ہر شخص کو مکمل شخصی آزادی ہے۔ وہ بازار سے جتنا اناج چاہے خریدے کل مملکت ٹلی کے قونصل نے مجھے کھانے پر مدعو کیا۔ چھبیس قسم کے گوشت کے سالن تھے سبزیوں اور میٹھی چیزوں کے دو درجن کورس تیار کئے گئے تھے۔ (نہایت عمدہ شراب تھی) ہمارے ہاں جیسا کہ حضور اچھی طرح جانتے ہیں پیاز تک کی راشننگ ہے اس لحاظ سے کلکتہ کے باشندے بڑے خوش قسمت ہیں۔ کھانے پر ایک ہندوستانی انجنیئر بھی مدعو تھے۔ یہ انجنیئر ہمارے ملک کا تعلیم یافتہ ہے۔ باتوں باتوں میں اس نے ذکر کیا کہ کلکتہ میں قحط پڑا ہوا ہے۔ اس پر ٹلی کا قونصل قہقہہ مار کر ہنسنے لگا۔ اور مجھے بھی اس ہنسی میں شریک ہونا پڑا۔ دراصل یہ پڑھے لکھے۔ ہندوستانی بھی بڑے جاہل ہوتے ہیں۔ کتابی علم سے قطع نظر انہیں اپنے ملک کی صحیح حالت کا کوئی اندازہ نہیں۔ ہندوستان کی دو تہائی آبادی دن رات غلہ اور بچے پیدا کرنے میں مصروف رہتی ہے۔ اس لئے یہاں پر غلے اور بچوں کی کمی کبھی نہیں ہونے پاتی، بلکہ جنگ سے پیشتر تو بہت سا غلہ دساور کو جاتا تھا۔ اور بچے قلی بنا کر جنوبی افریقہ بھیجدیئے جاتے تھے۔ اب ایک عرصے سے قلیوں کا باہر بھیجنا بند کر دیا گیا ہے۔ اور ہندوستانی صوبوں کو "ہوم رول" دیدیا گیا ہے۔ مجھے یہ ہندوستانی انجنیئر تو کوئی ایجی ٹیٹر قسم کا خطرناک آدمی معلوم ہوتا تھا۔ اس کے چلے جانے کے بعد میں نے موسیو ژاں ژاں تریب ٹلی کے قونصل سے اس کا تذکرہ چھیڑا تو موسیو ژاں ژاں تریب ٹلی نے بڑے غور و خوض کے بعد یہ رائے دی کہ ہندوستانی اپنے ملک پر حکومت کی قطعاً

اہلیت نہیں رکھتا۔ چونکہ موسیو ژاں ژریب کی حکومت کو بین الاقوامی معاملات میں ایک خاص مرتبہ حاصل ہے۔ اس لئے میں ان کی رائے وقیع سمجھتا ہوں۔

میں ہوں جناب کا خادم
ایف۔ بی۔ پی

●

۱۱ر اگست

آج صبح بولپور سے واپس آیا ہوں۔ وہاں ڈاکٹر ٹیگور کا "شانتی نکیتان" دیکھا۔ کہنے کو تو یہ ایک یونیورسٹی ہے۔ لیکن پڑھائی کا یہ عالم ہے کہ طالب علموں کے بیٹھنے کے لئے ایک بنچ بھی نہیں۔ استاد اور طالب علم سب ہی درختوں کے نیچے آلتی پالتی مارے بیٹھے رہتے ہیں۔ اور خدا جانے کچھ پڑھتے بھی ہیں یا یوں ہی اونگھتے ہیں۔ میں وہاں سے بہت جلد آیا۔ کیونکہ دھوپ بہت تیز تھی اور اوپر درختوں کی شاخوں پر چڑیاں شور مچا رہی تھیں۔

ف۔ ب۔ پ

●

۱۲ر اگست

آج چینی قونصل کے ہاں لنچ پر کسی نے کہا کہ کلکتہ میں سخت قحط پڑا ہوا ہے۔ لیکن وثوق سے کچھ نہ کہہ سکا کہ اصل ماجرا کیا ہے۔ ہم سب لوگ حکومتِ بنگال کے اعلان کا انتظار کر رہے ہیں۔ اعلان کے جاری ہوتے ہی حضور

کو مزید حالات سے مطلع کرونگا۔ بیگ میں حضور پُرنور کی منجھلی بیٹی ایڈ ننھو کے لئے ایک جوتی بھی ارسال کر رہا ہوں۔ یہ جوتی سبز رنگ کے سانپ کی جلد سے بنائی گئی ہے۔ سبز رنگ کے سانپ برما میں بہت ہوتے ہیں، امید ہے کہ جب برما دوبارہ حکومت انگلشیہ کی عملداری میں آجائے گا تو ان جوتوں کی تجارت کو بہت فروغ حاصل ہو سکے گا۔

میں ہوں جناب کا وغیرہ وغیرہ
ایف۔ بی۔ پی

۱۳ر اگست

آج ہمارے سفارت خانے کے باہر دو عورتوں کی لاشیں پائی گئی ہیں۔ ہڈیوں کا ڈھانچہ معلوم ہوتی تھیں۔ شاید "سکھیا" کی بیماری میں مبتلا تھیں ادھر بنگال میں اور غالباً سارے ہندوستان میں "سکھیا" کی بیماری پھیلی ہوئی ہے۔ اس عارضے میں انسان گھلتا جاتا ہے۔ اور آخر میں سوکھ کر ہڈیوں کا ڈھانچہ ہو کر مر جاتا ہے۔ یہ بڑی خوفناک بیماری ہے۔ لیکن ابھی تک اس کا کوئی شافی علاج دریافت نہیں ہوا۔ کونین کثرت سے مفت تقسیم کی جا رہی ہے لیکن کونین میگنیشیا یا کسی اور مغربی دوا سے اس عارضے کی شدت میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ دراصل ایشیائی بیماریوں کو نوعیت مغربی امراض سے مختلف ہے۔ بہت مختلف ہے۔ یہ اختلاف اس مفروضے کا بدیہی ثبوت ہے کہ ایشیائی اور مغربی دو مختلف انسان ہیں۔

حضورِ پُرنور کی رفیقۂ حیات کے پانچویں جنم دن کی خوشی میں بدھ کا ایک مرمر کا بُت ارسال کر رہا ہوں۔ اسے میں نے پانسو ڈالر میں خریدا ہے۔ یہ مہاراجہ ہند دھو سار کے زمانے کا ہے۔ اور مقدس راہب خانے کی زینت تھا۔ حضورِ پُرنور کی رفیقۂ حیات کے ملاقاتیوں کے کمرے میں خوب سجے گا۔

مکرّر عرض ہے کہ سفارت خانے کے باہر پڑی ہوئی لاشوں میں ایک بچّہ بھی تھا جو اپنی مُردہ ماں سے دُودھ چُوسنے کی ناکام کوشش کر رہا تھا۔ میں نے اسے ہسپتال بھجوا دیا ہے۔

حضورِ پُرنور کا غلام

ایف۔ بی۔ پی

●

۱۴ اگست

ڈاکٹر نے بچے کو ہسپتال میں داخل کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ بچّہ ابھی سفارت خانہ میں ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کیا کروں۔ حضورِ پُرنور کی ہدایت کا انتظار ہے۔ مِلّی کے قونصل نے مشورہ دیا ہے۔ کہ اس بچے کو جہاں سے پایا سے پایا تھا۔ وہیں چھوڑ دوں۔ لیکن میں نے یہ مناسب نہ سمجھا کہ اپنے حکومت کے صدر سے مشورہ کئے بغیر کوئی ایسا اقدام کروں۔ جس کے سیاسی نتائج بھی نہ جانے کتنے مہلک ثابت ہوں۔

ایف۔ بی۔ پی

●

۱۶ راگست

آج سفارت خانے کے باہر پھر لاشیں پائی گئیں ۔ یہ سب لوگ بھی اسی بیماری کا شکار معلوم ہوتے تھے ۔ جس کا میں اپنے گزشتہ مکتوبات میں ذکر کر چکا ہوں ۔ میں نے بچے کو انہی لاشوں میں چپکے سے رکھ دیا ہے ۔ اور پولیس کو ٹیلیفون کر دیا ہے کہ وہ انہیں سفارت خانے کی سیڑھیوں سے اٹھانے کا بندوبست کرے ۔ امید ہے آج شام تک سب لاشیں اٹھ جائیں گی ۔

ایف ۔ بی ۔ پی

●

۱۷ راگست

کلکتہ کے انگریزی اخبار "سٹیٹسمین" نے اپنے افتتاحیہ میں آج اس امر کا اعلان کیا ہے کہ کلکتہ میں سخت قحط پھیلا ہوا ہے ۔ یہ اخبار چند روز سے قحط زدگان کی تصاویر بھی شائع کر رہا ہے ۔ ابھی تک وثوق سے نہیں کہا جا سکتا کہ یہ فوٹو اصلی ہیں یا نقلی ۔ بظاہر تو یہ فوٹو سوکھیا کی بیماری کے پرانیوں کے معلوم ہوتے ہیں ۔ لیکن تمام غیر ملکی قونصل اپنی رائے "محفوظ" رکھ رہے ہیں ۔

ایف ۔ بی ۔ پی

●

۲۰ راگست

سوکھیا کی بیماری کے مریضوں کو اب ہسپتال میں داخل کرنے کی اجازت مل گئی ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ صرف کلکتہ میں روز دو ڈھائی سو آدمی اس بیماری کا شکار

ہو جاتے ہیں۔ اور اب یہ بیماری ایک وبا کی صورت اختیار کر گئی ہے۔ ڈاکٹر لوگ بہت پریشان ہیں کیونکہ کونین کھلانے سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ مرض میں کسی طرح کی کمی نہیں ہوتی۔ ہاضمے کا مکسچر میگنیشیا مکسچر اور ٹنکچر آیوڈین پورا برٹش فارماکوپیا بیکار ہے۔ چند مریضوں کا خون لے کر مغربی سائنسدانوں کے پاس بغرض تحقیق بھیجا جا رہا ہے۔ اور عین ممکن ہے کہ کسی غیر معمولی مغربی ایکسپرٹ کی خدمات بھی حاصل کی جائیں یا ایک رائل کمیشن بٹھا دیا جائے جو چار پانچ سال میں اچھی طرح چھان بین کر کے اس امر کے متعلق اپنی رپورٹ حکومت کو پیش کرے۔ الغرض ان غریب مریضوں کو بچانے کے لئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ شد ومد کے ساتھ اعلان کیا گیا ہے کہ سارے بنگال میں قحط کا دور دورہ ہے اور ہزاروں آدمی ہر ہفتے غذا کی کمی کی وجہ سے مر جاتے ہیں لیکن ہماری نوکرانی (جو خود بنگالن ہے) کا خیال ہے کہ یہ اخبار جی جھوٹ بولتے ہیں۔ جب وہ بازار میں چیزیں خریدنے جاتی ہے تو اسے ہر چیز مل جاتی ہے۔ دام بے شک بڑھ گئے ہیں۔ لیکن یہ مہنگائی تو جنگ کی وجہ سے ناگزیر ہے۔

ایف۔ بی۔ پی

●

۲۵ر اگست

آج سیاسی حلقوں نے قحط کی تردید کر دی ہے۔ بنگال اسمبلی نے جس میں ہندوستانی ممبروں اور وزراء کی کثرت ہے۔ آج اعلان کر دیا ہے کہ کلکتہ اور بنگال کا علاقہ "قحط زدہ علاقہ" قرار نہیں دیا جا سکتا۔ اس کا یہ

مطلب بھی ہے کہ بنگال میں فی الحال راشننگ نہ ہوگا۔ یہ خبر سنکر غیر ملکی
قونصلوں کے دل میں اطمینان کی ایک لہر دوڑ گئی۔ کیونکہ اگر بنگال قحط زدہ
علاقہ قرار دیدیا جاتا تو ضرور راشننگ کا فی الفور نفاذ ہوتا اور ـــــ
میرا مطلب ہے کہ اگر راشننگ کا نفاذ ہوتا تو اس کا اثر ہم لوگوں پر بھی
پڑتا۔ موسیو سی گل جو فرنچ قونصل ہیں کل ہی مجھ سے کہہ رہے تھے کہ عین
ممکن ہے کہ راشننگ ہو جائے۔ اس لئے تم ابھی سے شراب کا بندوبست
کر لو۔ میں چندر نگر سے فرانسیسی شراب منگوانے کا ارادہ کر رہا ہوں۔ سنا
ہے کہ چندر نگر میں کئی سو سال پرانی شراب بھی دستیاب ہوتی ہے۔ بلکہ اکثر
شرابیں تو انقلاب فرانس سے بھی پہلے کی ہیں۔ اگر حضور پُر نور مطلع فرمائیں
تو چند بوتلیں چکھنے کے لئے بھیجدوں۔

ف۔ با۔ پ

●

۲۸ اگست

کل ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔ میں نے نیو مارکیٹ سے اپنی سب
سے چھوٹی بہن کے لئے چند کھلونے خریدے۔ ان میں ایک چینی کی گڑیا بہت
ہی حسین تھی۔ اور ماریا کو بہت پسند تھی۔ میں نے ڈیڑھ ڈالر دیکر وہ گڑیا
بھی خرید لی اور ماریا کو انگلی سے لگائے باہر آگیا۔ کار میں بیٹھنے کو تھا کہ ایک
ادھیڑ عمر کی بنگالی عورت نے میرا کوٹ پکڑ کر مجھے بنگالی زبان میں کچھ کہا۔
میں نے اس سے اپنا دامن چھڑا لیا۔ اور کار میں بیٹھ کر اپنے بنگالی

شوفر سے پوچھا۔

"یہ کیا چاہتی ہے ۔ ؟"

ڈرائیور بنگالی عورت سے بات کرنے لگا۔ اس عورت نے جواب دیتے ہوئے اپنی لڑکی کی طرف اشارہ کیا جسے وہ اپنے شانے سے لگائے کھڑی تھی۔ بڑی بڑی موٹی آنکھوں والی زرد زرد بچی بالکل چینی کی گڑیا معلوم ہوتی تھی ۔ اور ماریا کی طرف گھور گھور کر دیکھ رہی تھی ۔

پھر بنگالی عورت نے تیزی سے کچھ کہا ۔ بنگالی ڈرائیور نے اسی سرعت سے جواب دیا ۔

"کیا کہتی ہے یہ ۔ ؟" میں نے پوچھا ۔

ڈرائیور نے اس عورت کی ہتھیلی پر چند سکے رکھے اور کار آگے بڑھائی ۔ کار چلاتے چلاتے بولا ۔

"حضور یہ اپنی بچی کو بیچنا چاہتی تھی ۔ ڈیڑھ روپے میں ۔"

"ڈیڑھ روپے میں ، یعنی نصف ڈالر میں ۔ ؟" میں نے حیران ہو کر پوچھا ۔

"ارے نصف ڈالر میں تو چینی کی گڑیا بھی نہیں آتی ۔ ؟"

"آج کل نصف ڈالر میں بلکہ اس سے بھی کم قیمت پر ایک بنگالی بچی مل سکتی ہے ...... !"

میں حیرت سے اپنے ڈرائیور کو تکتا رہ گیا ۔

اس وقت مجھے اپنے وطن کی تاریخ کا وہ باب یاد آیا ۔ جب ہمارے

آباؤ اجداد افریقہ سے حبشیوں کو زبردستی جہاز میں لاد کر اپنے ملک میں لے آتے تھے۔ اور منڈیوں میں غلاموں کی خرید و فروخت کرتے تھے۔ ان دنوں ایک معمولی سے معمولی حبشی بھی پچیس تیس ڈالر سے کم میں نہ بکتا تھا۔ اوہ، کس قدر غلطی ہوئی۔ ہمارے بزرگ اگر افریقہ کے بجائے ہندوستان رخ کرتے تو بہت سستے داموں غلام حاصل کر سکتے تھے۔ حبشیوں کے بجائے اگر وہ ہندوستانیوں کی تجارت کرتے تو لاکھوں ڈالر کی بچت ہو جاتی۔ ایک ہندوستانی لڑکی صرف نصف ڈالر ہیں۔!! اور ہندوستان کی بھی آبادی چالیس کروڑ ہے۔ گویا بیس کروڑ ڈالر میں ہم پورے ہندوستان کی آبادی کو خرید سکتے تھے۔ ذرا خیال تو فرمایئے کہ بیس کروڑ ڈالر ہوتے ہی کتنے ہیں۔ اس سے زیادہ رقم تو ہمارے وطن میں ایک یونیورسٹی قائم کرنے میں صرف ہو جاتی ہے۔

اگر حضور پُرنور کی منجھلی بیٹی کو یہ پسند ہو تو میں ایک درجن بنگالی لڑکیاں خرید کر بذریعہ ہوائی جہاز پارسل کر دوں۔! تب شوفر نے بتایا کہ آجکل "سوناگاچی" جہاں کلکتہ کی طوائفیں رہتی ہیں۔ اس قسم کی بردہ فروشی کا اڈہ ہے۔ سیکڑوں کی تعداد میں لڑکیاں شب و روز فروخت کی جا رہی ہیں۔

لڑکیوں کے والدین فروخت کرتے ہیں۔ اور رنڈیاں خریدتی ہیں۔ عام نرخ سوا روپیہ ہے۔ لیکن اگر بچی قبول صورت ہو تو چار پانچ بلکہ دس روپے بھی مل جاتے ہیں۔ چاول آجکل بازار میں ساٹھ ستر روپے فی من ملتا ہے۔ اس حساب سے اگر ایک کنبہ اپنی دو بچیاں بھی فروخت کر دے

تو کم از کم آٹھ دس دن اور زندگی کا دھندا کیا جا سکتا ہے۔ اور اوسطاً بنگالی کیتے ہیں لڑکیوں تعداد دو سے زیادہ ہوتی ہے۔

کل میئر آف کلکتہ نے شام کے کھانے پہ مدعو کیا ہے۔ وہاں یقیناً بہت ہی دلچسپ باتیں سننے میں آئیں گی۔

ف ۔ ب ۔ پ

●

۲۹ اگست

میئر آف کلکتہ کا خیال ہے کہ بنگال میں شدید قحط ہے۔ اور حالت بیحد خطرناک ہے۔ اس نے مجھ سے اپیل کی کہ میں اپنی حکومت کو بنگال کی مدد کے لئے آمادہ کردوں۔ میں نے اسے اپنی حکومت کی ہمدردی کا یقین دلایا۔ لیکن یہ امر بھی اس پر واضح کر دیا کہ یہ قحط ہندوستان کا اندرونی مسئلہ ہے اور ہماری حکومت کسی دوسری قوم کے معاملات دخل دینا نہیں چاہتی۔ ہم سچے جمہوریت پسند ہیں۔ اور کوئی سچا جمہوریہ آپ کی آزادی کو سلب کرنا نہیں چاہتا۔ ہر ہندوستانی کو جینے یا مرنے کا اختیار ہے۔ یہ ایک شخصی یا زیادہ سے زیادہ ایک قومی مسئلہ ہے۔ اور اس کی نوعیت بین الاقوامی نہیں۔ اس موقعہ پر موسیو ژاں ژرال تریپ بھی بحث میں شامل ہو گئے اور کہنے لگے۔

جب آپ کی اسمبلی نے بنگال کو قحط زدہ علاقہ FAMINE AREA ہی نہیں قرار دیا تو اس صورت میں آپ دوسری حکومتوں سے مدد کیونکر طلب کر سکتے ہیں۔ اس پر میئر آف کلکتہ خاموش ہو گئے اور دس گلے کھانے لگے۔

ف ۔ ب ۔ پ

●

۳۰ اگست

مسٹر ایمری نے جو برطانوی وزیر ہند ہیں۔ ہاؤس آف کامنز میں ایک بیان دیتے ہوئے فرمایا کہ ہندوستان میں آبادی کا تناسب غذائی اعتبار سے حوصلہ شکن ہے۔ ہندوستان کی آبادی میں ڈیڑھ سو گنا اضافہ ہوا ہے۔ درحالیکہ زمینی پیداوار بہت کم بڑھی ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ ہندوستانی بہت کھاتے ہیں۔

یہ تو حضور میں نے بھی آزمایا ہے۔ کہ ہندوستانی لوگ دن میں دوبار بلکہ اکثر حالتوں میں صرف ایک بار کھانا کھاتے ہیں۔ لیکن اس قدر کھاتے ہیں کہ ہم مغربی لوگ دن میں پانچ بار بھی اس قدر نہیں کھا سکتے۔ موسیو ژاں ژاں تربیپ کا خیال ہے کہ بنگال میں شرح اموات کے بڑھنے کی سب سے بڑی وجہ یہاں کے لوگوں کا پیٹو پن ہے۔ یہ لوگ اتنا کھاتے ہیں کہ اکثر حالتوں میں تو پیٹ پھٹ جاتا ہے۔ اور وہ جہنم واصل ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ مثل مشہور ہے کہ ہندوستانی کبھی منہ پھٹ نہیں ہوتا لیکن پیٹ پھٹ ضرور ہوتا ہے بلکہ اکثر حالتوں میں تلی پھٹ بھی پایا۔ نیز یہ امر بھی قابلِ غور ہے۔ کہ ہندوستانیوں اور چوہوں کی شرح پیدائش دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔ اور اکثر حالتوں میں ان دونوں میں امتیاز کرنا بہت مشکل ہو جاتا ہے۔ وہ جتنی جلدی پیدا ہوتے ہیں اتنی جلدی مر جاتے ہیں۔ اگر چوہوں کو پلیگ ہوتی ہے تو ہندوستانیوں کو "سوکھیا" بلکہ عموماً پلیگ اور سوکھیا دونوں لاحق ہو جاتی ہیں۔ بہر حال جب تک چوہے اپنے بل میں رہیں اور دنیا کو پریشان

نہ کریں۔ ہمیں ان کے نجی معاملات میں دخل دینے کا کوئی حق نہیں۔
غذائی محکمے کے ممبر حالات کی جانچ پڑتال کے لئے تشریف لائے ہیں۔ بنگالی حلقوں میں یہ امید ظاہر کی جا رہی ہے کہ آنریبل ممبر پر اب یہ واضح ہو جائے گا۔ کہ بنگال میں واقعی قحط ہے۔ اور شرح اموات کے بڑھنے کا سبب بنگالیوں کی امارک شانہ حرکات نہیں بلکہ غذائی بحران ہے۔

ف۔ ب۔ پ

•

۲۰ ستمبر

آنریبل ممبر تحقیقات کے بعد واپس چلے گئے ہیں۔ سنا ہے۔ وہاں حضور وائسرائے بہادر سے ملاقات کرینگے اور اپنی تجاویزان کے سامنے رکھیں گے۔

•

۲۵ ستمبر

لندن کے انگریزی اخباروں کی اطلاع کے مطابق ہر روز کلکتہ کی گلیوں اور سڑکوں، فٹ پاتھوں پر لوگ مر جاتے ہیں۔ بہر حال یہ سب اخباری اطلاعیں ہیں۔ سرکاری طور پر اس بات کا کوئی ثبوت نہیں کہ بنگال میں قحط ہے۔ سب پریشان ہیں۔ چینی قونصل کل مجھ سے کہہ رہا تھا کہ وہ بنگال کے فاقہ کشوں کے لئے ایک امدادی فنڈ کھولنا چاہتا ہے۔ لیکن اس کی سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ کیا کرے اور کیا نہ کرے۔ کوئی کہتا ہے کہ قحط ہے کوئی کہتا ہے قحط

نہیں ہے۔ میں نے اسے سمجھایا۔ بیوقوف نہ بنو۔ اس وقت تک ہمارے پاس مصدقہ اطلاع یہی ہے کہ غذائی بحران اس لئے ہے کہ ہندوستانی بہت زیادہ کھاتے ہیں۔ اب تم ان لوگوں کے لئے ایک امدادی فنڈ کھول کر گویا ان کے پیٹو پن کو ادرشہ دو گے۔ یہ حماقت نہیں تو اور کیا ہے۔ لیکن جینی تونصل میری تشریحات سے غیر مطمئن معلوم ہوتا تھا۔

ف۔ ب۔ پ

۲۸ ستمبر

دلّی میں غذائی مسئلے پر غور کرنے کے لئے ایک کانفرنس بلائی جا رہی ہے۔ آج پھر یہاں کئی سو لوگ "سوکھیا" سے مر گئے۔ یہ بھی خبر آئی ہے کہ مختلف صوبائی حکومتوں نے رعایا میں اناج تقسیم کرنے کی جو سکیم بنائی ہے۔ اس سے انہوں نے کئی لاکھ روپے کا منافع حاصل کیا ہے۔ اس میں بنگال کی حکومت بھی شامل ہے۔

ف۔ ب۔ پ

۲۰ اکتوبر

کل گرانڈ ہوٹل میں "یوم بنگال" منایا گیا۔ کلکتہ کے یورپین امراء وشرفاء کے علاوہ حکامِ اعلیٰ، شہر کے بڑے سیٹھ اور مہاراجے بھی اس دلچسپ تفریح میں شریک تھے۔ ڈانس کا انتظام خاص طور پر اچھا تھا۔ میں نے مسز جیولٹ ترمیب کے ساتھ دو مرتبہ ڈانس کیا۔ مسز ترمیب کے منہ

سے لہسن کی بو آتی تھی۔ نہ جانے کیوں ۔؟" مسز تزیب سے یہ معلوم ہوا کہ اس جشن ماہتابی کے موقعہ پر یومِ بنگال کے سلسلہ میں نو لاکھ روپیہ اکٹھا ہوا ہے۔ مسز تزیب بار بار چاند کی خوب صورتی اور رات کی سیاہ ملائمت کا ذکر کر رہی تھیں۔ اور ان کے منھ سے لہسن کے بھبکارے اٹھ رہے تھے۔ جب مجھے ان کے ساتھ دوبارہ ڈانس کرنا پڑا تو میرا جی چاہتا تھا کہ ان کے منھ پر لائی سول یا فینائل چھڑک کر ڈانس کروں۔ لیکن پھر خیال آیا کہ مسز جیولٹ تزیب موسیو ژاں ژاں تزیب کی باوقار بیوی ہیں۔ اور موسیو ژاں ژاں تزیب کی حکومت کو بین الاقوامی معاملات میں ایک قابلِ رشک مرتبہ حاصل ہے۔

ہندوستانی خواتین میں مس سینہہ سے تعارف ہوا۔ بڑی قبول صورت ہے۔ اور بے حد اچھا ناچتی ہے۔ ف۔ ب۔ پ

●

۲۶ر اکتوبر

مسٹر منشی حکومت بمبئی کے ایک سابق وزیر کا اندازہ ہے کہ بنگال میں ہر ہفتے قریباً ایک لاکھ افراد قحط کا شکار ہو رہے ہیں۔ لیکن یہ سرکاری اطلاع نہیں ہے۔ قونصل خانے کے باہر آج پھر چند لاشیں پائی گئیں۔ شوفر نے بتایا کہ یہ ایک پورا خاندان تھا جو دیہات سے روٹی کی تلاش میں کلکتہ آیا تھا۔ پرسوں بھی اسی طرح میں نے ایک مغنی کی لاش دیکھی تھی۔ ایک ہاتھ میں وہ اپنی ستار پکڑے ہوئے تھا۔ اور دوسرے ہاتھ میں لکڑی کا ایک جھنجھنا۔ سمجھ نہیں آیا۔ اس کا کیا مطلب تھا۔ بیچارے چوہے کس طرح چپ چاپ مر جاتے ہیں اور زبان

سے اُف تک بھی نہیں کرتے۔ میں نے ہندوستانیوں سے زیادہ شریف قوم دنیا میں اور کہیں نہیں دیکھی۔ اگر امن پسندی کے لئے نوبل پرائز کسی قوم کو مل سکتا ہے۔ تو وہ ہندوستانی ہیں۔ یعنی لاکھوں کی تعداد میں بھوک سے مرجاتے ہیں لیکن زبان پر ایک کلمۂ شکایت نہیں لائیں گے۔ صرف بے روح، بے نور آنکھوں سے آسمان کی طرف تاکتے ہیں۔ گویا کہہ رہے ہوں۔ اَن داتا۔ اَن داتا۔ ! کل رات پھر مجھے اس معنیٰ کی خاموش شکایت سے معمور، جامد و ساکت پتھریلی بے نور سی نگاہیں پریشان کرتی رہیں۔

ف۔ ب۔ پ

۵ر نومبر

نئے حضور وائسرائے بہادر تشریف لائے ہیں۔ سنا ہے کہ انہوں نے فوج کو قحط زدہ لوگوں کی امداد پر مامور کیا ہے۔ اور جو لوگ کلکتہ کے گلی کوچوں میں مرنے کے عادی ہو چکے ہیں۔ ان کے لئے باہر مضافات میں مرکز کھول دیئے گئے ہیں۔ جہاں ان کی آسائش کے لئے سب سامان بہم پہنچایا جائے گا۔

ف۔ ب۔ پ

۱۰ر نومبر

موسیو ژاں ژریپ کا خیال ہے کہ یہ عین ممکن ہے کہ بنگال میں واقعی قحط ہو اور سوکھیا کی بیماری کی اطلاعیں غلط ہوں۔ غیر ملکی قونصل خانوں میں اس ریمارک سے ہل چل مچ گئی ہے۔ مملکتِ گوبیا، لوبیا اور مٹر سلوو کیا

کے قونصلوں کا خیال ہے کہ موسیو ژاں تریپ کا یہ جملہ کسی آنے والی خوفناک جنگ کا پیش خیمہ ہے۔ یورپی اور ایشیائی ملکوں سے بھاگے ہوئے لوگوں میں آج کل ہندوستان میں مقیم ہیں وائسرائے کی اسکیم کے متعلق مختلف شبہات پیدا ہوئے ہیں۔ وہ لوگ سوچ رہے ہیں۔ اگر بنگال واقعی قحط زدہ علاقہ قرار دیدیا گیا تو ان کے الاؤنس کا کیا بنے گا۔؟ وہ لوگ کہاں جائیں گے۔؟ میں حضور پُر نور کی توجہ اس سیاسی الجھن کی طرف دلانا چاہتا ہوں، وائسرائے بہادر کے اعلان سے پیدا ہو گئی ہے۔ مغرب کے ملکوں کے رفیوجیوں کے حقوق کی حفاظت کے لئے کیا ہمیں سینہ سپر ہو کر نہ لڑنا چاہیئے۔ مغربی تہذیب کلچر اور تمدن کے کیا تقاضے ہیں۔ آزادی اور جمہوریت کو برقرار رکھنے کے لیئے ہمیں کیا قدم اٹھانا چاہیئے۔ میں اس سلسلہ میں حضور پر نور کے احکام کا منتظر ہوں۔

ف۔ ب۔ پ

۲۵ر نومبر

موسیو ژاں تریپ کا خیال ہے کہ بنگال میں قحط نہیں ہے۔ موسیو فاں تاں فنگ چینی قونصل کا خیال ہے کہ بنگال میں قحط ہے۔ میں شرمندہ ہوں کہ حضور نے مجھے جس کام کے لیئے کلکتہ کے قونصل خانے میں تعینات کیا تھا۔ وہ کام میں گزشتہ تین ماہ میں بھی پورا نہ کرسکا۔ میرے پاس اس امر کی ایک بھی مصدقہ اطلاع نہیں ہے کہ بنگال میں قحط ہے یا نہیں ہے۔ تین ماہ کی مسلسل کاوش کے بعد بھی مجھے یہ معلوم نہ ہوسکا کہ صحیح ڈپلومیٹک پوزیشن کیا ہے۔ میں اس سوال کا جواب دینے سے قاصر ہوں؛ شرمندہ ہوں۔ معافی چاہتا ہوں۔

نیز عرض ہے کہ حضور پُر نور کی منجھلی بیٹی کو مجھ سے اور مجھے حضور پُر نور کی منجھلی بیٹی سے عشق ہے۔ اس لئے کیا یہ بہتر نہ ہوگا کہ حضور پُر نور مجھے کلکتہ کے سفارت خانے سے واپس بلائیں اور میری شادی اپنی بیٹی ——— میرا مطلب ہے حضور پُر نور کی منجھلی بیٹی سے کردیں۔ اور حضور پُر نور مجھے کسی ممتاز سفارت خانے میں سفیر اعلیٰ کا مرتبہ بخش دیں۔ ؟ اس نوازش کے لئے میں حضور پُر نور کا تا قیامت شکر گزار ہونگا۔

ایڈتھ کے لئے ایک نیلم کی انگوٹھی ارسال کر رہا ہوں۔ اسے مہاراجہ اشوک کی بیٹی پہنا کرتی تھی۔

میں ہوں جناب کا حقیر ترین خادم

الیف۔ ای۔ پٹاخہ

قونصل مملکتِ سانڈو گھاس برائے کلکتہ

(۲)

وہ آدمی جو مرچکا ہے

•

صبح ناشتہ پر جب اس نے اخبار کھولا تو اس نے بنگال کے فاقہ کشوں کی تصاویر دیکھیں جو سڑکوں پر، درختوں کے نیچے، گلیوں میں، کھیتوں میں بازاروں میں، گھروں میں ہزاروں کی تعداد میں مر رہے تھے۔ آملیٹ کھاتے کھاتے اس نے سوچا کہ ان غریبوں کی امداد کس طرح ممکن ہے۔ یہ غریب جو نا امید کی منزل سے آگے جا چکے ہیں۔ اور موت کی بحرانی کیفیت سے ہمکنار ہیں۔ انہیں زندگی کی طرف واپس لانا۔ زندگی کی صعوبتوں سے دوبارہ آشنا کرنا، ان سے ہمدردی نہیں دشمنی ہوگی۔

اس نے جلدی میں اخبار کا ورق الٹا اور توس پر مُربّہ لگا کر کھانے لگا۔ توس نرم گرم اور کُرکُرا تھا۔ اور مربے کی مٹھاس اور اس کی ہلکی سی ترشی نے اس کے ذائقہ کو اور بھی نکھار دیا تھا۔ جیسے غازے کا غبار عورت کے حسن کو

نکھار دیتا ہے۔ یکایک اسے سنیہہ کا خیال آیا۔ سنیہہ ابھی تک نہ آئی تھی۔ گو اس نے
وعدہ کیا تھا کہ وہ صبح کے ناشتہ پر اس کے ساتھ موجود ہوگی۔ سو رہی ہوگی بیچاری
اب کیا وقت ہوگا۔ اس نے اپنی سونے کی گھڑی سے پوچھا جو اس کی گوری کلائی
میں جس پر سیاہ بالوں کی ایک ہلکی سی ریشمیں لائین تھی۔ ایک سیاہ ریشمی فیتے
سے بندھی تھی۔ گھڑی، قمیض کے بٹن اور ٹائی کا پن، یہی تین زیور مرد پہن سکتا
ہے۔ اور عورتوں کو دیکھئے کہ جسم کو زیور سے ڈھک لیتی۔ کان کے لئے زیور، پاؤں
کے لئے زیور، کمر کے لئے زیور، ناک کے لئے زیور سر کے لئے زیور، گلے کے لئے
زیور باہوں کے لئے زیور اور مرد بے چارے کے لئے صرف تین زیور بلکہ دو ہی
سمجھئے کیونکہ ٹائی کا پن اب فیشن سے باہر ہوتا جا رہا ہے۔ نہ جانے مردوں کو
زیادہ زیور پہننے سے کیوں منع کیا گیا ہے۔ یہی سوچتے سوچتے وہ دلیا کھانے
لگا۔ دلئے سے الائچی کی مہک اٹھ رہی تھی۔ اس کے نتھنے، اس کے پاکیزہ
تعطر سے مصفٰی ہو گئے اور یکایک اس کے نتھنوں میں گزشتہ رات کے عطر
کی خوشبو تازہ ہو گئی۔ وہ عطر جو سنیہہ نے اپنی ساڑھی، اپنے بالوں میں لگا رکھا
تھا۔ گزشتہ رات کا دلفریب رقص اس کی آنکھوں کے آگے گھوم سا گیا۔ گرانڈ ہوٹل
میں ناچ ہمیشہ اچھا ہوتا ہے۔ اس کا اور سنیہہ کا جوڑا کتنا اچھا ہے۔ سارے ہال
کی نگاہیں ان پر جمی ہوئی تھیں۔

دونوں کانوں میں گول گول طلائی آویزے پہنے ہوئے تھی۔ جو اس کی لووں
کو چھپا رہے تھے۔ ہونٹوں پر جوانی کا تبسم اور میکس فیکٹر کی لالی کا معجزہ اور سینے
کے سمن زاروں پر موتیوں کی مالا چمکتی، دمکتی، مچلتی ناگن کی طرح سو بل کھاتی ہوئی۔

رمبا ناچ کوئی سینہہ سے سیکھے، اس کے جسم کی روانی اور ریشمی بنارسی ساڑی کا پُرشور بہاؤ جیسے سمندر کی لہریں چاندنی رات میں ساحل سے اٹھکھیلیاں کر رہی ہوں۔ لہر آگے آتی ہے۔ ساحل کو چھو کر واپس چلی جاتی ہے۔ مدھم سی سرسراہٹ پیدا ہوتی ہے۔ اور چلی جاتی ہے۔ شور مدھم ہو جاتا ہے۔ شور قریب آجاتا ہے۔ آہستہ آہستہ لہر چاندنی میں نہائے ہوئے ساحل کو چوم رہی ہے۔

سینہہ کے لب نیم وا تھے۔ جن میں دانتوں کی لڑی سپید موتیوں کی مالا کی طرح لرزتی نظر آتی تھی ...... یکایک وہاں کی بجلی بجھ گئی۔ اور وہ سینہہ سے ہونٹ سے ہونٹ ملائے۔ جسم سے جسم لگائے آنکھیں بند گئے رقص کے تال پر ناچتے رہے۔ ان سروں کی مدھم سی روانی، وہ رسیلا میٹھا نمون رواں دواں۔ رواں دواں موت کی سی پاکیزگی۔ نیند اور خمار اور نشہ جیسے جسم نہ ہو۔ جیسے زندگی نہ ہو۔ جیسے تو نہ ہو۔ جیسے میں نہ ہو۔ صرف ایک بوسہ ہو۔ صرف ایک گیت ہو۔ اک لہر ہو۔ رواں دواں، رواں دواں .... اس نے سیب کے قتلے کیے اور کانٹے سے اٹھا کر کھانے لگا۔ پیالی میں چائے انڈیلتے ہوئے اس نے سوچا سینہہ کا جسم کتنا خوب صورت ہے۔ اس کی روح کتنی حسین ہے۔ اس کا دماغ کس قدر کھو کھلا ہے۔ اسے پُرمغز عورتیں بالکل پسند نہ تھیں۔

جب دیکھو اشتراکیت، سامراجیت اور مارکسیت پر بحث کر رہی ہیں۔ آزادی، تعلیم نسواں، نوکری، یہ نئی عورت، عورت نہیں فلسفے کی کتاب ہے۔ بھئی ایسی عورت سے ملنے یا شادی کرنے کی بجائے تو یہی بہتر ہے کہ آدمی ارسطو پڑھا کرے۔ اس نے بیقرار ہو کر ایک بار پھر گھڑی پر نگاہ ڈالی۔ سینہہ ابھی تک

نہ آئی تھی۔ چرچل اور اسٹالن اور روز ویلٹ طہران میں دنیا کا نقشہ بدل رہے تھے۔
اور بنگال میں لاکھوں آدمی بھوک سے مر رہے تھے۔ دنیا کو اطلانتک چارٹر دیا جا رہا
تھا۔ اور بنگال میں چاول کا ایک دانہ بھی نہ تھا۔ اسے ہندوستان کی غربت پر اتنا
ترس آیا کہ اس کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ ہم غریب ہیں بے بس ہیں نادار ہیں مجبور
ہیں۔ ہمارے گھر کا وہی حال ہے جو تمبر کے گھر کا حال تھا جس کا ذکر انہوں نے
چوتھی جماعت میں پڑھا تھا۔ اور جو ہر وقت فریاد کرتا رہتا تھا۔ جس کی دیواریں
سیلی سیلی اور گری ہوئی تھیں۔ اور جس کی چھت ہمیشہ ٹپک ٹپک کر روتی رہتی تھی۔
اس نے سوچا ہندوستان بھی ہمیشہ روتا رہتا ہے۔ کبھی روٹی نہیں ملتی، کبھی
کپڑا نہیں ملتا۔ کبھی بارش نہیں ہوتی۔ کبھی وبا پھیل جاتی ہے۔ اب بنگال کے
بیٹوں کو دیکھو، ہڈیوں کے ڈھانچے آنکھوں میں ابدی افسردگی، لبوں پر بھکاری
کی صدا، روٹی، چاول کا ایک دانہ یکا یک چائے کا گھونٹ اسے اپنے حلق میں
تلخ محسوس ہوا۔ اور اس نے سوچا کہ وہ ضرور اپنے ہم وطنوں کی مدد کریگا۔ وہ چندہ
اکٹھا کریگا۔ سارے ہندوستان کا دورہ کریگا۔ اور چیخ چیخ کر اس کے ضمیر
کو بیدار کریگا۔ دورہ، جلسے، والنٹیر، چندہ، اناج اور زندگی کی ایک لہر
ملک میں اس سرے سے دوسرے سرے تک پھیل جائے گی۔ برقی رو کی طرح۔ یکایک
اس نے اپنا نام جلی سرخیوں میں دیکھا۔ ملک کا ہر اخبار اس کی خدمات کو سراہ رہا
تھا۔ اور خود، اس اخبار میں جسے وہ اب پڑھ رہا تھا۔ اسے اپنی تصویر جھانکتی
نظر آئی کھدر کا لباس اور جواہر لال جیکٹ اور ہاں ویسی ہی خوب صورت مسکراہٹ۔
ہاں بس یہ ٹھیک ہے۔ اس نے بیرے کو آواز دی اسے ایک اور آملیٹ لانے کو کہا۔

آج سے وہ اپنی زندگی بدل ڈالے گا۔ اپنی حیات کا ہر لمحہ ان بھوکے ننگے، پیاسے، مرتے ہوئے ہم وطنوں کی خدمت میں صرف کردیگا۔ وہ اپنی جان بھی ان کے لئے قربان کردیگا۔ یکایک اس نے اپنے آپ کو پھانسی کی کوٹھری میں سامنے دیکھا۔ وہ پھانسی کے تختے کی طرف لے جایا جارہا تھا۔ اس کے گلے میں پھانسی کا پھندا تھا۔ جلاد نے چہرے پر غلاف اڑھا دیا۔ اور اس نے اس کھردرے موٹے غلاف کے اندر سے چلا کر کہا۔

"میں مر رہا ہوں۔ اپنے بھوکے پیاسے ننگے وطن کے لئے یہ سوچکر اس کی آنکھوں میں آنسو پھر بھر آئے اور دو ایک گرم گرم نمکین بوندیں چائے کی پیالی میں بھی گر پڑیں۔ اور اس نے رومال سے اپنے آنسو پونچھ ڈالے۔ یکایک ایک کار پورچ میں رکی اور موٹر کا پٹ کھول کر سبنہہ مسکراتی ہوئی سیڑھیوں پر چڑھتی ہوئی دروازہ کھول کر اندر آتی ہوئی اسے ہیلو کہتی ہوئی۔ اس کے گلے میں باہیں ڈال کر اس کے رخسار کو پھول کی طرح اپنے عطر بیز ہونٹوں سے چومتی ہوئی نظر آئی۔ بجلی، گرمی، روشنی، مسرت سب کچھ ایک تبسم میں تھا۔ اور پھر زہر، سبنہہ کی آنکھوں میں زہر تھا۔ اس کی زلفوں میں زہر تھا۔ اس کی مدھم ہلکی سانس کی ہر جنبش میں زہر تھا۔ وہ اجنتا کی تصویر تھی۔ جس کے خدو خال تصور نے زہر سے ابھارے تھے۔

اس نے پوچھا۔ "ناشتہ کرو گی۔؟"

"نہیں میں ناشتہ کر کے آئی ہوں۔" پھر سبنہہ نے اس کی پلکوں میں آنسو چھلکتے دیکھے بولی۔

"تم آج اُداس کیوں ہو۔؟"
وہ بولا۔ "کچھ نہیں۔ یونہی۔ بنگال کے فاقہ کشوں کا حال پڑھ رہا تھا۔
سینہہ۔ ہمیں بنگال کے لئے کچھ کرنا چاہیے۔"

"DOOR DARLINGS" سینہہ نے آہ بھر کر اور جیبی آئینے کی مدد سے
اپنے ہونٹوں کی سرخی ٹھیک کرتے ہوئے کہا: "ہم لوگ ان کے لئے کیا کر سکتے ہیں۔
ماسوا اس کے کہ ان کی روحوں کے لئے پرماتما سے شانتی مانگیں۔"
"کانونٹ کی تعلیم ہے نا آخر۔؟" اس نے اپنے خوب صورت سپید
دانتوں کی نمائش کرتے ہوئے کہا۔
وہ سوچکر بولا۔
"ہمیں ایک ـــــــ ریزولیوشن بھی پاس کرنا چاہیئے۔"
"وہ کیا ہوتا ہے۔؟"
سینہہ نے نہایت معصومانہ انداز میں پوچھا اور اپنی ساڑھی کا پلو
درست کرنے لگی۔

"اب یہ تو مجھے ٹھیک طرح سے معلوم نہیں۔" وہ بولا۔" اتنا ضرور
جانتا ہوں کہ جب کبھی ملک پر کوئی آفت آتی ہے۔ ریزولیوشن ضرور پاس کیا
جاتا ہے۔ سنا ہے ریزولیوشن پاس کر دینے سے سب کام خود بخود ٹھیک ہو
جاتا ہے۔...... میرا خیال ہے۔ میں ابھی ٹیلی فون کر کے شہر کے کسی رہنما سے
دباغ فن کے بارے میں پوچھتا ہوں۔"

"رہنے بھی دو ڈارلنگ۔!" سینہہ نے مسکرا کر کہا۔
"دیکھو، جوڑے میں پھول ٹھیک سجا ہے۔؟"
اس نے نیلراج کی نازک ڈنڈی کو جوڑے کے اندر تھوڑا سا دبا دیا۔
"بے حد پیارا پھول ہے، نیلا جیسے کرشن کا جسم، جیسے ناگ کا پھن۔ جیسے زہر کا رنگ۔!"
پھر سوچ کر بولا۔
"تہمیں کچھ بھی ہو۔ ریزولیوشن ضرور پاس ہونا چاہیئے۔ میں ابھی ٹیلی فون کرتا ہوں۔"
سینہہ نے اسے اپنے ہاتھ کی ایک ہلکی سی جنبش سے روک لیا۔ گداز انگلیوں کا لمس ایک ریشمی رو کی طرح اس کے جسم کی رگوں اور عروق میں پھیلتا گیا۔ رواں دواں۔ رواں دواں۔۔۔۔۔ اس لہر نے اسے بالکل بے بس کر دیا۔ اور وہ ساحل کی طرح بے حس و حرکت ہو گیا۔
"آخری رمبا کتنا اچھا تھا۔!" سینہہ نے اسے یاد دلاتے ہوئے کہا۔
اور اس کے ذہن میں پھر جیسے نیٹیاں سی رینگنے لگیں۔ بنگالی فاقہ مستوں کی قطار میں اندر گھسی چلی آرہی تھیں۔ وہ انہیں باہر نکالنے کی کوشش میں کامیاب ہوا۔ بولا۔
"میں کہتا ہوں سینہہ، ریزولیوشن پاس کرنے کے بعد ہمیں کیا کرنا چاہیئے۔ میرے خیال میں اس کے بعد ہمیں قحط زدہ علاقے کا دورہ کرنا چاہیئے کیوں۔؟"
"بہت دماغی محنت سے کام لے رہے ہو اس وقت۔" سینہہ نے قدرے

تشویشناک لہجہ میں کہا۔

"بیمار ہو جاؤ گے۔ !جانے دو۔ وہ بے چارے تو مر رہے ہیں۔انہیں آرام سے مرنے دو۔تم کیوں مفت میں پریشان ہوتے ہو۔ ؟"

"قحط زدہ علاقے کا دورہ کروں گا۔ یہ ٹھیک ہے۔سینہہ، تم بھی ساتھ چلوگی نا۔ ؟"

"کہاں۔ ؟"

"بنگال کے دیہات میں۔"

"ضرور ———— مگر وہاں کس ہوٹل میں ٹھہریں گے۔ ؟"

ہوٹل کا ذکر سنکر اس نے اپنی تجویز کو دہیں اپنے ذہن میں قتل کر ڈالا اور قبر کھود کر وہیں اندر دفنا دیا۔ خدا جانے اس کا ذہن اس قسم کی کتنی ناپختہ تمناؤں اور آرزوؤں کا قبرستان بن چکا ہے۔

وہ بچے کی طرح روٹھا ہوا تھا۔ اپنی زندگی سے بیزار سا۔

سینہہ نے کہا۔"میں تمہیں بتاؤں۔ ایک شاندار ناچ پارٹی ہو جائے۔ گرانڈ میں۔ دو روپیہ فی ٹکٹ اور شراب کے پیسے الگ رہے اور جو رقم اس طرح اکٹھی ہو جائے وہ بنگال ریلیف فنڈ میں۔ . . . . . . ؛"

"ارے ررر رے . . . ." اس نے کرسی سے اچھل کر سینہہ کو اپنے گلے لگایا۔ اے جانِ تمنا، تمہاری روح کتنی حسین ہے۔"

"جب ہی تم نے کل رات آخری رمبا کے بعد مجھ سے شادی کی درخواست کی تھی۔" سینہہ نے ہنس کر کہا۔

"اور تم نے کیا جواب دیا تھا۔؟" اس نے پوچھا۔
"میں نے انکار کر دیا تھا۔" سیتہہ نے شرماتے ہوئے کہا۔
"بہت اچھا کیا۔" وہ بولا۔"میں اس وقت شراب کے نشے میں تھا۔"

٭ ٭ ٭

کار، جیوتی رام، میونی رام، پیونی رام بھوندو مل تمباکو فروش کی دوکان پر رکی، سامنے گرانڈ ہوٹل کی عمارت تھی۔ کسی مغلئی مقبرے کی طرح وسیع اور پرشکوہ!

اس نے کہا: "تمہارے لئے کون سے سگریٹ لے لوں۔!"
"روز۔ مجھے اس کی خوشبو پسند ہے۔" سیتہہ نے کہا۔
"امی دو دن کھیتے پائی نی کی بھو کھیتے داؤ۔"

ایک بنگالی لڑکا دھوتی پہنے ہوئے بھیک مانگ رہا تھا۔ اس کے ساتھ ایک چھوٹی سی لڑکی تھی۔ میلی کچیلی، ناک بہتی ہوئی آنکھیں غلیظ اور ادھ ننگی سیتہہ نے کراہت سے منھ پھیر لیا۔
"میم صائب ایکٹا پوئے شا داؤ۔" لڑکا گڑگڑا رہا تھا۔
"تو میں روز ہی سے آتا ہوں۔" یہ کہہ کر وہ جیوتی رام۔ میونی رام۔ پیونی رام، بھوندو مل تمباکو فروش کی دوکان کے اندر غائب ہو گیا۔
سیتہہ کار میں بیٹھی۔ لیکن بنگال کی بھوکی مکھیاں اس کے دماغ میں بھن بھناتی رہیں۔ میم صاحب...... میم صاحب...... میم صاحب۔

میم صاحب نے دو ایک بار انہیں جھڑک دیا۔ لیکن بھوک جھڑکنے سے کہاں دور ہوتی ہے۔ وہ اور بھی قریب آجاتی ہے۔ لڑکی نے ڈرتے ڈرتے اپنے ننھے ننھے ہاتھ سیتیہہ کی ساڑی سے لگا دیئے۔ اور اس کا پلّو پکڑ کر لجاجت سے کہنے لگی۔

"میم صاحب...... میم صاحب..... میم صاحب بورڈ کھیدے پیچھ۔ کی چھودا۔"

سیتیہہ اب بالکل زچ ہو گئی تھی۔ اس نے جلدی سے پلو چھڑا لیا۔ اتنے میں وہ آگیا۔ سیتیہہ بولی۔

"یہ گداگر کیوں اس قدر پریشان کرتے ہیں۔ کارپوریشن کوئی انتظام نہیں کر سکتی ہے کیا۔؟..... جب سے تم دوکان کے اندر داخل ہوئے ہو..... یہ........"

اس نے گداگر لڑکے کو زور سے چپت لگایا اور کار گھمرا کر گرانڈ ہوٹل کے پورچ میں لے آیا۔

بنگالی لڑکی جو ایک جھٹکے کے ساتھ دور جا پڑی تھی۔ وہیں فرش خاک پہ کراہنے لگی۔ لڑکے نے اپنی چھوٹی بہن کو اٹھانے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔

"تمار کو بتھا ڈلاگے نے تو۔"

لڑکی سسکنے لگی......

∴ ∴ ∴

ناچ عروج پر تھا۔
سینہ اور وہ ایک میز کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے۔
سینہ نے پوچھا۔ "کتنے روپے اکٹھے ہوئے۔؟"
"ساڑھے چھ ہزار۔"
"ابھی تو ناچ عروج پر ہے۔ صبح چار بجے تک......"
"نو ہزار روپیہ ہو جائے گا۔" وہ بولا۔
"آج تم نے بہت کام کیا ہے۔!" سینہ نے اس کی انگلیوں کو چھو کر کہا
"کیا ہو گی۔؟"
"تم کیا ہو گے۔؟"
"جن اور سوڈا۔"
سینہ بولی۔ "بیرا۔ صاحب کے لئے ایک لارج جن لاؤ اور سوڈا۔"
"ناچتے ناچتے اور پیتے پیتے پریشان ہو گئی ہوں۔"
"اپنے وطن کی خاطر سب کچھ کرنا پڑتا ہے ڈارلنگ۔" اس نے سینہ کو تسلی دیتے ہوئے کہا۔
"اوہ مجھے امپریلزم سے کس قدر نفرت ہے۔" سینہ نے پرخلوص لہجہ میں کہا۔
"بیرا، میرے لئے ایک ورجن لاؤ۔"

بیرے نے "درجن" کا جام لاکر سامنے رکھ دیا۔ جن کی سپیدی میں درمونتھ کی لالی اس طرح نظر آتی تھی۔ جیسے سینیہ کے عنبریں چہرے پہ اس کے لب لعلیں۔ سینیہ نے جام ہلایا اور کاک ٹیل کا رنگ شفقی ہوگیا۔ سینیہ نے جام اٹھایا اور بجلی کی روشنی نے اس کے جام میں گھل کر یاقوت کی سی چمک پیدا کر دی۔ یاقوت سینیہ کی انگلیوں میں تھرا رہا تھا۔ یاقوت جو خون کی طرح سرخ تھا۔

* * *

ناچ عروج پر تھا اور وہ اور سینیہ ناچ رہے تھے۔ ایک گت، ایک تال، ایک لے، سمندر دور...... بہت دور..... کہیں نیچے چلا گیا تھا۔ اور زمین گم ہوگئی تھی۔ اور وہ ہواؤں میں اڑ رہے تھے۔ اور سینیہ کا چہرہ اس کے کندھے پر تھا اور سینیہ کے بالوں میں بسی ہوئی خوشبو اسے بلا رہی تھی۔ بال بنانے کا انداز کوئی سینیہ سے سیکھے۔ یہ عام ہندوستانی لڑکیاں تو بیچ میں سے یا ایک طرف مانگ نکال لیتی اور تیل چپڑ کر بالوں میں کنگھی کر لیتی ہیں۔ بہت ہوا تو دو چوٹیاں کر ڈالیں۔ اور اپنی دانست میں فیشن کی شہزادی بن بیٹھیں مگر یہ سینیہ ہی جانتی ہے کہ بالوں کی ایک الگ ہستی ہوتی ہے۔ ان کا اپنا حسن ہوتا ہے۔ ان کی مشاطگی عورت کی نسائیت کی معراج ہے۔ جیسے کوئی مصور سادہ تختے پر حسن کے نازک خطوط کھینچتا ہے۔ اسی طرح سینیہ کبھی اپنے بال سنوارتی تھی۔ کبھی اس کے بال کنول کے پھول بن جاتے کبھی کانوں

پر ناگن کے پھن ۔ وہ کبھی چاند کا ہالہ ہو جاتے کبھی ان بالوں میں ہمالیہ کی وادیوں کے سے نشیب و فراز پیدا ہو جاتے ۔ سینبہہ اپنے بالوں کی آرائش میں ایسے جمالیاتی ذوق اور جودتِ طبع کا ثبوت دیتی تھی کہ معلوم ہوتا تھا سینبہہ کی عقل اس کے دماغ میں نہیں ، اس کے بالوں میں ہے ۔۔۔۔۔!

※ ※ ※

ناچ عروج پر تھا اور یہ بال اس کے رخساروں سے مس ہو رہے تھے ۔ اس کے رگ و پے میں رقص کی روانی تھی ۔ اور اس کے نتھنوں میں اس خوشبو کا نعطر اس کا جسم اور سینبہہ کا جسم پگھل کر ایک ہو گئے تھے ۔ اور ایک شعلے کی طرح ساز کی دھن پر لہرا رہے تھے ۔ ایک شعلہ ، ایک پھن ، ایک زہر ۔۔۔۔۔ ایک لہر ۔۔۔۔۔۔۔ لہریں ۔۔۔۔ لہریں ، ہلکی ہلکی ، گرم مدور سی لہریں ساحل کو چومتی ہوئی ۔ لوریاں دیتی تھپک تھپک کر سلاتی ہوئی سو جاؤ ، موت میں زندگی ہے ۔ حرکت نہ کرو ۔ سکون میں زندگی ہے ۔ آزادی نہ طلب کرو ۔ غلامی ہی زندگی ہے ۔ چاروں طرف ہال میں ایک میٹھا سا زہر بسا ہوا تھا ۔ شراب میں ۔۔۔۔۔۔ عورت میں ۔۔۔۔۔ ناچ میں ۔۔۔۔۔ سینبہہ کے نیلے سائے میں ۔ اس کے پُراسرار تبسم میں ، اس کے نیم وا لبوں کے اندر کانپتی ہوئی موتیوں کی لڑی میں ، زہر ۔۔۔۔۔۔ زہر اور نیند اور سینبہہ کے آہستہ سے کھلتے ہوئے ، بند ہوتے ہوئے لب ، اور نغمے کا زہر ، سو جاؤ ۔۔۔۔۔۔ سو جاؤ ۔۔۔۔ سو جاؤ ۔ ۔۔۔۔۔ یکایک ہال میں بجلی بجھ گئی ۔ اور وہ سینبہہ کے ہونٹوں سے ہونٹ

ملائے۔ اس کے جسم سے جسم لگائے۔ مدھم مدھم دھیمے دھیمے ہولے ناچ کے جھولے میں گھرے، گداز، گرم آغوش میں کھو گیا۔ بہہ گیا۔ سو گیا، مر گیا۔

•

(۳)

وہ آدمی جو ابھی زندہ ہے

•

...... میں مر چکا ہوں۔؟ میں زندہ ہوں۔؟ ...... میری ٹھٹی ٹھٹی بے نور بے بصر آنکھیں آسمان کی پہنائیوں میں کسے ڈھونڈ رہی ہیں۔؟ آؤ پل بھر کے لئے اس قونصل خانے کی سیڑھیوں پر بیٹھ جاؤ اور میری داستان سنتے جاؤ۔ جب تک پولیس، سیوا سمتی، یا انجمن خدام المسلمین میری لاش کو یہاں سے اٹھا نہ لے جائیں۔ تم میری داستان سن لو۔ نفرت سے منھ پھیر دو۔ میں کبھی تمہاری طرح گوشت پوست کا بنا ہوا انسان ہوں۔ یہ سچ ہے کہ اب میرے جسم پر گوشت کم اور پوست زیادہ نظر آتا ہے۔ اور اس میں کبھی سڑاند پیدا ہو رہی ہے اور ناک سے پانی کے بلبلے سے اٹھ رہے ہیں۔ لیکن یہ تو سائنس کا ایک معمولی سا عملیہ ہے۔ تمہارے جسم اور میرے جسم میں صرف اتنا فرق ہے کہ میرے دل کی حرکت

بند ہوگئی ہے۔ دماغ نے کام کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ اور پیٹ ابھی تک بھوکا ہے۔ یعنی اب بھی اس قدر بھوکا ہے کہ میں سوچتا ہوں۔ اگر تم چاول کا ایک ہی دانا میرے پیٹ میں پہنچا دو تو وہ پھر سے کام شروع کر دیگا۔ آزما کر دیکھ لو۔ کدھر چلے۔ ٹھہرو، ٹھہرو، ٹھہرو نہ جاؤ۔ میں تو یونہی مذاق کر رہا تھا۔ تم گھبرا گئے کہ کلکتے کے مردے بھی بھیک مانگتے ہیں۔ ؟ خدا کے لئے نہ جاؤ۔ میری داستان سن لو۔ ہاں ہاں اس چاول کے دانے کو اپنی مٹھی میں سنبھال کر رکھو۔ میں اب تم سے بھیک نہیں طلب کروں گا۔ کیونکہ میرا جسم اب گل چکا ہے۔ اسے چاول کے دانےکی ضرورت نہیں رہی۔ اب یہ خود ایک دن چاول کا دانہ بن جائیگا۔ نرم نرم گداز مٹی میں جس کے ہر مسام میں ندی کا پانی رچا ہوگا۔ یہ جسم گھل جائے گا۔ اپنے اندر دھان کی ہنیری اگتے ہوئے دیکھے گا۔ اور پھر یہ ایک دن پانی کی پتلی تہہ سے اوپر نکال کر اپنے سبز سبز خوشوں کو ہوا میں لہرائیگا۔ مسکرائے گا۔ ہنسے گا۔ کھلکھلائے گا۔ کرنوں سے کھیلے گا۔ چاندنی میں نہائے گا۔ پرندوں کے چہچہوں اور خنک ہوا کے جھونکوں کے شہد آگیں بوسوں سے اسکی حیات کے بند بند میں ایک نئی رعنائی ایک نیا حسن، ایک نیا نغمہ پیدا ہوگا۔ چاول کا ایک دانہ ہوگا۔ صدف کے موتی کی طرح اجلا، معصوم اور خوبصورت......آج میں تم سے ایک راز کی بات کہتا ہوں۔ دنیا کا سب سے بڑا راز، وہ راز جو تمہیں ایک مردہ ہی بتا سکتا ہے اور وہ یہ ہے کہ خدا سے دعا کرو۔ وہ تمہیں انسان نہ بنائے۔ چاول کا ایک دانہ بنا دے۔ گو زندگی انسان میں بھی ہے اور چاول کے دانے میں بھی۔ لیکن جو زندگی چاول کے دانے میں ہے۔ وہ انسان کی زندگی سے کہیں بہتر ہے۔ خوبصورت ہے۔

پاک ہے اور انسان کے پاس بھی اس زندگی کے سوا اور ہے کیا۔
انسان کی جایداد اس کا جسم، اس کا باغ اس کا گھر نہیں بلکہ یہی اس کی زندگی ہے۔ اس کا اپنا آپ، وہ ان سب چیزوں کو اپنے لئے استعمال کرتا ہے اپنے جسم کو، اپنی زمین کو، اپنے گھر کو اس کے دل میں چند تصویریں پیدا ہوتی ہیں۔ چند خیال آگ کے چند انگارے ایک مسکراہٹ وہ ان ہی پر جیتا ہے۔ اور جب مر جاتا ہے تو صرف انہیں اپنے ساتھ لے جاتا ہے۔
چاول کے دانے کی زندگی تم دیکھ چکے۔ اب آؤ، میں تمہیں اپنی زندگی دکھاؤں نفرت سے منھ نہ پھیر لو۔ کیا ہوا۔؟ اگر میرا جسم مردہ ہے۔ میری روح تو زندہ ہے۔ میری روح تو بیدار ہے اور بیشتر اس کے کہ وہ بھی سو جائے، وہ تمہیں ان چند دنوں کی کہانی سنانا چاہتی ہے۔ جب روح اور جسم ایک ساتھ چلتے پھرتے ناچتے گاتے ہنستے بولتے تھے۔ روح اور جسم، دونوں مزا ہے۔ دونوں حرکت ہے۔ دونوں زندگی ہے۔ دونوں تخلیق ہے۔ جب دھرتی اور پانی ملتے ہیں تو چاول کا دانہ پیدا ہوتا ہے۔
جب عورت اور مرد ملتے ہیں تو ایک خوبصورت ہنستا ہوا بچہ ظہور میں آتا ہے۔ جب روح اور جسم ملتے ہیں تو زندگی پیدا ہوتی ہے۔ آؤ تمہیں اپنے دو کی داستان جب جسم الگ ہو جاتا ہے تو اس میں سڑاند پیدا ہوتی ہے اور جب روح الگ ہوتی ہے تو اس میں سے دھواں اٹھتا ہے۔ اگر غور سے دیکھو گے تو تمہیں اس دھوئیں میں میرے ماضی کی نتھا ویر لرزتی، دمکتی، گم ہوتی ہوئی نظر آئیں گی ...... یہ تجلی کیا تھی۔ ...... یہ میری بیوی کی مسکراہٹ تھی ...... یہ میری بیوی ہے ...... شرماؤ نہیں سامنے آجاؤ، اے جان تمنا۔؟ ...... اسے دیکھا آپ نے۔؟ یہ سانولی سلونی مورت

یہ گھنے بال کمر تک لہراتے ہوئے۔ یہ شرمیلا تبسم۔ یہ جھکی جھکی حیران حیران آنکھیں۔ یہ
آج سے تین سال پہلے کی لڑکی ہے۔ جب میں نے اسے اناپارا کے ساحلی گاؤں میں
سمندر کے کنارے دوپہر کی سوئی ہوئی فضا میں دیکھا تھا...... میں ان دنوں اجات
قصبے میں زمیندار کی لڑکی کو ستار سکھاتا تھا۔ اور یہاں اناپارا میں دو دن کی چھٹی لیکر
اپنی بڑی موسی سے ملنے کے لئے آیا تھا۔ یہ خاموش گاؤں سمندر کے کنارے بانس کے
کے جھنڈ اور ناریل کے درختوں سے گھرا ہوا اپنی اداسی میں گم تھا۔ نہ جانے ہمارے
بنگالی گاؤں میں اتنی اداسی کہاں سے آجاتی ہے۔ بانس کے چھپروں کے اندر اندھیرا
ہے سیلن ہے۔ بانس کی ہانڈیوں میں چاول دبے پڑے ہیں۔ مچھلی کی بو ہے۔ تالاب کا
پانی کائی سے سبز ہے۔ دھان کے کھیتوں میں پانی ٹھہرا ہوا ہے۔ ناریل کا درخت
ایک نکیلی برچھی کی طرح آسمان کے سینے میں گہرا گھاؤ ڈالے کھڑا ہے۔ ہر جگہ، ہر وقت
درد کا احساس ہے۔ ٹھہراؤ کا احساس ہے۔ حزن کا احساس ہے۔ سکون، جمود اور
موت کا احساس ہے۔ یہ اداسی جو تم ہماری محبت، ہماری سماج ہمارے ادب اور
نغمے میں دیکھتے ہو۔ یہ اداسی ہمارے گاؤں سے شروع ہوتی ہے اور پھر ساری دھرتی
پر پھیل جاتی ہے۔ جب میں نے اسے پہلے پہل دیکھا تو یہ مجھے ایک جل پری کی طرح حسین
نظر آئی۔ یہ اس وقت پانی میں تیر رہی تھی۔ اور میں ساحل کی ریت پر ٹہل رہا تھا۔
اور ایک نئی دھن میں سوچ رہا تھا۔ یکایک میرے کانوں میں ایک شیریں نسوانی آواز
سنائی دی۔

"پرے ہٹ جاؤ، میں کنارے پہ آنا چاہتی ہوں۔"

میں نے دیکھا آواز سمندر میں سے آرہی تھی۔ لانبے ریشمیں گھنے بال اور

جل پری کا چہرہ۔ ہنستا ہوا مسکراتا ہوا اور دور پرے افق پر ایک کشتی جس کا مٹیالا
بادبان دھوپ میں سونے کے ترپے کی طرح چمکتا نظر آرہا تھا۔

میں نے کہا۔ "کیا تم سات سمندر پار سے آئی ہو۔؟"

وہ ہنس کر بولی۔

"نہیں میں تو اسی گاؤں میں رہتی ہوں۔ وہ کشتی میرے باپ کی ہے۔ وہ
مچھلیاں پکڑ رہا ہے۔ میں اس کے لئے کھانا لائی ہوں...... ذرا دیکھ کر چلو۔ تمہارے
قریب ناریل کے تنے کے پاس کھانا رکھا ہے۔ اور وہاں میری ساڑھی بھی ہے۔"

یہ کہہ کر اس نے پانی میں ایک ڈبکی لگائی اور پھر لہروں میں چھوٹتے ہوئے
بلبلوں کی افشاں سی بناتی ہوئی کنارے کے قریب آگئی۔ بولی۔

"پرے ہٹ جاؤ اور وہ دھوتی مجھے دیدو۔"

میں نے کہا۔

"ایک شرط پر۔"

"کیا ہے۔؟"

"میں بھی مچھلی بھات کھاؤں گا۔ بہت بھوک لگی ہے۔"

وہ ہنسی اور پھر سن سے ایک تیر کی طرح پانی کے سینے کو چیرتی ہوئی دور
چلی گئی۔ جہاں اس کے چاروں طرف سورج کی کرنوں نے پانی میں طلائی جال بن رکھا
تھا۔ اور اس کا نازک چھریرا سُبک اندام جسم اک ننھی کشتی کی طرح ان پانیوں میں
گھومتا نظر آیا۔ پھر وہ گھومی اور سیدھی کنارے کو ہولی۔ لیکن اب ہولے ہولے آرہی
تھی۔ آہستہ آہستہ، ڈگمگ ڈگمگ........

میں نے پوچھا۔

"کیا ہوا ہے تمہیں۔ !"

بولی۔ " آجکل بھات بہت مہنگا ہے۔ دو پے کا دو سیر ہے۔ میں تمہیں بھات نہیں کھلا سکتی۔"

"پھر، میں کیا کروں۔ مجھے تو بھوک۔۔۔۔۔"

"سمندر کا پانی پیو۔" اس نے شوخی سے کہا۔ اور پھر ایک ڈبکی لگائی۔

٭ ٭ ٭

جب وہ میری بیوی بن کر میرے گھر آئی تو بھات دو پے کا دو سیر تھا۔ اور میری تنخواہ پچاس روپے ماہانہ تھی۔ بیاہ سے پہلے مجھے خود صبح اٹھ کر بھات پکانا پڑتا تھا۔ کیونکہ زمیندار کی بیٹی اسکول جاتی تھی۔ اور مجھے علی الصبح اسے ستار سکھانے کے لئے جانا پڑتا تھا۔ شام کو بھی اسے دو گھنٹے تک ریاض کراتا تھا۔ دن میں بھی زمیندار بلا لیتا تھا۔

"ستار ماسٹر جی۔ جی بہت اداس ہے۔ !"

پھر یہ ننھی سی بچی ہمارے ہاں آگئی ۔۔۔۔۔۔۔ ادھر آؤ بٹیا۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں مسکرا دو۔ ہنس پڑو۔۔ ان سے کہہ دیں بالکل معصوم ہوں انجان ہوں میری عمر دو سال کی بھی نہیں اور مجھے جھنجھنا بجانے، گڑیا سے کھیلنے اور ماں کی چھاتی سے لگ کر دودھ پینے اور دودھ پیتے پیتے اس کے سینے سے اپنے ننھے منے ہاتھ چمٹائے اس گداز آغوش میں سو جانے کا بہت شوق ہے۔ میں اتنی پاکیزہ ہوں کہ خود بول بھی نہیں سکتی۔ بات بھی نہیں کرتی، صرف مڑ مڑ تکتی ہوں۔ اس آسمان کی طرف

جس کے مالک نے مجھے اس زمین پر بھیجا ہے۔ کہ میں اپنے باپ کے دل میں انسانی مسرت کی کرن بنکر رہوں اور بانس کی میلی سیلی چھپریا میں خوشی کا گیت بن کر گھر کے آنگن کو اپنی ہنسی کے راگ سے بھر دوں۔۔۔۔۔۔ مسکرا دو بٹیا۔!

ہاں تو جب یہ ننھی سی بچی پیدا ہوئی۔ اس وقت بھات روپے کا ایک سیر تھا۔ لیکن ہم لوگ اس پر بھی خدا کا شکر بجالاتے تھے۔ جس نے چاول کے دانے بنائے اور زمیندار کے پاؤں چومتے تھے، جس نے ہمیں چاول کے دانے کھلائے اور سچ بات تو یہ ہے کہ بنانے اور کھانے کے بیچ میں چیز حائل ہے۔ وہ بجائے خود ایک پوری تاریخ ہے۔ انسانی زندگی کے ہزاروں سال کی داستان ہے۔ اس کی تہذیب و تمدن، مذہب اوہام فلسفہ اور ادب کی تفسیر ہے۔ بنانا اور کھانا بہت سہل الفاظ ہیں۔ لیکن ذرا اس گہری خلیج کو بھی دیکھئے۔ جو ان دو لفظوں کے درمیان حائل ہے۔

٭ ٭ ٭

بھات روپے کا ایک سیر تھا۔
پھر بھات روپے کا تین پاؤ ہوا۔
پھر بھات روپے کا آدھ سیر ہوا۔
پھر بھات روپے کا ایک پاؤ ہوا۔
اور ــــ پھر بھات معدوم ہوگیا۔

پھر درختوں پر سے آم۔ جامن، کٹہل۔ شریفے۔ کیلے ختم ہو گئے۔ تاڑی ختم۔ ساگ سبزی ختم۔ مچھلی ختم۔ ناریل ختم۔ کہتے ہیں۔ زمیندار کے پاس منوں

اناج تھا۔ اور بنئے کے پاس بھی۔ لیکن کہاں تھا۔ کس جگہ تھا۔ کسی کو معلوم نہ تھا۔ اناج حاصل کرنے کی سب تدبیریں رائیگاں گئیں۔ گڑگڑانا۔ منتیں کرنا۔ خدا سے دعا مانگنا۔ خدا کو دھمکی دینا۔ سب کچھ ختم ہوگیا۔ صرف اللہ کا نام باقی تھا یا زمیندار اور بنئے کا گھر۔

اناج کی گرانی دیکھ کر زمیندار نے میرا ستار سکھانا بند کر دیا۔ جب لوگ بھوکے مر رہے ہوں اس وقت نغمہ کی کسے سوجھتی ہے۔ پچاس روپے دے کر ستار کون سیکھتا ہے۔

بھوک، ناامیدی اور بلکتی ہوئی بچی۔!

میں نے اپنی بیوی سے کہا۔

"ہم کلکتہ چلیں گے۔ وہاں لاکھوں لوگ بستے ہیں۔ شاید وہاں کوئی کام چل جائے۔!"

"چلو کلکتہ چلو۔!"

"چلو کلکتہ چلو۔!" جیسے یہ صدا سارے گاؤں والوں نے سن لی۔ گاؤں کی سماجی زندگی اک بند کی طرح مضبوط ہوتی ہے۔ یکایک "چلو کلکتہ چلو" کی صدا نے اس بند کا ایک کنارہ توڑ دیا۔ اور سارا گاؤں اس سوراخ کے راستہ سے بہہ نکلا۔

"چلو کلکتہ چلو"...... ہر لب پہ یہی صدا تھی...... چلو کلکتہ چلو......!"

سیکڑوں، ہزاروں آدمی اس سڑک پر چل رہے تھے۔ یہ سڑک جو کلکتہ کے مضافات میں سے بنگال کے دور دور پھیلے ہوئے گاؤں میں سے گھومتی ہوئی آ رہی تھی۔ یہ سڑک جوان انسانوں کے لئے شہ رگ کی طرح تھی۔

چلو کلکتہ چلو...... چیونٹیاں رینگ رہی تھیں۔ خاک دھول میں اٹی ہوئی۔ لنگڑی ہوئی اور کلکتہ کی لاش کی طرف جا رہی تھیں۔ ہزاروں، لاکھوں کی

تعداد میں۔ اور اس قافلے کے اوپر گدھ گھوم رہے تھے۔ اور ساری فضا میں مردہ گوشت کی بو تھی۔ چیخیں تھیں۔ فضا میں، آہ و بکا اور آنسوؤں کی سیلن اور لاشیں جو سڑک پر طاعون زدہ چوہوں کی طرح بکھری پڑی تھیں۔ لاشیں جنہیں گدھوں نے کھا لیا تھا۔ اور اب ان کی ہڈیاں دھوپ میں چمکتی نظر آتی تھیں۔ لاشیں جنہیں گیدڑوں نے کھا لیا تھا۔ لاشیں جنہیں کتے ابھی تک کھا رہے تھے۔ لیکن چیونٹیاں آگے بڑھتی جا رہی تھیں۔ یہ چیونٹیاں بنگال کے ہر حصے سے بڑھتی چلی آ رہی تھیں۔ اور ان کے ذہن میں کلکتہ کی لاش تھی۔ کوئی کسی کا پرسانِ حال کیسے ہوتا۔ ان لاکھوں دیوں میں سے ہر شخص اپنے لئے لڑ رہا تھا۔ جی رہا تھا۔ مر رہا تھا۔ موت کا ایک وقت مقرر ہے۔ شاید ایسا ہی ہونا تھا۔ ان لوگوں کی موت اسی طرح لکھی تھی۔ ان ہزاروں لاکھوں چیونٹیوں کی موت، پیٹ میں بھوک کا دوزخ اور آنکھوں میں یاسیت کی ہیبت ناکی لئے۔ یہ انسانی چیونٹیاں اپنے بوجھل قدموں سے سڑک پر چل رہی تھیں۔ لڑ رہی تھیں۔ کراہ رہی تھیں۔ مر رہی تھیں۔ کاش ان انسانوں میں چیونٹیوں کا سا ہی نظم و نسق ہوتا تو بھی یہ صورتِ حال نہ ہوتی۔ چیونٹیاں اور چوہے بھی اس بری طرح نہیں مرتے۔

راستہ میں کہیں کہیں خیرات بھی مل جاتی تھی۔ ہندو ہندوؤں کو۔ اور مسلمان مسلمانوں کو خیرات دیتے تھے۔ لیکن خیرات سے کب کسی کا پیٹ بھرتا ہے۔ خیرات تو زندگی عطا نہیں کرتی۔ خیرات ہمیشہ دھوکا دیتی ہے۔ خیرات کرنے والے کو بھی اور خیرات لینے والے کو بھی۔ ہمیں بھی خیرات ملی اور ایک دن ایک سالم ناریل ہاتھ لگ گیا۔ بچی کب سے دودھ کے لئے چلا رہی تھی۔ اور ماں کی چھاتیاں اس دھرتی کی طرح تھیں

بس پر مدت سے پانی کی ایک بوند برسی ہو۔ اس کا پھول سا جسم جھلس گیا تھا۔ وہ بار بار بچی کو پچکارنے کے لئے اس کے ہاتھ میں جھنجھنا دے دیتی۔ بچی کو یہ جھنجھنا بہت پسند تھا۔ وہ اسے ہر وقت کلیجے سے لگائے رکھتی۔ اس وقت بھی وہ اس جھنجھنے کو زور سے اپنی مٹھی میں دبائے اپنی ماں کے شانے سے لگی بلک رہی تھی۔ اور روئے جاتی تھی۔ جیسے کوئی بے بس زخمی جانور برابر چیخے جاتا ہے۔ اور جب تک اسے موت نہیں آتی برابر اسی طرح، اسی انداز میں، اسی لئے بین بین کئے جاتا ہے۔...... لیکن اچھا ہوا عین اسی روز ہمیں ایک سالم ناریل مل گیا۔ ناریل کا دودھ ہم نے بچی کو پلایا اور ناریل ہم دونوں نے کھایا۔ ایسا معلوم ہوا جیسے سارا جہان جی اٹھا ہو۔

⁂ ⁂ ⁂

اب کسی کے پاس کچھ نہ تھا۔ سب تجارت ختم ہو چکی تھی ـــــ صرف گوشت پوست کی تجارت ہو رہی تھی۔ اس کے تاجر شمالی ہند سے آتے تھے۔ ان میں یتیم خانوں کے منیجر تھے۔ جنہیں یتیموں کی تلاش تھی۔ ماں باپ اپنے ننھے منے بچے اور چھوٹے چھوٹے لڑکے ان کے حوالے کر کے انہیں یتیم بنا رہے تھے۔ دراصل غربت ہی تو یتیم پیدا کرتی ہے۔ ماں باپ کا زندہ رہنا یا مر جانا ایک خدائی امر ہے۔ ان تاجروں میں دھوا آشرموں کے کارکن بھی تھے۔ اور خالص تاجر جو ہر قسم کی اخلاقی مذہبی، تمدنی ریاکاری سے الگ ہو کر خالص تجارت کرتے تھے۔ نوجوان لڑکیاں، بکریوں کی طرح ٹٹولی جاتی تھیں

مال اچھا ہے۔

رنگ کالا ہے۔

ذرا دبلی ہے۔

منھ پر چیچک ہے۔

ارے اس کی تو بالکل ہڈیاں نکل آئی ہیں۔

چلو۔ خیر، ٹھیک ہے۔

دس روپے دیدو۔

خاوند بیویوں کو، مائیں لڑکیوں کو، بھائی بہنوں کو فروخت کر رہے تھے۔ یہ وہ لوگ تھے جو اگر کھاتے پیتے ہوتے تو ان تاجروں کو جان سے مار دینے پر تیار ہو جاتے لیکن اب یہی لوگ۔ نہ صرف انہیں بیچ رہے تھے۔ بلکہ بیچتے وقت خوشامد بھی کرتے تھے۔ دوکانداروں کی طرح اپنے مال کی تعریف کرتے۔ گڑگڑاتے۔ جھگڑا کرتے۔ ایک ایک پیسے کے لئے مر رہے تھے۔

مذہب، اخلاقیات، ماضی، زندگی کے قوی سے قوی تر جذبوں کے بھی چھلکے اتر گئے تھے۔ اور ننگی بھوکی پیاسی خونخوار زندگی منھ پھاڑے سامنے کھڑی تھی۔

میری بیوی نے کہا۔

"ہم بھی اپنی بچی بیچ دیں۔"

ڈرتے ڈرتے، شرمندہ۔ مجبور سی ہو کر اس نے یہ الفاظ کہے اور پھر فوراً ہی چپ ہو گئی۔ اس نے کنکھیوں سے میری طرف دیکھا۔ جیسے وہ اپنے الفاظ کے نازیباپن کا اثر دیکھ رہی ہو۔ اس کی نگاہوں میں ایک ایسا احساس جرم تھا۔ جیسے اس نے اپنے ہاتھوں سے اپنی بچی کا گلا گھونٹ ڈالا ہو۔ جیسے اس نے اپنے

خاوند کو ننگا کر کے اس کے بدن پر کوڑے لگا دیئے ہوں۔ جیسے اس نے خود اپنے ہاتھوں سے پھانسی کا پھندا تیار کیا ہو اور اب اس کی دبلی پتلی گردن اس میں لٹک رہی ہو۔

مجھے یہ گلہ نہیں کہ وہ کیوں مر گئی۔ مرنے کو تو وہ اسی وقت مر گئی تھی۔ جس وقت اس نے یہ الفاظ کہے تھے۔ شاید ان الفاظ کے زبان تک آنے سے بہت عرصہ پہلے ہی وہ مر چکی تھی لیکن اب بھی سمجھ میں نہیں آتا۔ مگر کبھی سمجھ میں نہیں آتا۔ غور کرنے پر بھی سمجھ میں نہیں آتا کہ اس کے منھ سے یہ الفاظ نکالے۔ یہ کیونکر ہوا۔ ؟ کس بھیانک قوت نے اس کی مامتا کو مار دیا تھا۔ اس کی روح کو کچل دیا تھا جیسا کہ میں نے اشتی کیا۔ مجھے اس کے مر جانے کا مطلق افسوس نہیں۔ افسوس تو یہ ہے کہ اس کی مامتا کیوں مر گئی۔ وہ مامتا جسے سب لازوال کہتے ہیں۔ .... مجھے اچھی طرح یاد ہے۔ میں نے اس وقت اپنی بچی کو چھین کر اپنے سینے سے لپٹا لیا تھا۔

میں نے خشمگیں نگاہوں سے اس کی طرف دیکھا۔ لیکن وہ اسی طرح لاتعلقی کے انداز میں۔ میرے غم و غصہ کو نظر انداز کرتی ہوئی۔ لنگڑاتی ہوئی۔ میرے پیچھے پیچھے آرہی تھی۔ کولہو کے اندھے بیل کی طرح۔ اس کے پریشان بال دھول میں اٹے ہوئے تھے۔ جسم پر دھوتی تار تار ہو چکی تھی۔ دائیں پاؤں کے زخم سے خون رستا تھا۔ اور وہ آنکھیں ——— ہائے وہ جل پری کہاں غائب ہو گئی تھی۔ وہ سمندر میں طلائی مچھلی کی طرح تیرنے والی سبک اندام بنگالی دوشیزہ ——— وہ پھول کا سا حسن جس میں تاج کا مرمر، ایلورا کے مندروں کی رعنائی اور اشوک کے کتبوں کی ابدیت گھلی ہوئی تھی۔ آج کدھر غائب ہو گیا تھا کس لئے یہ حسن

بہ ماننا۔ یہ روح اس سڑک پر اک روندی ہوئی لاش کی طرح پڑی تھی۔ اگر یہ سچ ہے کہ عورت ایک اعتقاد ہے۔ ایک معجزہ ہے، زندگی کی سچائی ہے۔ اس کی منزل اس کا مستقبل ہے تو میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ یہ اعتقاد، یہ سچائی۔ یہ معجزہ، چاول کے دانے سے اگتا ہے۔ اور اس کے نہ ہونے سے مرجاتا ہے۔

جل پری نے میری گود میں دم توڑ دیا۔ وہ تھکی ماندی، خاک میں اٹی ہوئی اسی سڑک کے کنارے سو گئی۔ میری آغوش میں، دو تین ہچکیاں لیں۔ اور سانس غائب ——— نہ جانے میرے احساسات کیوں مجھے اس لمحہ کی طرف گھسیٹ کرلے گئے۔ جب میں نے پہلی بار اس کے ہونٹوں کو چوما تھا۔ اور اس کی ہلکی ہوئی سانس نے مجھے سگندھ راج کے پھولوں کی یاد دلا دی تھی۔ اس وقت بھی وہی سگندھ راج کے پھولوں کی مہک تیزی سے میرے نتھنوں میں گھستی چلی آئی۔ اور میری آنکھوں میں آنسو آگئے۔ اور میں اس کے مردہ لبوں کی طرف تکنے لگا۔ اور میرے آنسو، اس کے لبوں پر اس کی آنکھوں پر اس کے رخساروں پر گرنے لگے۔

وہ میری گود میں مری پڑی تھی۔ جل پری جو انیس سال کی عمر میں مرگئی۔ خاک میں اٹی ہوئی، ننگی بھوکی پیاسی جل پری چڑیل بن کر مرگئی۔

مجھے موت سے کوئی شکوہ نہیں۔ اپنے خدا سے کوئی شکایت نہیں۔ زندگی سے، سڑک پر گزرتے ہوئے اندھے قافلے سے کسی سے کوئی بھی شکایت نہ تھی۔ صرف یہی جی چاہتا تھا کہ وہ اس طرح نہ مرجاتی۔ میں ایک بندے کی طرح نہیں۔ ایک دوست کی طرح اپنے خداؤں سے پوچھنا چاہتا ہوں، اس میں کیا برائی تھی۔ اگر وہ زندہ

رہتی۔ ایک طبعی عمر بسر کرتی۔ اس کا ایک چھوٹا سا گھر ہوتا۔ اس کے بال بچے ہوتے۔ وہ ان کی پرورش کرتی۔ اسے اپنے خاوند کی محبت میسر ہوتی۔ ایک عام اوسط زندگی کی چھوٹی چھوٹی مسرتیں دنیا کروڑوں ایسے معمولی چھوٹے آدمیوں سے بھری پڑی ہے جو زندگی سے ان چھوٹی چھوٹی مسرتوں کے سوا اور کچھ نہیں چاہتے۔ نہ سلطنت نہ شہرت پھر بھی اسے یہ چھوٹی چھوٹی خوشیاں حاصل نہ ہوئیں۔ وہ کیوں اس طرح مر گئی اور اگر اسے مرنا ہی تھا تو وہ ساحلِ سمندر اور تاریل کے جھنڈ کو دیکھ کر ہی مرتی۔ یہ کیسی موت ہے کہ ہر طرف ویرانی ہے۔ اور لاشیں ہیں۔ اور خلا ہے اور آہ و بکا ہے۔ سڑک کی خاک ہے۔ اور چپ چاپ چلتے ہوئے قدموں کی چاپ ہے اور ——— اور دور کہیں کتے رو رہے ہیں۔

میں نے اُسے دفن نہیں کیا۔ میں نے اسے جلایا بھی نہیں ———
میں نے اسے وہیں سڑک کے کنارے چھوڑ دیا۔ اور اپنی بچی کو اپنی چھاتی سے چمٹائے آگے بڑھ گیا۔

⁂ ⁂ ⁂

ابھی کلکتہ دور تھا۔ اور میری بچی بھوکی تھی۔ وہ اب رو بھی نہ سکتی تھی۔ اس کے گلے سے آواز نہ نکلتی تھی۔ وہ بار بار اپنا منھ ایسے کھولتی جیسے مچھلی جل سے باہر نکل کر پانی کے گھونٹ کے لئے اپنے ہونٹ وا کرتی ہے۔

ہائے یہ ننھی سی جل پری اپنے چھوٹے سے کھلونے کو اپنے سینے سے چمٹائے ایک گھلتی ہوئی شمع کی طرح میری آنکھوں کے سامنے ختم ہو رہی تھی۔ بجھ رہی تھی۔

اور میں چلا جا رہا تھا۔ میرے اِرد گرد، آمنے سامنے آگے پیچھے اور لوگ بھی تھے رواں دواں مُردوں کا قافلہ ہر ایک کی اپنی دنیا تھی۔ لیکن ہر فرد اسی موت کی وادی میں سے گزر رہا تھا۔ اور آنکھوں میں چہروں پر جسموں پر اسی مہیب کا سایہ منڈلا رہا تھا۔ جو اس وادی کی خالق تھی۔ میں ہاتھ جوڑ کر دعا مانگنے لگا۔

اے خالقِ ارض و سما اس معصوم بچی کی طرف دیکھ ——— کیا تیرے دربار میں اس کے لئے دودھ کی ایک بوند بھی نہیں۔ اَن داتا ——— دیکھ یہ کس طرح بار بار منہ کھولتی ہے۔ بے قرار ہوتی ہے۔ اور تڑپ کر رہ جاتی ہے۔

اے خداوند لایزال۔ تو نے خوب صورت موت بنائی ہے۔ لیکن یہ موت تو خوب صورت نہیں۔ یہ موت تو معصوم نہیں۔ یہ موت تو اس ننھی سی جان کے لائق نہیں۔

سن لے اے کائنات کی پُراسرار مخفی قوتِ عظیم ——— اے خداؤں کے ظالم صدرِ اعظم ——— تو اس خوب صورت کلی کو ابھی سے کیوں کچل کر رکھ دینا چاہتا ہے۔ اس کی تمناؤں کی دنیاؤں کو دیکھ ——— سمندر میں بلبلوں کی افشاں سُبک خرام کشتی، ایک نغمہ اپنے معراج کو پہنچا ہوا تاریل کے جھنڈ میں عورت اور مرد کا پہلا بوسہ ——— کمینے، سفلے، ذلیل۔!

لیکن نہ دعائیں کام آئیں نہ گالیاں اور میری بچی بھی مر گئی۔ کس طرح تڑپ تڑپ کر اس نے جان دی۔ اس کا کرب اور اذیّت میری ان پتھریلی ساکن دجامد، بے نور، بے بصر آنکھوں سے پوچھو۔ وہ دودھ کی ایک بوند کے لئے مر گئی وہ بوند جو نہ آسمان سے برسی نہ زمین نے اگلی، بے حس آسمان، بے حس زمین اور

یہ ظالم سڑک۔

مرنے سے کچھ عرصہ پہلے میری بچی نے اپنا پیارا جھنجھنا مجھے دیدیا۔ دیکھو اب بھی میری مٹھی میں دبا پڑا ہے۔ یہ امانت اس نے میرے حوالے کی تھی۔ نہیں نہیں، یہ جھنجھنا اس نے مجھے بخش دیا تھا۔ لاپرواہی کے ساتھ۔ ایک ایسے معصوم انداز میں اس نے اسے میرے حوالے کر دیا تھا کہ مجھے یقین ہو گیا۔ کہ اس نے مجھے بخش دیا۔ مجھے معاف کر دیا ہے۔ مجھے اپنے لطف وعنایت سے مالامال کر دیا ہے۔ اس نے وہ جھنجھنا میرے ہاتھ میں دے دیا۔ اور پھر میری گود میں مر گئی۔

یہ ایک لکڑی کا جھنجھنا ہے۔ لیکن میرا اعتقاد ہے کہ اگر وہ کلیوپیٹرا ہوتی تو اپنی محبت مجھے بخش دیتی۔ اگر وکٹوریہ ہوتی تو اپنی سلطنت میرے سپرد کر دیتی۔ اگر ممتاز محل ہوتی۔ تو تاج محل میرے حوالے کر دیتی۔

لیکن وہ ایک غریب ننھی لڑکی تھی۔ اور اس کے پاس صرف یہی ایک لکڑی کا چھوٹا سا جھنجھنا تھا۔ جو اس نے اپنے غریب نادار ابا کے حوالے کر دیا۔ تم میں سے کون ایسا جوہری ہے۔ جو اس لکڑی کے جھنجھنے کی قیمت کا اندازہ کر سکے۔ بڑے آدمیوں کی قربانیوں پر، واہ واہ کرنے والو، لے جاؤ اس لکڑی کے جھنجھنے کو، اور انسانیت کے اس معبد میں رکھ دو۔ جو آج سے ہزاروں سال بعد میری روح تمہارے لئے تعمیر کریگی۔

٭ ٭ ٭

آخر کلکتہ آگیا، بھوک کی ویران بستی، سنگدل بے رحم شہر۔ کہیں کوئی ٹھکانہ نہیں۔ کہیں روٹی کا لقمہ تک نہیں، سیالدہ اسٹیشن، شیام بازار، بڑا بازار، ہریسن روڈ، ذکریا اسٹریٹ، بہو بازار، سونا گاچی، نیو مارکیٹ، بھوانی پور۔ کہیں چاول کا ایک دانہ نہیں۔ کہیں وہ نگاہ نہیں جو انسان کو انسان سمجھتی ہے۔

ہوٹلوں کے باہر بھوکے مرے پڑے ہیں۔ جھوٹی پتلوں میں کتے اور انسان ایک جگہ کھانا ٹٹول رہے ہیں۔ کتے اور آدمی لڑ رہے ہیں۔ ایک موٹر فرّاٹے سے گزر جاتی ہے۔

ننگے بدن میں پسلیاں آہنی زنجیریں معلوم ہوتی ہیں۔ ان کے اندر روح کو کیوں قید کر رکھا ہے۔ اسے اڑ جانے دو۔ اس مہیب زنداں خانے کا دروازہ کھول دو ——— ایک موٹر فرّاٹے سے گزر جاتی ہے۔

لیکن جسم روح کی فریاد نہیں سنتا ——— مائیں مر رہی ہیں۔ بچے بھیک مانگ رہے ہیں۔ بیوی مر رہی ہے۔ خاوند رکشا والے صاحب کی خوشامد کرتا ہے۔ یہ نوجوان عورت مادر زاد ننگی ہے۔ اسے یہ پتہ نہیں وہ جوان ہے۔ وہ عورت ہے۔ وہ صرف یہ جانتی ہے کہ وہ بھوکی ہے۔ اور یہ کلکتہ ہے۔ ——— بھوک نے حسن کو بھی ختم کر دیا ہے۔

٭ ٭ ٭

میں اس قونصل خانے کی سیڑھیوں پہ مر رہا ہوں۔ بے ہوش پڑا ہوں۔ چند لوگ آتے ہیں۔ میرے سرہانے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے۔

گویا مجھے سر سے لے کر پاؤں تک دیکھ رہے ہیں۔ پھر میرے کانوں میں ایک مدھم سی آواز آتی ہے۔ جیسے کوئی کہہ رہا ہے۔

"حرامی ہندو ہوگا۔ جانے دو۔ آگے بڑھو۔"

وہ آگے بڑھ جاتے ہیں۔ اندھیرا بڑھ جاتا ہے۔

پھر چند لوگ رکتے ہیں۔ کوئی مجھ سے پوچھ رہا ہے۔..."تم کون ہو۔؟"

میں بمشکل اپنے بھاری پپوٹے اٹھا کر آنکھیں کھول کر جواب دیتا ہوں۔

"میں ایک آدمی ہوں۔ بھوکا ہوں۔"

وہ کہتے ہوئے چلے جاتے ہیں۔

"سالا کوئی مسلمان معلوم ہوتا ہے۔"

بھوک نے مذہب کو بھی ختم کر دیا ہے۔

اب چاروں طرف اندھیرا ہے۔ مکمل تاریکی، روشنی کی ایک کرن بھی نہیں، خاموشی، گہرا سناٹا۔

یکایک کلیساؤں میں ——— مندروں میں ——— عبادت خانوں میں خوشی کی گھنٹیاں بجنے لگتی ہیں۔ ساری کائنات شیریں آوازوں سے معمور ہو جاتی ہے۔

ایک اخبار فروش چلا چلا کر کہہ رہا ہے۔

"طہران میں بنی نوع انسان کے تین بڑے رہنماؤں کا اعلان، ایک نئی دنیا کی تعمیر۔!"

ایک نئی دنیا کی تعمیر۔!!

میری آنکھیں حیرت اور مسرت سے کھلی کی کھلی رہ جاتی ہیں۔ احساسات پتھر کی طرح جامد ہو جاتے ہیں۔

٭ ٭ ٭

میری آنکھیں اس وقت سے کھلی کی کھلی ہیں۔

میں سیاستداں نہیں ہوں۔ ستار بجانے والا ہوں۔ حاکم نہیں ہوں۔ حکم بجالانے والا ہوں۔ لیکن شاید ایک نادار مغنی کو بھی یہ پوچھنے کا حق ہے کہ اس نئی دنیا کی تعمیر میں کیا ان کروڑوں بھوکے ننگے آدمیوں کا بھی ہاتھ ہوگا۔ جو اس دنیا میں بستے ہیں۔ میں یہ سوال اس لئے پوچھتا ہوں کہ میں بھی ان میں بڑے رہنماؤں کی نئی دنیا میں رہنا چاہتا ہوں۔ مجھے بھی فسطائیت جنگ اور ظلم سے نفرت ہے ——— اور گو میں سیاستداں نہیں ہوں۔ لیکن مغنی ہو کر اتنا ضرور جانتا ہوں کہ اداس نغمے سے اداسی ہی پیدا ہوتی ہے۔ جو نغمہ خود اداس ہے۔ وہ دوسروں کو بھی اداس کر دیتا ہے۔ جو آدمی خود غلام ہے۔ وہ دوسروں کو بھی غلام بنا دیتا ہے۔

دنیا کا ہر چھٹا آدمی ہندوستانی ہے۔ یہ غیر ممکن ہے کہ باقی پانچ آدمی کرب کی اس زنجیر کو محسوس نہ کرتے ہوں۔ جو ان کی روحوں کو چیر کر نکل رہی ہے۔ اور ایک ہندوستانی کو دوسرے ہندوستانی سے ملا دیتی ہے۔ جب تک میری ستار کا ایک تار بھی بے آہنگ ہوتا ہے اس وقت تک سارا نغمہ بے آہنگ و بے ربط رہتا ہے۔ میں سوچتا ہوں۔ یہی حال انسانی سماج کا بھی

ہے۔ جب تک دنیا میں ایک شخص بھی بھوکا ہے۔ یہ دنیا بھوکی رہے گی۔ جب تک دنیا میں ایک آدمی بھی غلام ہے۔ سب غلام رہیں گے۔ جب تک دنیا میں ایک آدمی بھی مفلس ہے۔ سب مفلس رہیں گے۔

اسی لئے میں تم سے یہ سوال پوچھ رہا ہوں۔

تم مجھے مُردہ نہ سمجھو —— مُردہ تم ہو —— میں زندہ ہوں۔ اور اپنی پھٹی پھٹی بے نور، بے بصر آنکھوں سے ہمیشہ تم سے یہی سوال کیا کروں گا —— تمہاری راتوں کی نیند حرام کر دوں گا۔ تمہارا اٹھنا، بیٹھنا، سونا، جاگنا، چلنا پھرنا سب دوبھر ہو جائے گا —— تمہیں میرے سوال کا جواب دینا ہوگا —— میں اس وقت تک نہیں مر سکتا۔ جب تک تم میرے سوال کا تسلی بخش جواب نہ دو گے۔

بس یہ سوال اس لئے بھی پوچھ رہا ہوں کیونکہ میں نے جل پری کو بے گور و کفن سڑک پر چھوڑ دیا ہے۔ اور میرے ہاتھ میں لکڑی کا ایک جھنجھنا ہے۔

●

موبی اوہی او کا رہنے والا تھا۔ اور فوج میں بھرتی ہونے سے پہلے نیویارک میں وکالت کرتا تھا۔ موبی کے بال گھنے اور گہرے سنہری تھے۔ اور یہی سونا اس کے رخساروں پر تھا۔ ایسا سونا جو ماہِ ستمبر میں سیب کی جلد پر درخشاں نظر آتا ہے۔ موبی کا قد چھ فٹ سے کچھ نکلتا ہوا تھا۔ اس کا قہقہہ بے جھجک اور بچپن کی طرح معصوم تھا۔ دو نتھنوں کے درمیان ناک کی نوک پر ایک چھوٹا سا تل تھا۔ اس چھوٹے سے سیاہ نقطے نے موبی کے چہرے کو شباب کی تمام تر شوخیوں کے باوجود بھولا اور معصوم سا بنا دیا تھا۔ اور وہ اس بچے کی طرح دکھائی دیتا جس نے اپنی ناک کو قلم کی نوک سے گندا کر لیا ہو۔ اسی لئے تو پرویز اسے "غلیظ موبی" کہا کرتا تھا۔ اس پر موبی اور پرویز میں اچھی خاصی چخ رہتی تھی۔ جو اکثر شریفانہ ہاتھا پائی تک بڑھ جاتی تھی۔

پرویز اور شام کی ملاقات موبی سے ان کے سٹوڈیو میں ہوئی تھی۔ موبی آسام اور بنگال سے لوٹ کر یہاں چند ماہ کے لئے آیا تھا۔ شروع دسمبر کے دنوں میں وہ اکثر چھاؤنی کی سڑکوں پر اکیلا گھومتا ہوا نظر آتا۔ لیکن اب اسے چھاؤنی کی سڑکوں پر سائیکل

کی سواری کرنے، سیٹی بجانے اور اکیلے گھومنے سے نفرت سی ہوگئی تھی۔ چھاؤنی کے طبقۂ اناث کے کاروباری افراد بھی اسے پسند نہ آتے تھے۔ اور سنیما میں بھی بالعموم ہالی ووڈ کی بھی وہی تصویریں دکھائی جاتیں جن میں ننگی ٹانگوں کی نمائش زیادہ ہوتی۔ کیا سنیما کے منتظم فوجیوں کو اس قدر کور ذوق سمجھتے ہیں۔ کہ عورتوں کے گرم گوشت کے علاوہ انہیں اور کسی چیز کی طلب نہیں۔ یہ سوچکر اسے اکثر اسقدر غصہ آتا تھا کہ وہ ہفتوں کسی سنیما گھر کے قریب نہ پھٹکتا۔

یہ بات نہ تھی کہ اسے سنیما سے نفرت تھی۔ لیکن وہ تو ہالی ووڈ کی ان مخصوص تصویروں کو دیکھنا چاہتا تھا جو سماجی طنز کی حامل ہوتیں۔ لیکن ایسی تصویریں یہاں شاذ و نادر ہی دیکھنے میں آتی تھیں۔ ورنہ ہر بار وہی ننگی ٹانگیں۔ بتفکر کرتے ہوئے کولہے کھلی ہوئی ہنسی۔ پستانوں کے کبوتر مائل بہ پرواز اور جٹربگ کا ناچ۔ یا اللہ اس جٹربگ سے کب خلاصی ہوگی۔ ؟

اسی لئے تو وہ اکثر سائیکل لئے سڑکوں پر اکیلا چکر کاٹتا نظر آتا تھا۔ اسٹوڈیو کے سامنے سے وہ کئی بار گزر چکا تھا۔ لیکن اسٹوڈیو کے اندر جانے کی خواہش رکھتے ہوئے بھی اس نے اس خواہش کو ہر بار اپنے دل میں دبا دیا تھا۔ پھر بھی یہ خواہش بار بار ابھر آتی تھی۔

قبر جتنی گہری ہو۔ خواہش اسی قدر بے چین ہوتی ہے —— نہ جانے گور میں مُردوں کا کیا حال ہوتا ہوگا۔ کرسمس کے دن تو خود موتی کی حالت مردوں سے بھی بدتر تھی۔

اسفند پریشان، آوارہ، کھویا کھویا سا وہ محسوس کر رہا تھا۔ دوبارہ

اسٹوڈیو کے سامنے سے گزرا اور ایک نگاہ ڈال کر گزر گیا۔ تیسری بار جب وہ پھر گھوم کر لوٹا تو اس نے سوچا۔ کیا حرج ہے۔ ہندوستانی ایک ناقابلِ اعتبار مخلوق سہی جاہل، غلام، کالے، نکمّے، احساسِ کمتری کے شکار سہی لیکن پھر بھی یہ لوگ فلمیں بناتے ہیں۔ یہ فلمیں تکنیک کے اعتبار سے ناقص ہوں گی۔

لیکن جہاں تک فلمی صنعت اور فلموں کی تعداد کا تعلق ہے۔ اس وقت ہالی وڈ کے بعد ہندوستانی فلمی صنعت کا ہی نام آتا ہے۔ آخر ایسا کیوں۔؟

پھر اس نے سوچا نہیں، ان لوگوں سے ملنا ٹھیک نہیں۔ اس نے سن رکھا تھا کہ یہ لوگ بڑے بددیانت اور محسن کش ہوتے ہیں۔ قطعی ناقابلِ اعتبار اور غریب کس قدر ہیں یعنی۔ یعنی ہمارے ہاں کی بلیاں یہاں کی عورتوں سے زیادہ فربہ دکھائی دیتی ہیں .... اور کچھ بھی ہو۔ انسانی مساوات کا فلسفہ درست سہی۔ لیکن اس کالے رنگ میں احساسِ نفرت کو زندہ کرنے کی قوت ضرور موجود ہے۔ پھر یکایک موبی کو کیمو کا خط یاد آیا۔ موبی اور کیمو دونوں مل کر ایک ایسا شیشہ بنانے کی سعی کر رہے تھے کہ جسے پردہ سکرین پر چڑھا دینے سے سیاہ اور سپید فلمی تصویر خود بخود قدرتی رنگوں میں جلوہ گر نظر آئے۔ کیمو کا یہودی ذہین دماغ اس مشکل کو حل کرنے میں کامیاب ہو چکا تھا۔ اور اب وہ موبی کے سرمائے سے اس ایجاد کو پیٹنٹ کرا رہا تھا کیمو نے لکھا تھا کہ ____ موبی ہندوستانی سٹوڈیو، اور سینما گھروں کے مالکان سے بھی اس ایجاد کی کھپت کے بارے میں بات چیت کرے۔ کیا حرج ہے۔؟ اگر موبی ہندوستانی بھنگی، بادرچی، بیرے، ابساطی سے بات کر سکتا تھا۔ تو ان ہندوستانیوں سے کیوں نہیں جو تصویریں

بناتے تھے۔ وہ تیزی سے سائیکل گھما کر سٹوڈیو کے دروازے کی طرف بڑھا۔ دروازے پر اسے رکنا پڑا کیونکہ پٹھان چوکیدار راہ روکے کھڑا تھا۔ چوکیدار نے اسے اسٹوڈیو کا اجازت نامہ دکھائے بغیر اندر جانے سے روک دیا۔ موتی کے پاس اجازت نامہ کہاں سے آتا۔ ؟ لیکن ہندوستانی چوکیدار کی یہ ہمت۔ ؟ اس نے سائیکل آگے بڑھا کر کہا۔

مجھے جانے دو۔ میں اسٹوڈیو دیکھنا چاہتا ہوں۔ اس کے لہجہ میں تحکم تھا۔ تفخر اور غرور لیکن چوکیدار پھر بھی مرعوب نہ ہوا اور بات بڑھ گئی۔ راہ گیر اکٹھے ہو گئے۔

پرویز پورچ میں کھڑا سگریٹ پی رہا تھا۔ جب اس نے ایک امریکی فوجی کو لوگوں میں گھرے دیکھا تو وہاں سے آہستہ آہستہ اسٹوڈیو کے دروازے تک گیا کہ دیکھے کیا تماشہ ہے۔ ؟

"کیا بات ہے لالہ۔ ؟" اس نے چوکیدار سے پوچھا۔

چوکیدار حسین کا چہرہ اس وقت ایک قندھاری انار کی طرح سرخ نظر آ رہا تھا۔ بلند آواز میں بولا۔

"صاحب اندر آنا ہے۔ ام بولتا ہے۔ تمارا کاغذ کدھر اے۔ صاب کے پاس کاغذ نہیں اے تو ام کیسے جانے دیگا۔ ؟"

موتی نے پرویز سے کہا۔

"یہ چوکیدار بڑا بدتمیز ہے۔

پرویز نے کہا۔ "آزاد ملک کا رہنے والا ہے نا۔ ابھی غلامی نہیں سیکھی۔ !"

پرویز نے پٹھان کو اجازت نامہ لکھ کر دیا۔ اور موتی کو اندر آنے کو کہا۔

پٹھان پرچہ لے کر بڑبڑایا۔

"اوخو ہم قندھاری پٹھان ہے۔ ام کسی سے نہیں ڈرتا اے ام کابل سے آیا اے۔ خوام اپنے ملک میں صاب لوک تو کیا صاب لوک کی ریل گاڑی کو بھی گھسنے نہیں دیتا اے۔ اوخو ریل گاڑی آئے گا تو صاب لوگ بھی آنے گا۔ خو تم ہندوستھانی لوگ بڑا بے وقوف ہوتا ہے۔!"

"کیا کہہ رہا ہے یہ خبیث۔؟" موبی نے پوچھا

پردیپ نے بتایا تو وہ ہنسنے لگا۔ بولا۔

"اچھا ہوا میں نے اپنا ہاتھ روک لیا۔ ورنہ میں اسے ایک چانٹا ضرور لگا دیتا۔ گو مجھ سے کہا گیا ہے کہ کبھی کسی صورت میں۔ ..... کسی ہندوستانی کو چانٹا نہ مارا جائے۔!"

پردیپ نے کہا۔

"ہاں اچھا ہوا کیونکہ وہ ہندوستانی نہیں۔ افغان ہے۔!"

"افغان۔؟" موبی نے معصومیت سے پوچھا۔ "دونوں میں کیا فرق ہے۔؟"

پردیپ نے کہا: "وہ ہندوستانی ہوتا تو چانٹا کھانے کے بعد دن بھر تمہاری جوتیاں سیدھی کرتا اور شام کو تمہیں سلام کر کے تم سے بخشش کا طالب ہوتا۔ مگر یہ چونکہ افغان ہے۔ اور افغانی اور ہندوستانی میں یہی فرق ہے کہ افغان کے پاس چھری ہوتی ہے۔ اور ہندوستانی کے پاس سلام۔"

موبی مسکرایا۔

"میں تم سے سیاست پر گفتگو نہیں کرنا چاہتا۔ .... مگر

یہ تو بتاؤ تم نے اپنے اسٹوڈیو کی حفاظت کے لئے ایک افغانی کو کیوں مقرر کر رکھا ہے۔؟"

پرویز نے کہا۔" ہماری قوم کا دستور یہی ہے۔ ہم اپنے ملک کی حفاظت کے لئے انگریزوں کو رکھتے ہیں۔ اور اپنے اسٹوڈیو کے لئے افغانیوں کو۔"

" تو کیا تم اپنے اسٹوڈیو کی خود حفاظت نہیں کر سکتے۔؟"

پرویز نے تلخی سے کہا۔

" اگر ایسا کر سکتے تو تمہیں سمندر پار سے یہاں آنے کی دعوت دیتے۔؟"

موبی نے معذرت پیش کرتے ہوئے کہا۔" میں امریکی سپاہی ہوں...... میرا نام موبی ہے...... میں تمہارا اسٹوڈیو دیکھنا چاہتا ہوں۔"

پرویز نے فخر کرتے ہوئے کہا۔" مزاج کیسا ہے۔ میرا نام پرویز ہے۔ رہا اسٹوڈیو تو آج تعطیل ہے۔ اسٹوڈیو کے مالک یہاں نہیں ہیں اور پھر آج تو کرسمس ہے۔ تم اسٹوڈیو کیوں دیکھنا چاہتے ہو۔ آج تو کسی ناچ گھر میں کسی نازک کو کر لیا......؟"

موبی نے سنجیدہ رو ہو کر کہا۔

" مجھے ناچ پسند نہیں۔!"

پرویز نے اسے حیران نگاہوں سے دیکھا۔ پھر کہنے لگا۔" آؤ تمہیں اپنے دوستوں سے ملاؤں۔"

برآمدے میں بہت سے لوگ بید کی کرسیوں پر بیٹھے برج کھیل رہے تھے۔

پرویز نے تعارف کرایا۔" یہ ممتاز ہیں۔ یہ عذرا بہن۔ یہ حمیدہ۔ یہ پرکاش۔ یہ شام...... ...... ہم لوگ اس وقت اسٹوڈیو کی فارگو کے انتظار میں بیٹھے ہیں۔ تصویر دیکھنے جا رہے ہیں۔"

"کونسی تصویر۔ ؟"

"کوئی سی بھی ـ ـ ـ ہندوستانی تصویر دیکھیں گے۔ تم بھی چلوگے نا۔ ضرور۔ !"

موبی تھوڑے توقف کے بعد بولا۔" ہاں ــــــــ میں نے آج تک کوئی بھی ہندوستانی تصویر نہیں دیکھی۔ دیکھنا چاہتا ہوں۔"

"تو چلو۔ !"

فارگو آئی تو وہ اس میں بیٹھ کر چلے گئے۔ سینما پہنچے تو ٹکٹ لے کر اندر بیٹھے۔ اور مونگ پھلی۔ تلے ہوئے آلو۔ دال۔ چیوڑا۔ اور کباب کھانے لگے۔ کباب کھا چکے تو پان آگئے۔ موبی ہر بار اپنی جیب سے پیسے نکالتا۔ لیکن وہ لوگ اسے ٹال دیتے" گھبراؤ نہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ امریکی سپاہی بہت امیر ہوتے ہیں۔ ہم بھی کسی روز تمہاری کھال اتار لیں گے۔ مگر آج نہیں۔ آج تو کرسمس ہے۔ !"

تصویر دیکھی گئی۔ سب نے موبی سے پوچھا۔ موبی نے بھی مروّت میں تعریف کردی۔" اچھی تھی۔ مگر گانے بہت زیادہ تھے۔ غالباً میوزیکل ہوگی۔ !"

اس نے پوچھا۔

"یہاں ہر پکچر میوزیکل ہوتی ہے۔ مسٹر۔ ! سمجھے مسٹر موبی۔ ؟"

اس نے سگریٹ کا کش زور زور سے کھینچتے ہوئے موبی کو گھورا۔

"مسٹر کیوں نہیں۔ ! مسٹر کیوں۔ ؟"

موبی نے پوچھا۔

"بس میں تو اسے اسی طرح کہتا ہوں، جس سے مجھے محبت ہوجاتی ہے۔ سمجھے بھونتنی کے۔ !"

"بھوتنی کیا۔۔۔۔؟ کیا مطلب۔؟" موبی نے حیرت سے پوچھا۔

"مطلب وطلب ہم نہیں جانتے، بس یہ پیار کی باتیں ہیں ——
سمجھے۔ موبی دوبی چوچی موچی۔" شام نے موبی کے سنہری بالوں کو سہلا دیا۔

موبی نے خوش ہو کر کہا۔" اچھا اب میں تمہیں شام کی بجائے شیمی کہا کروں گا۔"

"شیم۔!شیم۔!" حمید نے کہا۔

"پھٹے منھ۔!" شام کے منھ سے بے اختیار نکلا۔

"فٹے مو۔" کیا۔؟

حمید نے کہا۔" یہ بھی ایک گالی ہے۔ یہ سالا پنجابڑا ہے۔ اور گالی کے سوا اور کچھ نہیں آتا اسے، توشی ٹھیک خوشی نہ ٹھیک۔"

"ہاں ٹھیک کہتا ہے یہ بودبیا۔!" شام نے موبی کے شانے پہ ہاتھ مار کر کہا۔" مگر کہو تو آج تمہیں کسی چینی ریستوران میں لے جا کر کرسمس کا جشن منوا دیں۔ جلدی بولو۔!"

"فٹے مو۔!" موبی نے اپنی ٹوپی ہوا میں اچھال کر کہا۔" بس آج سے اپنے کزنوں کو یہی کہا کروں گا۔ او بوائے۔ او بوائے۔۔۔۔۔!!"

٭ ٭ ٭

فنگ کنگ ریستوران میں برقی قندیلوں کے فانوس کے نیچے کھانے کی میز تھی۔ اور سامنے دلیڈا ریڈ جیانگ کا فی شک، چیرچل اور زرد زردلیٹ کی تصاویر تھیں۔

چیانگ کی آنکھیں اندر دھنسی تھیں۔ لیکن چہرہ ہر قسم کے جذبات سے عاری تھا۔ روز ویلیٹ ایک تو دولتے ملک کے حکمران کی طرح آسودہ اور مطمئن نظر آتا تھا۔ چرچل کے لب بھینچے ہوئے تھے۔ اور اس نے سگار کو سختی سے دبا رکھا تھا۔ اس کے لبوں کی سختی اور اس کی آنکھوں کی ارادیت کہہ رہی تھی۔ ہم مالک ہیں اور مالک رہیں گے۔ پرکاش کو چرچل اور کلے منشو مرحوم کے چہرے میں یکایک ایک مماثلت سی نظر آنے لگی۔ خدوخال اور بناوٹ الگ ہونے کے باوجود ان دونوں چہروں کی روح ایک تھی۔ زیرکی منتقمانہ جذبہ دہی چھیننے کا سا عزم اور کلے منشو کو بھی تو فرانسیسی "چیتا" ہی کہتے تھے۔

پرکاش بار بار ان تصاویر کو دیکھ کر رک جاتا تھا۔ یکایک اسے احساس ہوا کہ اس کی آنکھیں دیوار پر کسی اور کو بھی دیکھنا چاہتی ہیں۔ لیکن کسی کو۔؟ — کرسمس کا دن تھا اور اتحادیوں کے جھنڈے دیواروں پر اور آر پار بندھنواروں کی طرح سجے ہوئے تھے۔ پرکاش کی نظر بار بار کسی اور جھنڈے کو بھی ڈھونڈھتی ہیں۔ لیکن کس کو .... وہ تصویر جو ابھی نبی نہ تھی۔ وہ جھنڈا جو ابھی ناپید تھا۔

— پرکاش نے سوچا — یہ اس کے دل کی اداسی کیوں بڑھتی جا رہی ہے۔؟ کیوں اسے ان بے چارے شریف چینی ویٹروں اور خوبصورت انڈین اور کینیڈین ہوا بازوں کے چہروں پر غرور اور تحکم کے آثار نظر آتے ہیں۔؟ وہ چینی جو ہاتھ میں ایک پنسل اور کاغذ لئے آرڈر کے لئے — مودب کھڑا تھا۔

پرکاش کو اس کے کھڑے ہونے کے انداز میں بھی ایک عجیب انداز تفاخر

کی جھلک نظر آتی تھی۔ کیا یہ نظر کا دھوکا تھا۔؟ یا اس کے ذہن کی عصبیت۔!

شام بھی خاموش تھا۔ پوری مجلس پر خاموشی طاری تھی۔ نامعلوم کیوں۔؟

موبی نے اس سکوت کو توڑتے ہوئے کہا۔

"مجھے اس ریسٹوران کے تلے ہوئے پران بہت پسند ہیں تمہیں پسند ہیں شمی۔؟"

شام چونک پڑا۔ "بہت" اس نے آہستہ سے کہا۔ اور ایک پران اٹھا کر اپنے منھ میں ڈال لیا۔ پھر اس نے چاروں طرف نظر دوڑائی۔ لیکن ان کی میز کے علاوہ اور کسی میز پر ہندوستانی موجود نہ تھے۔ یہاں اپنے ہم وطن بہت کم ہیں۔ اس نے سوچا۔ پھر یکایک اسے خیال آیا۔ ہندوستانی یہاں کہاں۔؟ وہ تو بنگال میں۔ اڑیسہ میں۔ آندھرا میں۔ مدراس میں۔ بہار میں بھوکا مر رہا ہے۔ جاہل ——— !اس کا حلق رکنے لگا۔!

پرکاش نے گفتگو کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا۔

"چینی چاپ سوئی میں وہ لطافت نہیں ہوتی جو امریکی چاپ سوئی میں ہوتی ہے۔!"

حمید نے کہا۔ "ہاں ——— اور غذائیت بھی کم ہوتی ہے۔!"

ممتاز نے کہا۔ "مجھے بھی امریکی چاپ سوئی بہت پسند ہے۔"

"شکریہ۔" موبی نے خوش ہو کر کہا۔

"بس اسے اپنی کرسمس کا بہترین ٹوسٹ سمجھوں گا۔"

دو کینیڈین ہوا باز قریب سے گزرتے گزرتے رک گئے۔ موبی نے نگاہ اٹھا کر ان کی طرف دیکھا اور جھٹ اٹھ کر ان کی طرف بڑھا۔

"یہ جان ہے، یہ ٹام ہے۔ یہ دونوں مونٹریال سے آئے ہیں۔" موبی نے اپنے ہندوستانی دوستوں سے ان کا تعارف کرایا۔ رسمی تعارف کے بعد وہ دونوں بھی اسی میز پر بیٹھ گئے۔ "مگر ہم کچھ کھائیں گے نہیں۔" ٹام نے کہا۔ "ہم نے ابھی ابھی ——!"

پھر چند لمحے خاموشی رہی۔ چینی سازوں کا مدھم سُریلا نغمہ ریکارڈ سے نکل رہا تھا۔

موبی نے کہا —— "جان —— یہ کرسمس —— وطن سے کتنی دور آئی ہے۔" جان خاموش رہا۔

ٹام نے کہا۔ "صنوبروں پر برف دیکھنے کو جی چاہتا ہے —— پر باہر نظر دوڑاتا ہوں تو آسمان پر پھیکے پھیکے ستارے نظر آتے ہیں۔!"

جان نے کہا۔ "بیرا ایک گلاس پانی کا لاؤ۔!"

موبی نے کہا۔ "تمہارے چھوٹے چھوٹے بہن بھائی تمہارے ماں باپ کا دل بہلانے کو موجود ہوں گے۔ لیکن میری ماں کے پاس والد کے مرجانے کے بعد میرے سوا اور کون ہے...... شروع ہی سے جان ہم دونوں ایک دوسرے کے بہت قریب رہے ہیں۔ کبھی کبھی ماں کی یاد تو مجھے بزدل بنا دیتی ہے۔"

ٹام نے کہا۔ "اس وقت گھر میں موم کی شمعیں ہوں گی —— کرسمس کا پیڑ اور باہر گلی میں اکارڈین کا نغمہ۔ ہائے بس ایک دفعہ اسے سننے کو جی چاہتا ہے۔"

موبی نے کہا۔

"میں تو ان دوستوں کا شکر گزار ہوں جنہوں نے آج کے دن —— ——!" وہ چپ ہو گیا۔

جان نے موضوع بدلتے ہوئے کہا۔ "پرویز صاحب آپ کیا تنخواہ لیتے ہیں۔؟"

پرویز نے جواب دیا۔ "آٹھ سو۔"

"بس۔" جان پرویز کا جواب سنکر بہت حیران ہوا۔ "ہمارے ہاں تو اتنی تنخواہ ایک کان کن لیتا ہے۔ آٹھ سو روپے۔"

حمید نے کہا۔ "یہاں یہ تنخواہ بہت زیادہ ہے۔ ہندوستان کی آمدنی فی کس چھ پیسے یومیہ ہے۔"

"ہاں، یہ بے حد غریب ملک ہے۔" مونٹریال کے ہواباز جان نے لاپرداہی سے کہا۔ "موہی، واپس کیمپ چلو گے۔؟"

"ابھی نہیں۔ تم جاؤ، میں ذرا ٹھہر کر۔"

دونوں کنیڈین ہواباز، گڈ نائٹ کہہ کر رخصت ہوئے۔ اس کے بعد موہی بل ادا کرنے پر بڑی دیر تک مصر رہا۔ آخر جب شام نے اسے گالی دی۔ تب جاکر وہ چپ ہوا۔ بل ادا کر کے ریسٹوران سے باہر نکلے تو پرویز، پرکاش، حمید، عذرا ایمان اور ممتاز نے بھی رخصت چاہی۔

سو لانگ۔!

سو لانگ۔!

شام اور موہی اکیلے رہ گئے۔ وہ دونوں اب اس سڑک پر سے گزر رہے تھے۔ جہاں انگریزی سینما گھروں کی عمارتیں تھیں۔ ہوا میں شراب تھی۔ کپڑوں میں عطر تھا۔ لبوں پر مغربی نغمے۔ نوشیرواں اینڈ نوشیرواں اینڈ سنز شراب فروش کی دوکان کے وسیع احاطے میں ایک لاؤڈ اسپیکر لگا ہوا تھا۔ اور ایک فوجی اپنے ساتھیوں کو میسج پر

ایمان لانے کی تلقین کر رہا تھا۔

"ہم گناہگار ہیں۔ ہم سب گناہگار ہیں۔ آؤ مسیح کے قدموں میں جھک جاؤ۔"

سننے والوں میں امریکن۔ کینیڈین۔ آسٹریلین اور انگریزی سپاہی تھے۔ جو چوراہے میں سے گزرتے گزرتے رک جاتے تھے۔ اور چند منٹ رک کر پھر چلے جاتے تھے۔ تین چار ہندوستانی بیرے بڑے غور سے اس لیکچر کو سن رہے تھے۔ اور پھر مدراسی زبان میں اس پر تنقید بھی کرتے جاتے تھے۔ ایک گداگر، ایک کوڑھی اور ایک خدمتگار جس کے پاس دو جغادری قسم کے کتے زنجیروں سے بندھے ہوئے تھے۔ بڑے غور سے سن رہے تھے۔

"مسیح کے قدموں میں جھک جاؤ۔ ہم سب مسیح کی بھیڑیں ہیں۔"

"بھیڑیں۔! یا بھیڑیئے۔؟" شام نے پوچھا۔

سوبی نے کہا۔

"غالباً تمہارا اشارہ جنگ کی طرف ہے مجھے جنگ کی شقادت سے انکار نہیں۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ انسانی ترقی کے لئے آدرش کے لئے خون بہانا جائز ہے۔!"

"کس کا آدرش۔؟" شام نے پوچھا۔

"ایک آدرش امیر کا ہوتا ہے۔ ایک آدرش غریب کا ہوتا ہے۔ ایک آدرش سفید آدمی کا ہوتا ہے۔ ایک آدرش کالے آدمی کا ہوتا ہے۔ دونوں انسانی ترقی کے لئے سوچتے ہیں لیکن الگ الگ ——— ان دونوں کے سپنے جُدا جُدا ہیں۔ مجھے تو ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے یہ جنگ نہیں۔ دو سپنوں کی لڑائی ہے۔!"

"تم سچ کہتے ہو۔" موبی نے جواب دیا۔

"لیکن یہ کالے اور گورے آدمیوں کے سپنوں کی لڑائی نہیں۔ ہم تو اس سپنے کے خلاف لڑ رہے ہیں۔ جو فسطائیت کے اجارہ دار دیکھ رہے ہیں۔ وہ سپنا جو توجو دیکھتا ہے۔ جو ہٹلر دیکھتا ہے۔ ایک کالا ہے۔ ایک گورا۔ تمہاری دلیل غلط ہے۔ میں جانتا ہوں یہ سپنے بہت بھیانک ہیں۔ مجھے اس سے نفرت بھی ہے لیکن اس کا ثبوت کہ تم بھی وہی سپنا نہیں دیکھ رہے ہو۔؟"

"اس کی گواہ ہماری امریکی تاریخ ہے۔" موبی نے فخریہ لہجہ میں کہا۔

"انگریزوں کی جمہوریت پسندی ہے۔ روس کا اشتراکی نظام ہے۔ چین کی کومن تانگ ہے۔ جسے سن یات سین ایسے آزادی پسند نے ترتیب دیا ہے۔ ہمارا ضمیر بالکل صاف ہے۔"

"اور ہندوستان۔" شام نے چڑ کر کہا۔

"غالباً تمہارا ضمیر بھی جنگی مصلحتوں کے پیش نظر آہن اور کنکریٹ کا بنا ہوا ہے کہ اس پر کسی اخلاقی ہم کا اثر نہیں ہوتا۔"

موبی نے کہا۔" میں اس ملک میں تمہارا مہمان ہوں۔ تمہاری حکومت کا مہمان ہوں۔ مجھے اس ملک کے حالات کے بارے میں زیادہ آگاہی نہیں ہے۔ اور پھر میں یہاں کی پیچیدہ سیاست کی گتھیوں کو سلجھا بھی نہیں سکتا۔ اتنا جانتا ہوں کہ جب میں پچھلے دنوں بنگال میں تھا اور ہزاروں آدمیوں کو قحط سے مرتے دیکھ رہا تھا۔ تو بس یہی سوچ سوچکر حیران ہوتا تھا۔ کہ کیسے لوگ ہیں۔ اپنے سامنے اپنے ہمسایوں کو اپنے عزیزوں کو مرتے دیکھتے ہیں۔ اور انکی کوئی مدد نہیں کرتے۔ ان کے لئے ان کے ہاتھ میں چاول کا

ایک دانہ نہیں، آنکھوں میں ایک آنسو بھی نہیں۔ سچ کہتا ہوں۔ میں نے ایسے پتھر دل لوگ کہیں نہیں دیکھے۔ کیا یہ قومیت کا فقدان تو نہیں۔؟

"مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے شیمی۔! جیسے یہ ایک ملک نہیں کئی ملک ہیں۔ ایک قوم نہیں۔ کئی قومیں ہیں۔ ایک زبان نہیں کئی زبانیں ہیں۔ ایک کلچر نہیں کئی کلچر ہیں۔ ہر ایک دوسرے سے الگ ہے۔ اور اپنی جگہ منفرد۔!"

شام نے پوچھا۔ "تمہارا کیا خیال ہے۔؟ بنگال کی مدد کس نے کی۔؟ کیا یہ چند لاکھ روپے، اناج کی چند بوریاں جو سرکاری یا غیر سرکاری طور پر پبلک کے ایما پر یا حکومت کے نام پر بنگال میں صرف کی گئیں، بنگال کی بھوک کو مٹا دینے کے لئے کافی تھیں۔؟ یہ مدد تو آٹے میں نمک کے برابر بھی۔ بنگال کو خود بنگال نے بچایا ہے۔ ورنہ آج تمہیں ایک بنگالی بھی زندہ نظر نہ آتا۔ قحط کی شدت کا وہ عالم تھا ——

امداد کی بھی آخر ایک حد ہوتی ہے۔ جو آدمی خود موت کے بھنور میں پھنسا ہو وہ دوسروں کی مدد کیا کریگا۔؟ تمہارے گھروں میں خوشحالی ہے۔ فارغ البالی ہے۔ اجناس کی کثرت سے تم لوگ ترس کھا کر اپنے ہمسایوں کی مدد کر سکتے ہو۔ ان کی مصیبت پر آنسو بھی بہا سکتے ہو۔ لیکن جس غریب کے پاس خود کھانے کو کچھ نہ ہو۔ وہ اپنے ہمسائے کی کیسے مدد کریگا۔

اور آنسو۔؟ اس منزل پر پہنچ کر آنسو بھی جواب دے جاتے ہیں۔ آخر آنسو بھی تو روٹی سے پیدا ہوتے ہیں۔ اور جب روٹی ہی نہ ملے تو آدمی کیا دوسروں کی فاقہ مستی پر آنسو بہائے گا۔؟

ہم ایک قوم نہ سہی، بہت سی قومیں سہی —— لیکن یورپ میں

بھی تو بہت سی قومیں ہیں NRRA ان کی مدد کے لئے تیار ہے۔ ہمارے لئے کیوں نہیں بلقانی قومیں اور خصوصاً یونان قحط کی کس منزل سے گزر رہا ہے۔ وہاں، اتحادیوں نے کس مشکل سے گندم کی بوریاں پہنچائی ہیں ــــــــ اور یہاں ہم مانگتے ہیں۔ گندم کی بوریاں اور ملتی ہیں وہسکی کی بوتلیں۔!"

مولی نے ہنس کر کہا۔

"بس میں اپنے کانوں سے سن رہا ہوں۔"

"کیا مطلب۔؟"

"سب سن رہا ہوں۔ دماغ میں جگہ دے رہا ہوں۔ لیکن کچھ کہونگا نہیں۔"

"کیوں۔؟"

"ہمیں ہدایات ہیں۔ سب کچھ سن لو۔ مگر منھ سے کچھ نہ بولو۔ خاص طور پر اس مسئلے پر ــــــــ سنو، مجھے ایک اور دلچسپ بات اس وقت یاد آئی۔ مجھ سے کہا گیا ہے۔ کہ ہندوستانیوں سے تحفے تحائف نہ قبول کرو۔ اور اگر قبول کرو تو ایسے تحائف جو بہت ہی کم قیمت کے ہوں۔"

"کیوں۔؟"

ــــــــ ؟

"اس لئے کہ میں نے سنا ہے کہ ہندوستانیوں کا یہ دستور ہے کہ ایک حقیر سا تحفہ دیکر بہت بڑا انعام حاصل کرنے کی توقع کرتے ہیں۔"

شام کی تلخی بڑھتی جارہی تھی۔ اس نے آہستہ سے کہا۔

یہ سچ ہے۔! مگر ــــــــ کاش یہ ہدایات آج سے ڈیڑھ سو سال پہلے

ایسٹ انڈیا کمپنی کے ملازموں کو دی جائیں۔ ہم تو اپنے تحفوں میں اپنا گھر بھی لٹا بیٹھے اس سے ہمیں جو فائدہ پہنچا۔ وہ ساری دنیا جانتی ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ ہندوستان میں ہمیشہ لوٹنے والے آتے رہے۔ ہندوستانیوں نے کبھی باہر جا کر کسی ملک یا قوم کو نہیں لوٹا ہے ——— اور آج ہم پر یہ تہمت لگائی جاتی ہے۔ اس تہذیب کے وارثین کی طرف سے جنہوں نے ریڈ انڈین لوگوں سے ان کا سارا ملک ہتھیا لیا تھا۔ ؟ خدا جانے اس وقت یہ ہدایات کیوں نہ دی گئیں۔

موبی نے کھسیانہ ہو کر کہا۔

"آخر تم کیا چاہتے ہو۔ ؟"

"وہ سب کچھ جو تم غلام یوروپ کے لئے تجویز کرتے ہو۔ آزادی اور روٹی بلکہ ہمارے لئے صرف آزادی۔ پھر روٹی ہم خود پیدا کر لیں گے۔"

موبی نے کہا۔

"آزادی دی نہیں جاتی، حاصل کی جاتی ہے۔"

"تو غلام یوروپ کو بھی کیوں نہ اس کی قسمت پر چھوڑ دو۔ اسے خود اپنے درد کا مداوا کرنے دو۔"

"یہ تمہارا اپنا اندرونی مسئلہ ہے۔ ہم اس میں کیسے دخل دے سکتے ہیں۔"

"یہی سلوک یوروپی قوموں کے ساتھ روا رکھو۔ تب تمہاری نقطی حیثیت مستحکم ہوگی لیکن اخلاقی اعتبار سے وہ بھی بعید ناقص ہوگی۔ کیونکہ انسانی سماج ایک جسم ہے۔ اگر ٹانگ پر زخم آجائے تو دماغ مدد کرنے سے انکار نہیں کر سکتا۔ شاید ابھی تم اس حقیقت کو نہیں سمجھتے ہو۔ آٹھ دس جنگوں کے بعد سمجھو گے کہ امن اور جنگ کی طرح

انسانی آزادی بھی ناقابل تقسیم ہے۔ وہ کُل بنی نوع آدم کی میراث ہے۔ جب تک وہ سارے انسانوں میں مشترک نہیں ہوتی۔ ہم تو خیر غلام رہیں گے ہی۔ لیکن تم بھی ہر پچیسویں سال اپنی نوجوان نسل کو موت کے گھاٹ اتارتے رہو گے۔ ہر پچیسویں سال اپنی نوجوان دلہنوں کو رانڈ اور اپنے بچوں کو یتیم کرتے رہو گے۔ تمہارے سیاستداں غالباً اسے دانشوری سے تعبیر کرتے ہوں گے۔ میں تو اسے خودکشی کہوں گا۔"

"شام سچ کہتا تھا۔" موبی نے ہنس کر کہا۔

"کسی پڑھے لکھے ہندوستانی سے بات مت کرو۔ وہ ہر پھر کر سیاست پر آجائے گا۔"

شام کا لہجہ یکایک نرم پڑ گیا۔ اس نے شرمندہ سا ہو کر موبی سے کہا:

"اچھا تو بتاؤ ——— اور ——— کیا باتیں کریں۔"

"فیشن ٹو۔" موبی چلایا۔

شام اور موبی ہنسنے لگے اور وہ ذہنی مغائرت دور ہو گئی۔

شام نے موبی کے شانے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔

"اچھا ——— آؤ ——— روئے دلدار کی باتیں کریں ———

پہلے میں اپنے محبوب کا سراپا بیان کرتا ہوں ——— پھر تمہیں موقعہ دونگا ———

سنو ——— اس کا نام ہے رمو۔"

شام کی آنکھیں خوابیدہ سی ہو گئیں۔ وہ اپنے محبوب کا نام بھی پوری طرح ادا نہ کر سکا کہ وہ نام تھا میں شہد و شکر کی طرح گھل گیا۔ محبوب کا نام لیتے کر اس کے لہجہ میں ایسی حلاوت آ گئی کہ موبی نے اس نام و اک مدھم، میٹھے سانس

کے لمس کی طرح اپنے رخساروں پر محسوس کیا۔ اس نے دیکھا کہ رات یکایک زیادہ گہری ہو گئی ہے۔ تارے ایک دم جگمگا اٹھے ہیں۔ ہوا خوشبوؤں سے معمور ہو گئی ہے۔ اور جنگ دُور، بہت دور کسی گہری خندق میں جا چھپی ہے۔

موبی نے ایک تھکے ہوئے سکون طلب انداز میں اپنا بازو شام کے کندھے پر رکھ دیا۔ اور آہستہ سے کہنے لگا۔

"ایک بار پھر کہو شیمی، تاکہ تمہارے ہونٹ تمہارے دلدار کے نام کو ایک بار پھر چوم سکیں ——— اوبوائے ——— اوبوائے !!"

شام نے مسکرا کر موبی کا ہاتھ زور سے دبایا اور وہ دونوں سڑک پر چلنے لگے۔ دو رفیقوں کی طرح، ایک دوسرے کے ہاتھ میں ہاتھ دیئے تاروں کی دھندلی چھاؤں میں، دھندلکوں اور سیاہیوں کی شبنمی دنیاؤں میں ——— زیرِ آسمان دو آخری انسان۔ !

* * *

ڈھل واڑی میں جو پک نک ہوئی تھی۔ اس میں حمید اور عذرا بھی نے موبی کو بھی مدعو کیا تھا۔ ایک عرصے کے بعد موبی ان لوگوں سے ملا تھا۔ اب اس کا رنگ گہرا سرخ ہو گیا تھا۔ اور گردن اور چہرے پر خراشوں کے نشان تھے۔

"بلیاں پالتے رہے ہو کیا۔ ؟" حمید نے معنی خیز لہجہ میں پوچھا۔

موبی بے جھجک ہنسا۔ کہنے لگا "نیویارک میں ایک بلی ہے۔ بس اسے

پالنے کا ارادہ ہے۔ یہ تو جوجتسو کے نشان ہیں۔"

"آج کل جو جتسو سیکھ رہے ہو۔؟" پرویز نے پوچھا۔

"نہیں۔ سکھا رہا ہوں۔ عرصہ ہوا میں نے اسے جاپان میں سیکھا تھا۔"

"جوجتسو اور باکسنگ ان دونوں میں تم کس کو بہتر سمجھتے ہو۔؟"

پرویز نے پوچھا۔

"باکسنگ میں روانگی ہے، جوجتسو میں چالاکی۔ باکسنگ میں دیانت ہے جوجتسو میں ریاکاری، باکسنگ میں مقابلہ سیدھا اور صاف ہوتا ہے۔ جوجتسو میں موقعہ شناسی اور عیاری سے کام لیا جاتا ہے۔" موبی نے اپنی انگلیوں پر گنتے ہوئے کہا۔

"یہ دونوں کھیل دو مختلف اقوام کی فطرت کا مظاہرہ کرتی ہیں۔"

پرکاش نے کہا۔

پرویز نے اصرار کیا۔

"پھر بھی تم ان دونوں میں سے کس کو بہتر سمجھتے ہو۔؟"

عذرا بہن نے کہا۔

"تم موبی سے پوچھ رہے ہو کہ وہ امریکہ اور جاپان میں سے کس کو پسند کرتا ہے۔" اس پر ایک قہقہہ پڑا۔

حمید نے کہا۔

"جوجتسو میں سمجھتا ہوں سارا اڑنگے کا کھیل ہے۔" اڑنگے پر لاتے ہی کھلاڑی مخالف کو دے پٹختا ہے۔ دراصل اس دنیا میں اڑنگا بڑی چیز ہے شاید

کسی یونانی فلسفی کا قول ہے کہ اگر اس کرۂ ارض کو کہیں پر ٹھیک طرح سے اڑنگے پر لایا جائے تو یہ زمین یوں چٹکیوں میں اپنے محور پر الٹی گھوم جائے۔"
پرکاش نے کہا۔
"جاپانی بھی کوشش کر رہے ہیں نا لیکن نہیں جانتے کہ اڑنگے پر لانے کے لئے بھی کس قدر قوت درکار ہوتی ہے۔!"
موبی بولا۔"اور قوت باکسنگ ہی سے آتی ہے۔!" پھر وہ گفتگو کا موضوع بدل کر کہنے لگا۔
"عذرا بہن اس روز داؤد یا ہال میں آپ نے بنگال کے فاقہ کشوں کیلئے جو ڈرامہ کیا تھا وہ ہمیں بے حد پسند آیا۔"
"تم کہاں بیٹھے تھے۔؟" ممتاز نے شکایت آمیز لہجہ میں پوچھا۔
"چوتھی قطار میں۔ میرا کرنل میرے ساتھ تھا۔"
"چھوٹے منہ۔" شام چلایا۔
"فٹے مو۔" موبی نے ہنس کر اپنا ہاتھ بلند کیا۔
"جانتے ہو شیمی میرا کرنل مجھ سے فٹے مو سنکر بے حد خوش ہوتا ہے۔ غالباً اسی وجہ سے اس نے مجھے جو جنسو گروپ کا آفیسر مقرر کیا ہے۔ اور معلوم ہے تمہیں۔ اس روز تمہارا کھیل دیکھ کر اس نے مجھ سے کیا کہا۔؟ اس نے مجھ سے کہا۔
او لوائے۔ یا او لوائے......! مجھے معلوم نہ تھا کہ ہندوستانی ڈرامے بھی اس بلند پایہ حقیقت نگاری کے حامل ہو سکتے ہیں۔ اس نے مجھ سے کہا کہ اب میں ہندوستانی فلمیں بھی دیکھا کرونگا۔ کل ہم اسی جوش میں آکر شکنتلا دیکھنے چلے گئے

_____ جیسمر۔ ! عذرا بہن تمہارا ناچ تمہارے ڈرامے کی جان تھا۔"
شام نے موبی کو گھورا۔" اور ہمارا ذکر تک نہیں کرتے ہو کھو نتی کے ___
_____ میں اس ڈرامے کا پروڈیوسر تھا۔ !"
"فٹے مو۔" موبی نے اسے چڑانے کے لیئے کہا۔ شام اس کی طرف لپکا۔ اور موبی وہاں سے بھاگا۔ شام اس کے پیچھے پیچھے، ایک سبز ٹلے پر وہ دونوں خوب گتھم گتھا ہوئے موبی نے جو جتسو سے وار کیا۔ پھر باکسنگ سے شام نے پہلوانی کے داؤ سے کام لیا۔ اور چشم زدن میں موبی نیچے تھا۔ اور شام اس کے اوپر۔ پھر دونوں ہنس کر اور کپڑے جھاڑ کر اٹھ کھڑے ہوئے۔
" سنو موبی۔" پرکاش سمجھانے لگا۔ "یہ جو جتسو تمہارے کسی کام کی نہیں۔"
"پہلوانی سیکھو پیارے۔" شام نے کہا۔
" کرنل سے کہو کہ وہ اپنے سپاہیوں کو یہ کھیل سکھائے، مجھے ساتھ لے چلو۔
_____ ہندی پہلوانی کے مقابلے میں نہ باکسنگ چلتی ہے نہ جو جتسو۔ !"
" مگر تمہارے ملک کے تو کسی کام نہ آئی یہ پہلوانی۔ !" موبی نے وار کیا اور اس نے دیکھا تیر نشانے پر بیٹھا ہے۔ دوسرے لمحہ میں ہر ہندوستانی کا چہرہ زرد تھا۔ رنگ اڑ گیا تھا۔ شام، جو ابھی ابھی اس قدر شاداں و فرحاں نظر آتا تھا۔ اب گردن جھکائے کھڑا تھا۔
" مجھے افسوس ہے۔ بہت افسوس ہے۔" موبی نے پر خلوص لہجہ میں کہا۔
" میرا یہ منشا ہرگز ہرگز نہ تھا۔"
عذرا بہن نے سنجیدہ رو ہو کر کہا۔

"بیٹھو، اب چائے پیو، پھر ندی کے کنارے جا کر بیٹھیں گے اور پرویز سے گانا سنیں گے۔"

چائے پیتے پیتے موبلی نے ڈھلی وادی کی فضا کو اپنے احساسات میں رچنے اور جذب ہو جانے کے لئے اپنے تحت الشعور کو ماضی کی گرفت سے آزاد کرنے کی کوشش کی۔ اور جونہی اس کوشش کے زیرِ اثر اس کے پرانے محسوسات اور جذبات کا آہنی جال اس کے شعور، تحت الشعور اور لاشعور سے الگ ہوتا گیا۔ اس کے جسم و جان میں ڈھلی وادی کا حسن سرایت کرتا گیا۔ یہ حسن زہر نہ تھا۔ یہ حسن شراب بھی نہ تھا۔ بلکہ ایک اعلیٰ۔ ارفع مسرت بھری ہنسی کی طرح بے لوث معصوم اور تقویت دینے والا جذبہ تھا ——— وہ آم کے پیڑ کے نیچے اپنے بازو سر کے نیچے رکھ کر لیٹ گیا۔ اور سنگبر کے درختوں کی اس قطار کو دیکھنے لگا۔ جس کے شعلہ بداماں پھول ندی کے بہاؤ میں خوبصورت چراغوں کی طرح جگمگا رہے تھے۔ پانی کا مترنم بہاؤ ایک سریلے گیت کی طرح ان حسین شمعوں کے گرد لرزتا ہوا معلوم ہوتا تھا۔ اور اسے عذرا بہن کا وہ ناچ یاد آیا۔ جب وہ مومی شمعوں کے ہالے میں رقص کرتی ہوئی مسکرا رہی تھی۔ ماڈونا کی مسکراہٹ ——— اور کرسمس کی مومی شمعیں ——— خدا جانے اسے کیوں کر ان ہندی عورتوں کے چہرے ماڈونا کے سے معلوم ہوتے ہیں کیوں یہ زمین اس کی جانی پہچانی معلوم ہوتی ہے کیوں یہ لوگ اسے اپنے بھائی بندہی نظر آتے ہیں۔ یہ پیڑ، یہ زمین، یہ سبزہ، یہ ندی۔ یہ مغربی گھاٹ کی نیلی چوٹیوں کی افق سے اترتی ہوئی قطار، جیسے کنواریاں سر پر گھڑے لئے کسی گھاٹی کی آغوش میں پنگھٹ کو جا رہی ہوں۔ یہ

جروسلم ہے یاد شہل واڑی۔ یہ مندر کا سنہری کلس اور اس کا ترسول اس کی آنکھوں میں چمکنے لگا۔ ترسول، صلیب ہی تو ہے .... ہاں وہی تو ہے۔! یہ مندر جو ندی کے کنارے ہے۔ یہ شفق جو ندی میں پھیلی ہوئی ہے۔ یہ کسان جو ندی کے کنارے اپنے کھیت میں ہل چلا رہا ہے۔ کیوں وہ اس منظر سے صدیوں سے واقف ہے۔؟ اور واقف ہو کر بھی آج تک ناواقف ہے۔ انسان اور زمین کی تصویر تو بہت سادہ ہے۔ اس میں سبزہ ہے اور پانی ہے اور ہل ہے اور شفق کا سونا ہے اور عبادت کے لئے ایک مندر ہے۔ اس معصوم تصویر میں کس لئے خونیں نقش و نگار ابھارے جا رہے ہیں۔ !کس لئے کس لئے۔؟

یکا یک پرویز نے کہا۔

"موبی جب میں ندی کے کنارے اس مندر کو دیکھتا ہوں تو میرا جی بے اختیار عبادت کرنے کو چاہتا ہے۔"

"کس کی عبادت۔؟" ممتاز نے شوخی سے پوچھا۔

موبی چیخا۔

"او شیمی او شیمی لوائے ادھر آنا۔ عشق ہو رہا ہے۔"

شام کچھ دور جھاڑیوں پر سے چنبیلی کے پھول چننے میں مصروف تھا۔ وہ رومال میں بہت سے پھول بھر کر لایا۔ اور آتے ہی اس نے یہ پھول ممتاز اور پرویز کے سروں پر ڈال دیئے۔

موبی جلدی سے ممتاز اور پرویز کے ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر ایک پادری کی طرح شادی کا وظیفہ پڑھنے لگا کہ ممتاز نے جلدی سے ہاتھ چھڑا لیا

اور سب ہنسنے لگے۔

پیتل کی گاگریں لئے مرہٹی لڑکیاں مندر کے قریب ایک خوشنما باؤلی پر آئی گئیں اور ان کی ساڑھیوں کے پنچ رنگے کنارے مور کے چھتر کی طرح فضا میں ناچنے لگے۔

پرکاش آہ بھر کر کہنے لگا۔

"جب عورت مسکراتی ہے تو پھولوں پر شبنم چمکتی ہے۔ اور چشمے کا پانی گیت گانے لگتا ہے۔"

حمید نے کہا۔

"اتو ہے یہ تو، عورت کہیں نہیں ہے، یہ صرف مرد کا تخیّل ہے۔"

عذرا بہن نے حمید کی طرف قہر بھری نگاہوں سے دیکھا۔

لڑکیاں پیتل کی گاگریں سر پر رکھے گھاٹی کے اوپر چڑھتی جا رہی تھیں گھاٹی چڑھ کر ان کا گاؤں آتا تھا۔ گھاٹی کی پگڈنڈی ہندی کی لکیر تھی۔ جس کی خاک سے کنواریاں سدا سہاگن ہوتی ہیں۔ وٹھل واڑی کا چشمہ امرت ہے۔ وٹھل واڑی کی زمین میں شکر گھلی ہوئی ہے۔ پھر وٹھل واڑی کے گنّے اس قدر میٹھے کیوں نہ ہوں۔ پھر کنواریوں کے گلے میں کیوں نہ رس ہو۔ وٹھل واڑی کے گیت گاؤ۔ وٹھل واڑی بیٹیوں کا سب سے سندر گاؤں ہے۔"

پرکاش نے جب یہ گیت موبی کو سنایا تو وہ اچھل پڑا کہنے لگا۔

"شیمی، اگر کوئی حرج نہ ہو تو میں ان جھاڑیوں کے پیچھے چھپ کر پگڈنڈی پر چلتی ہوئی لڑکیوں کی تصویر لے لوں۔"

"کیوں۔؟" شام کا لہجہ شبہے سے خالی نہ تھا۔
"ہم داٹر ورکس کے سماج میں رہتے ہیں بھائی۔" موبی نے جواب دیا۔
"تم نہیں جانتے، میرے لئے یہ منظر کسقدر عجیب ہے۔!"
شام نے اجازت دیدی۔ موبی نے کیمرہ درست کیا اور پھر آہستہ آہستہ جھاڑیوں کی اوٹ میں سے ہو کر چلا۔ آخر کار وہ ایک بڑی جھاڑی کے پیچھے غائب ہو گیا۔
چند لمحے خاموشی رہی۔ وہ اس جھاڑی کی طرف دیکھتے رہے اور گھاٹی میں لڑکیوں کا گیت گونجتا رہا۔
پھر جھاڑی کی اوٹ میں سے موبی کا سر بلند ہوا۔ اس نے زور سے ایک چیخ ماری۔ "سانپ۔! سانپ۔!!" اور وہ پھر اسی جھاڑی میں غائب ہو گیا۔
سب لوگ اس کی طرف لپکے۔ پھر رک گئے۔ پھر بڑھے۔ پھر چیخنے لگے "سانپ! سانپ۔!!"
پگڈنڈی پر چلتی ہوئی لڑکیوں کے قدم رک گئے۔ نغمہ بند ہو گیا۔ وہ جلدی جلدی نیچے اتر آئیں۔
موبی نے سانپ کا سر کچل دیا تھا۔ لیکن اس کا چہرہ سبز ہوتا جا رہا تھا۔
موبی نے کہا۔
"سانپ نے ——— مجھے ——— کاٹ کھایا ہے ——— دیکھو"
"ٹانگ پر ——— ٹخنوں سے اوپر ——— جلد کا رنگ سبز ہوتا جا رہا تھا۔
شام نے کیمرے کا چرمی فیتہ توڑ کر موبی کے گھٹنے کے اوپر کس کر باندھ دیا۔

ممتاز نے اپنا دوپٹہ شام کے ہاتھ میں دیدیا۔ پھر کہنے لگی۔

"پیاز کھلاؤ۔ اسے پیاز ——— اور بھاگی بھاگی آم کے پیڑ کے نیچے پڑے ہوئے سامانِ خورد و نوش میں سے پیاز ڈھونڈھنے گئی۔

گاؤں کی ایک لڑکی بولی۔ "مگر یہ نوا فعی ہے، ہائے۔"

حمید نے گھبرا کر کہا۔

"اگر اس وقت کہیں سے موٹر مل جاتی۔"

پرکاش بولا۔

"موٹر تو اب شام کے سات بجے آئے گی۔"

گاؤں کی ایک اور لڑکی بولی۔

"مگر یہ نوا فعی ہے یہ تو پانچ منٹ میں۔!"

مولی کی حالت ہر لحظہ غیر ہو رہی تھی۔

ایک دبلی پتلی سانولے رنگ کی لڑکی جھجکتے جھجکتے آگے بڑھی۔ اس نے گاگر سر سے اتار کر زمین پر رکھ دی۔ اور پھر آگے بڑھ کر غور سے اس چھوٹے زخم کے منہ کو دیکھنے لگی جو ٹخنوں سے اوپر کی جلد کو سبز کرتا جا رہا تھا۔ پیشتر اس کے کہ کوئی سمجھے کہ وہ کیا کر رہی ہے۔ اس نے اپنے ہونٹ اس زخم سے لگا دیئے۔ اور زہر چوس کر تھوک دیا۔ ایک بار ——— دو بار ——— مولی نے اپنا پاؤں ہٹانا چاہا۔ مگر اس لڑکی نے پاؤں چھوڑا نہیں۔

تیسری بار وہ اچھل کر پرے ہو گیا اور لڑکی کی گاگر الٹ گئی اور ٹھوکر کھا کر شور مچاتی ہوئی ڈھلوان کی جانب لڑھکتی گئی۔ لڑکی اپنی گاگر کی طرف بھاگی ندی

کے کنارے پہنچ کر اس نے اسے پھر پالیا۔ وہاں اس نے پانی سے کلّیاں کیں۔ ایک جڑی توڑ کر کھائی۔ باؤلی سے پانی بھرا اور پھر گھاٹی پر چڑھنے لگی۔

یکایک موبی نے کہا۔

"بات سنو۔"

لڑکی رک گئی اور چپ چاپ اس کی طرف دیکھنے لگی۔

"تمہارا نام۔؟"

لڑکی نے شرما کر منھ پرے کر لیا۔ دوسری لڑکی نے آہستہ سے کہا۔

"موہنی اس کا نام ہے۔ مگر یہ گونگی ہے۔" وہ ہنسی اور موہنی کی نگاہیں زمین پر جھک گئیں۔

"میں اس کے ماں باپ سے ملنا چاہتا ہوں۔" موبی نے کہا۔

ایک لڑکی نے بتایا۔ "اس کے ماں باپ مر گئے ہیں۔ یہ اپنے چچا کے ہاں رہتی ہے۔!"

موبی نے شام سے کہا۔

"مگر ـــــــ اس لڑکی کو فوراً میرے ساتھ ہسپتال لے چلنا چاہیئے۔"

شام نے کہا۔ "چپ رہو بھوتنی کے۔"

لڑکیاں جلدی جلدی آگے بڑھ گئیں۔ موبی وہیں دیر تک محوِ حیرت......!

٭ ٭ ٭

ہسپتال میں موبی سے ڈاکٹر نے کہا۔ "اچھا ہوا اس لڑکی نے زہر چوس لیا۔ اور اگل دیا۔ ورنہ تمہاری جان نہ بچتی۔"

"مگر میں نے تو سانپ کے کاٹے کا انجکشن ہندوستان آتے ہی لے لیا تھا۔"

"اس انجکشن میں اس سانپ کے زہر کا تریاق شامل نہیں۔" ڈاکٹر اس چھوٹے سے سانپ کے کچلے ہوئے سر کا معائنہ کرنے لگا ——— "جاؤ ——— اب تمہیں کوئی خطرہ لاحق نہیں۔"

موبی کے لبوں پر ایک نام آیا۔ "موشمی۔!"

"چپ رہ بھوتنی کے۔!" شام نے کہا۔

٭ ٭ ٭

پھر جب موبی شام کے گھر آیا تو جاپانیوں نے آسام پر حملہ کر دیا تھا۔ اور اسے واپس آسام جانے کا بلاوا آچکا تھا۔ اگلی صبح وہ آسام جا رہا تھا۔

پرکاش بھی فوج میں داخل ہو گیا تھا۔ وہ بھی اگلے دن ہی جا رہا تھا۔

محفل اداس تھی۔ ممتاز کی آنکھوں میں سرخ ڈورے تھے۔ حمید بھی آج سگریٹ کی بجائے سگار پی رہا تھا۔ عذرا بہن کی آنکھوں کی متانت اور بھی دبیز ہو گئی تھی۔ وہ نیلیاں آج بے حد پُراسرار تھیں۔

موبی جو ہمیشہ چہکتا تھا۔ آج خاموشی کی حد تک کم گو تھا۔

پرویز نے سگریٹ سلگاتے ہوئے کہا۔

"تم تو پرل ہاربر کے لئے لڑ رہے ہو۔ لیکن یہ پرکاش کیوں لڑ رہا ہے۔؟"

شام نے کہا۔ "شاید آج میں بھی فوجی وردی پہنے ہوتا۔ لیکن دل میں وہ ولولہ نہیں۔ وہ امنگ نہیں۔ وہ جوش نہیں۔ اپنی غلامی کا کس سے انتقام لیں۔ جاپانیوں سے، جاپانی فسطائی ہیں اس لئے۔ ؟ انگریز اپنے ملک میں نا فسطائی ہوں تو ہوں، اس ملک میں تو اکثر اوقات ان کے طرزِ عمل کو فسطائیوں کے سلوک سے متمیز کرنا دشوار ہو جاتا ہے ــــــــــ موبی سچ بتاؤ، تم کیوں لڑنے جا رہے ہو۔ تم اپنی ماں کے اکلوتے بیٹے ہو۔ تم.........

موبی نے پے لیسٹ بیئر کے آٹھ ڈبے جھولے سے نکال کر میز پر رکھ دیئے۔ کہنے لگا: "یہ بیئر میں نے اس دن کے لئے سنبھال کر رکھی تھی۔ آج وہ دن بھی آن پہنچا ہے، پیئو۔ !"

شام نے ڈبے میں چاقو سے سوراخ کیا اور بیئر کی دھار اُبل کر اس کے چہرے پر آ پڑی۔ پھر وہ جلدی سے بے سنہری سیّال گلاسوں میں انڈیلتا گیا۔ بیئر کا کف گلاسوں کے اوپر بڑھ رہا تھا۔ جس طرح ساحل کی ریت پر سمندر کا جھاگ اچھلتا ہے۔

شام نے پوچھا۔ "تم نے میرے سوال کا جواب نہیں دیا۔"

پرکاش نے جذباتی لہجہ میں کہا۔ "مجھ سے پوچھو، میں بتاتا ہوں۔ میں کیوں لڑنے جا رہا ہوں۔ ؟"

"اس لئے کہ تم بے وقوف ہو۔" پرویز نے کہا: "انگریز ہندو کو ہندوستان دیگا۔ نہ مسلمان کو پاکستان۔ وہ دونوں کو بیوقوف بنا رہا ہے۔ جاہل کہیں کے۔"

"کہنے دو اسے۔" ممتاز نے کہا۔ "اس کی بات بھی سن لینے دو۔" ممتاز کی آنکھوں میں آنسو تھے۔

پرکاش نے تشکر آمیز نگاہوں سے ممتاز کی طرف دیکھا۔

"میں مرنے کے لئے جا رہا ہوں۔ اب واپس نہیں آؤں گا۔ میں جاپانی فسطائیت کے خلاف اپنا خون بہانے جا رہا ہوں۔"

سب ہنس پڑے۔ موبی خاموشی سے اس کی باتیں سنتا رہا۔

پرکاش نے کہا۔

"آج مدت کے بعد یہ لسبٹ پینے کو ملی ہے۔ زبان ترس گئی تھی۔ اس کے ذائقے کو۔"

حمید نے کہا۔ "شاباش بیٹا، مرنے سے پہلے جی بھر کر پی لو۔"

پرکاش کہہ رہا تھا۔ جیسے وہ اپنے آپ سے ہمکلام ہو ——— "جب میں ذہنی دوراہے پر آ گیا تو سوچتا تھا کیا کروں۔ ؛ فرنگی فسطائیت اچھی ہے نہ جاپانی پھر۔ ؛ کیا کروں۔ ؛ چپکا بیٹھا رہوں۔ ؛ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اسی کربناک ثنویت کا شکار بنا رہوں۔ اپنے ملک میں انگریزوں اور جاپانیوں کو لڑتا دیکھوں۔ ؛ اپنے کھیتوں کو، اپنے گاؤں اپنے شہروں کو اجڑتا دیکھوں اور ہاتھ پر ہاتھ دھرے خاموش بیٹھا رہوں ——— ؛ غلامی کے بعد بے حیائی اور ڈھٹائی کی منزل آتی ہے۔ اور اس منزل پر پہنچ کر ہر قوم مُردہ ہو جاتی ہے۔ غلامی سے آزادی نصیب ہو سکتی ہے۔ لیکن جب کوئی قوم غلامی کی حدود سے گزر کر بے حیائی ڈھٹائی اور بے عملی کا ثبوت دینے لگے۔ تو پھر وہ کبھی آزاد نہیں ہو سکتی۔ اس لئے تو میں جاپانی فسطائیت کے خلاف لڑ کر اپنا خون بہا دینا چاہتا ہوں۔ میرا یہ اقدام فسطائیت کے سارے ظالمانہ نظام کے خلاف ہوگا۔ چاہے وہ دنیا کے کسی حصے میں کیوں نہ واقع ہو۔ چاہے ان کے اثرات بعض

اتحادیوں ہی میں نمایاں کیوں نہ ہوں۔ میری موت، میری لڑائی اس فسطائیت کو
بھی ضرور کمزور کرے گی۔ جس کی ایک جھلک شاید ہمیں اپنے گھر میں بھی ملتی ہے۔"

پرکاش یکایک چپ ہو گیا۔ اس کا چہرہ سرخ ہو گیا تھا۔ اس نے بیئر کا
گلاس اپنے ہونٹوں سے لگا لیا۔

پرویز نے کہا۔

"فرنگی سے کیوں نہیں لڑتے۔؟ یہ بھی تو مخمل نہیں، ریشم نہیں، دیبا نہیں۔"

حمید نے کہا۔

"غالباً پرکاش دو محاذ پر بیک وقت لڑنا نہیں چاہتا۔ ہٹلر کا حشر تم
دیکھ رہے ہو۔"

سب ہنسنے لگے۔ موبی چپ تھا۔

شام نے کہا۔ "بھوتنی کے تم نہیں بولو گے۔"

موبی نے کہا۔

"جہاں تک سیاست کا تعلق ہے۔ میں خاموش رہوں گا۔ جو ہدایات
مجھے ملی ہیں حتی الوسع ان کی پابندی کروں گا ـــــ ہاں اتنا ضرور کہوں گا کہ جب
میں آیا تو مجھے بہت سی ایسی باتیں کہی گئی تھیں۔ جو ہندوستانی سماج کے متعلق
تھیں۔ اور جو بعد میں مشاہدے اور تجربے سے غلط ثابت ہوئیں۔ ممکن ہے آج میں
ان باتوں کا یہاں اقرار نہ کرتا ـــــ لیکن فرنٹ پر جا رہا ہوں۔؟"

سب چپ چاپ اس کی باتیں سن رہے تھے۔

"مجھے بتایا گیا تھا کہ ہندوستانی عورتیں بڑی ڈرپوک ہوتی ہیں ـــــ

وہ پردے میں رہتی ہیں۔ اور سفید آدمی کے سامنے سے بھی گھبراتی ہیں ——— اب
میں جانتا ہوں کہ حقیقت کیا ہے ——— وہ پردے میں بے شک رہتی ہوں۔
وہ حیا پرور ہیں۔ لیکن ڈرپوک نہیں۔ وہ تمہارے مردوں سے زیادہ دلیر ہیں ———
وہ موت کا مقابلہ بھی کر سکتی ہیں۔ اگر ضرورت پڑے......"

حمید نے طنزاً کہا۔

"موبی نہیں بول رہا۔ سانپ کا زہر بول رہا ہے۔؟"

موبی نے کہا۔

"ہر آدمی چاہتا ہے کہ وہ دو مردوں کی بری باتیں سُنے اور ان پر اعتبار کرے۔
یہ انسانی فطرت ہے۔ اسی طرح میں نے بھی تمہارے متعلق بہت سی بری باتیں سنیں
اور ان پر اعتبار بھی کر لیا تھا ——— شیمی نہیں وہ تحفے تحائف والی بات یاد
ہوگی ——— تم مجھے کمینہ سمجھو گے لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ میں آج دن
تک تمہارے طرزِ عمل کو اسی کسوٹی پر پرکھتا رہا ہوں ——— مگر یہ کلیۂ بھی غلط
نکلا۔"

"غلط کیسے۔؟" شام نے کہا۔

"بھونتی کے۔ یہ بے لیسٹ جو بنا رہے ہو۔ چالیس روپے کی تو یہ اکیلی بیئر
بھی ہوگی۔ اس پر بھی کہتے ہو۔ ہم مالی فائدہ حاصل نہیں کرتے کیا بڑے اثاثہ
ہو جاتا ہے۔ نہیں۔؟"

موبی مسکرایا کہنے لگا۔

"میں سیاست نہیں جانتا ہوں صرف میں دیکھتا ہوں دل بہلاتا۔

ہوں۔ میں نے تمہارے دلوں کو بھی اچھی طرح ٹٹول ٹٹول کر دیکھا ہے ــــــــ
جب میں واپس امریکہ جاؤں گا تو ــــــــ

"تو کیا ہوگا۔؟" پرویز نے پوچھا۔

موبی نے کہا۔ "کچھ نہیں ــــــ سنو! وہ ــــ شاید کہیں بلبل بول رہی ہے۔"

"بلبل بول رہی ہے۔؟ یہاں۔؟ موبی یہ تمہارا واہمہ ہے۔ یہاں مغربی گھاٹ پر بلبل نہیں بولتی۔" پرویز نے جواب دیا۔

قدرے توقف کے بعد موبی نے آہستہ سے کہا ــــــ "مگر بالکل وہی آواز ہے ــــــ یہ نغمہ کہیں دور سے آیا ہے۔!" اس کی آنکھیں خوابیدہ ہوگئیں۔

"نیو یارک سے۔؟" شام نے پوچھا۔

"ہاں نیو یارک سے بھی آسکتا ہے۔ جہاں میری محبوبہ رہتی ہے۔ اور اودھر سے بھی جہاں میری ماں رہتی ہے ــــــ" موبی یادوں میں کھوگیا۔ "یہ میگنولیا کے سپید غنچے میری محبوب کے رخساروں کی طرح تازہ ہیں ــــــ میری ماں کے سپید بالوں کی طرح مقدس ہیں۔" موبی نے گلدان سے میگنولیا کے سپید غنچوں کو چھوا۔ ہلکے، آہستہ، ملائم انداز میں جیسے وہ ان سے پیار کر رہا ہو۔

پرکاش سسکیاں لینے لگا۔

موبی نے کہا۔ "شام میں سچ کہتا ہوں، میں پرل ہاربر کے لئے نہیں لڑ رہا ــــــ" وہ سوچنے لگا۔ "میں ــــــ شاید ــــــ ان سپید غنچوں

لڑ رہا ہوں۔"

اور موبی نے میگنولیا کے سپید پھول اپنے رخساروں سے لگا لیے۔
سب خاموش تھے۔ رات بھی خاموش تھی۔ صرف بیئر کا کف باقی تھا۔ اور دُور کہیں بہت دُور شاید کسی بلبل کا نغمہ گونج رہا تھا۔

⁂ ⁂ ⁂

کئی ماہ گزر گئے۔ موبی کا کوئی خط نہ آیا، شاید سنسر!
پرکاش بجربت تھا۔
پھر بنیہ چلا کر پرکاش جاپانیوں کے خلاف لڑتے لڑتے مارا گیا۔ پھر بھی موبی کا کوئی خط نہ آیا۔
پرویز نے کہا۔ "ان امریکنوں کا کیا اعتبار۔؟ یہاں پر کسی رفاقت جتلاتا تھا۔ اور وہاں جا کر...... اس نے سگریٹ کی راکھ خاکدان میں پھینک کر اپنی دانست میں موبی کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بھلا دیا۔
چند ہفتے ممتاز کی نگاہیں کھوئی کھوئی سی رہیں۔ پھر وہ بھی بھول گئی۔
پھر شام ٹائیفائیڈ میں مبتلا ہو گیا۔ علالت کے دوران اسے ایک سنسر شدہ خط ملا۔ یہ خط اوہیو سے آیا تھا۔ خط کھولتے کھولتے شام نے سوچا۔ بدمعاش واپس اوہیو پہنچ گیا ہے اور ——————

⁂ ⁂ ⁂

خط کی عبارت یہ تھی۔

پیارے بیٹے۔!

میں تمہیں اپنا بیٹا کہہ رہی ہوں، کیونکہ تم میرے موبی کے دوست ہو۔ اس لئے میں تمہیں خط لکھ رہی ہوں۔ ممکن ہے تم اپنی ماں کی کچھ مدد کرسکو۔ موبی نے مرنے سے پہلے اپنی وصیت میں تحریر کیا تھا کہ اس نے ڈلہل وارڈی میں ایک لڑکی کو اپنی بہن مانا تھا۔ اس لڑکی کا نام "موہنی" ہے۔ موبی نے یہ بھی لکھا تھا کہ تم اس لڑکی کو اچھی طرح پہچانتے ہو۔ کیا یہ نہیں ہو سکتا کہ اب، جبکہ موبی اس جہان میں نہیں ہے۔ تم میری بیٹی کو میرے پاس بھیجدو۔

اگر کسی وجہ سے یہ ممکن نہ ہو تو بھی مجھے لکھو: تاکہ میں خود ہی ہندوستان آنے کا بندوبست کرسکوں۔ اگر زندگی نے ساتھ دیا تو میں ضرور آؤں گی۔ میں "موہنی" سے ملنا چاہتی ہوں۔ اور اگر ہو سکے تو اسے اپنے ساتھ گھر لے جانا چاہتی ہوں۔ کیا یہ ممکن ہے۔!

یہ بھی ہو سکتا ہے کہ تم ایک امریکی عورت کی اس تخیّل پرستی کو غلط سمجھو اور اسے کوری جذباتیت پر محمول کرو۔ لیکن یہ کوری جذباتیت ہے نہ محض تخیّل پرستی۔ یہ اس خوبصورت حقیقت کا مشاہدہ ہے جسے میرے بیٹے نے اپنا خون دیکر حاصل کیا ہے۔ وہ میرا اکلوتا لڑکا تھا۔ اپنے آخری خط میں اس نے لکھا۔ کہ جس روز موہنی نے اس کے ٹخنوں سے زہر چوس لیا تھا۔ اسے ایسا معلوم ہوا گویا موہنی نے یہ زہر اس

کے جسم سے نہیں اس کی روح سے چوس کر باہر نکال دیا۔ وہ زہر جو کالے کو گورے سے، غریب کو امیر سے اور آدمی کو آدمی سے جدا رکھتا ہے۔
اس وقت اسے معلوم ہوا کہ محبت ہر خوبصورت انسانی سماج کی پہلی اور آخری شرط ہے۔ اور اس کے بغیر دنیا میں کوئی انسانی سماج نا دیر نہیں پنپ سکتا۔
ڈٹھل واڑی کی گھاٹی پر اسے پہلی بار احساس ہوا کہ محبت کا کوئی رنگ نہیں ہوتا، کوئی ملک نہیں ہوتا۔ کوئی مذہب نہیں ہوتا۔ وہ زندگی کا آخری اور ابدی آدرش ہے ——— جب وہ آسام جا رہا تھا تو وہ تمہیں یہ سب کچھ بتانا چاہتا تھا لیکن اسفندر سٹر سیالڑ کا تھا وہ ——— میرا بیٹا ——— وہ تمہیں بتانا چاہتا تھا کہ وہ بس اس محبت کے لئے لڑ رہا ہے۔ اس محبت کے لئے جو آدمیت سے پیدا ہوتی ہے۔ اس نفرت کے خلاف جس کا منبع فسطائیت ہے.....
اس کا خیال تھا کہ جب وہ جنگ سے واپس آئے گا تو تمہیں بتائے گا اپنے ہم وطنوں کو بتائے گا ——— لیکن اب اس کی لاش آسام کی کسی گھاٹی کے سینے میں چھپی ہے اور اس کے سر پر موت کی صلیب ہے ——— ! ہر ماں کو اپنے بیٹے کی موت کا دکھ ہوتا ہے۔ اور پھر میرا تو وہ ایک ہی بیٹا تھا مشیت ایزدی تھی کہ وہ مجھ سے یوں چھن جائے۔ لیکن اس کا آخری خط پڑھ کر مجھے معلوم ہوتا ہے۔ جیسے وہ کہیں کھو نہیں گیا۔ جیسے وہ اب بھی میرے پاس بیٹھا ہے اور مسکرا کر

مجھ سے کہہ رہا ہے۔ دیکھ ماں، تیرے لئے ایک بیٹی لایا ہوں۔
——— اس کا خط پڑھ کر آج مجھے پھر اس عظیم درد اور
مسرت کا احساس ہو رہا ہے جیسے میں نے اپنے بیٹے کو پہلی بار جنم
دیا ہو ——— بس اب اور کچھ نہیں لکھ سکتی۔

تمہاری ماں

اینتھر

پرویز بھی شام کے قریب جھکا ہوا یہ خط پڑھ رہا تھا۔ خط پڑھتے
پڑھتے اس کی انگلیاں سختی سے شام کے ہاتھ پر جم گئیں۔ اور اس کے منہ سے
نکلا۔ "موبی۔!"

شام نے اپنا منہ موڑ لیا۔ اور آنسو پونچھتے ہوئے اپنے کانپتے ہوئے
ہاتھوں سے اس نے میگنولیا کے سپید غنچے اپنے رخساروں سے لگا لئے۔

رات خاموش تھی، پھول بھی خاموش تھے ——— صرف
دُور کہیں بہت دُور شاید کوئی بلبل نغمہ ریز تھی۔

بھگت رام

ابھی ابھی میرے بچے نے میرے بائیں ہاتھ کی چھنگلیا کو اپنے دانتوں تلے داب کر اس زور سے کاٹا کہ میں چلائے بغیر نہ رہ سکا اور میں نے غصہ میں آ کر اس کے دو تین طمانچے بھی جڑ دیئے۔ بیچارہ اسی وقت سے ایک معصوم پلے کی طرح چلا رہا ہے۔ یہ بچے کمبخت دیکھنے میں کتنے نازک ہوتے ہیں۔ لیکن ان کے ننھے ننھے ہاتھوں کی گرفت بڑی مضبوط ہوتی ہے۔ ان کے دانت یوں تو دودھ کے ہوتے ہیں۔ لیکن کاٹنے میں گلہریوں کو بھی مات کرتے ہیں۔ اس بچے کی معصوم شرارت سے معاً میرے دل میں بچپن کا ایک واقعہ ابھر آیا ہے۔ اب تک میں اسے بہت معمولی واقعہ سمجھتا تھا۔ اور اپنی دانست میں میں اسے قطعاً بھلا چکا تھا۔ لیکن دیکھئے یہ لاشعور کا فتنہ بھی کس قدر عجیب ہے۔ اس کے سائے میں بھی کیسے کیسے خفتہ عجائب مسطور ہیں۔ بظاہر اتنی سی بات تھی کہ بچپن میں میں نے ایک دفعہ اپنے گاؤں کے ایک آدمی بھگت رام کے بائیں ہاتھ کا انگوٹھا چبا ڈالا اور اس نے مجھے طمانچے مارنے کے بجائے سیب اور آلوچے کھلائے تھے۔ اور بظاہر

میں اس واقعہ کو اب تک بھول چکا تھا لیکن ذرا اس بھان متی کے پٹارے کی بوالعجبیاں ملاحظہ فرمایئے۔ یہ معمولی سا واقعہ ایک خوابیدہ ناگ کی طرح ذہن کے پٹنارے میں دبا ہے اور جونہی میرا بچہ میری چھنگلیا کو دانتوں تلے دباتا ہے۔ اور میں اسے پیٹتا ہوں۔ یہ پچیس تیس سال کا سویا ہوا ناگ بیدار ہو جاتا ہے۔ اور پھن پھیلا کر میرے ذہن کی چار دیواری میں لہرانے لگتا ہے۔ اب کوئی اسے کسطرح مار بھگائے۔ اب تو اسے دودھ پلانا ہوگا۔ خیر تو وہ واقعہ بھی سن لیجئے۔ جیسا کہ میں ابھی عرض کر چکا ہوں یہ میرے بچپن کا واقعہ ہے جب ہم لوگ زنگیپور کے گاؤں میں رہتے تھے۔ زنگیپور کا گاؤں تحصیل جوڑی کا صدر مقام ہے۔ اس لئے اس کی حیثیت اب ایک چھوٹے موٹے قصبے کی ہے لیکن جن دنوں ہم وہاں رہتے تھے۔ زنگیپور کی آبادی بہت زیادہ نہ تھی۔ یہی کوئی ڈھائی تین سو گھروں پر مشتمل ہوگی۔ جن میں بیشتر گھر برہمنوں اور کھتریوں کے تھے۔ دس بارہ گھر جلاہوں کے اور کمہاروں کے ہونگے۔ پانچ چھ بڑھئی اتنے ہی چمار اور دھوبی اور یہی سارے گاؤں میں لے دے کے آٹھ دس گھر مسلمانوں کے ہوں گے۔ لیکن ان کی حالت ناگفتہ بہ تھی۔ اس لئے یہاں تو ان کا ذکر کرنا بھی بیکار سا معلوم ہوتا ہے۔

گاؤں کی برادری کے مکھیا لالہ کانشی رام تھے۔ یوں تو براہمنی سماج کے اصولوں کے مطابق برادری کا مکھیا کسی براہمن ہی کو ہونا چاہیئے تھا۔ اور پھر برہمنوں کی آبادی بھی گاؤں میں سب سے زیادہ تھی۔ اس پر بھی برادری نے لالہ کانشی رام کو جو ذات کے کھتری تھے۔ اپنا مکھیا چنا تھا۔ پھر وہ سب سے زیادہ لکھے پڑھے تھے یعنی نئے شہر تک پڑھے تھے جو خط ڈاکیہ نہیں پڑھ سکتا تھا۔ اسے بھی وہ اچھی طرح پڑھ لیتے تھے تمسک بندی۔ نالش سمن۔ گواہی نشان دہی کے علاوہ نئے شہر کی بڑی عدالت کی

کارروائی سے وہ بخوبی واقف تھے۔ اس لئے گاؤں کا ہر فرد اپنی مصیبت میں چاہے وہ خود لالہ کانشی رام کی ہی پیدا کردہ کیوں نہ ہو۔ لالہ کانشی رام ہی کا سہارا ڈھونڈتا تھا۔ اور لالہ جی نے آجتک اپنے کسی مقروض کی مدد کرنے سے انکار نہ کیا۔ اسی لئے وہ گاؤں کے مکھیا تھے۔ گاؤں کے مالک تھے۔ اور رنگپور سے باہر بھی دور دور تک جہاں تک وہاں کے کھیت دکھائی دیتے تھے۔ لوگ ان کا جس گاتے تھے۔

ایسے شریف لالہ کا منجھلا بھائی تھا لالہ بانشی رام، جو اپنے بڑے بھائی کے ہر نیک کام میں ہاتھ بٹاتا تھا۔ لیکن گاؤں کے لوگ اسے اتنا اچھا نہیں سمجھتے تھے کیونکہ اس نے اپنے برہمن دھرم کو تیاگ دیا تھا۔ اور گورو نانک جی کے چلائے ہوئے پنتھ میں شامل ہو گیا تھا۔ اس نے اپنے گھر میں ایک چھوٹا سا گوردوارہ بھی تعمیر کرایا تھا۔ اور نئے شہر سے ایک نیک صورت نیک طینت نیک سیرت گرنتھی کو بلا کر اسے گاؤں میں سکھ مت کے پرچار کے لئے مامور کر دیا تھا۔

لالہ بانشی رام کے سکھ بن جانے سے گاؤں میں جھٹکے اور حلال کا سوال پیدا ہو گیا تھا۔ مسلمانوں اور سکھوں کے لئے تو گویا ایک مذہبی سوال تھا۔ لیکن بھیڑ بکریوں اور مرغے مرغیوں کے لئے تو زندگی اور موت کا سوال تھا۔ لیکن انسانوں کے نقار خانے میں جانوروں کی آواز کون سنتا ہے۔

لالہ بانشی رام کے چھوٹے بھائی کا نام تھا بھگت رام۔ یہ وہی شخص ہے جس کا انگوٹھا میں نے بچپن میں چبا ڈالا تھا۔ کس طرح یہ تو میں بعد میں بتاؤنگا۔ ابھی تو اس کا کردار دیکھیئے ——— یعنی کہ سخت لفنگا، آوارہ، بدمعاش تھا۔ یہ شخص۔ نام تھا بھگت رام لیکن دراصل یہ آدمی رام کا بھگت نہیں شیطان کا بھگت تھا۔ رنگپور کے

گاؤں میں آوارگی، بد معاشی ہی نہیں۔ ڈھٹائی اور بے حیائی کا نام اگر زندہ تھا تو محض بھگت رام کے وجود سے، ورنہ رنگپور تو ایسی شریف روحوں کا گاؤں تھا کہ غالباً فرشتوں کو بھی وہاں آتے ہوئے ڈر معلوم ہوتا ہوگا۔

نیکی اور پاکیزگی اور عبادت کا ہلکا ہلکا سا نور گویا ہر ذی نفس کے چہرے سے چھنتا نظر آتا تھا۔ کبھی کوئی لڑائی نہ ہوتی تھی۔ قرضہ وقت پر وصول ہو جاتا تھا۔ ورنہ زمین قرق ہو جاتی تھی۔ اور لالہ کانشی رام کچھ روپیہ دیکر اپنے مقروض کو کچھ کام پر لگا دیتے تھے۔ مسلمان بے چارے اتنے کمزور تھے اور تعداد میں اس قدر کم تھے ان میں لڑنے کی ہمت نہ تھی۔ سب بیٹھے مسجدوں کے مناروں اور اس کے کنگروں کو خاموشی سے تاکا کرتے کیونکہ گاؤں میں انہیں اذان دینے کی بھی ممانعت تھی۔

کمیروں اور اچھوتوں کا سارا دھندا دو جنیے لوگوں سے وابستہ تھا۔ اور وہ چوں تک نہ کر سکتے تھے۔ اس کے علاوہ انہیں یہ احساس بھی نہ تھا کہ زندگی اس کے علاوہ کچھ اور بھی ہو سکتی ہے۔ بس جو ہے وہ ٹھیک ہے۔ یہی مسلمان سمجھتے تھے۔ یہی براہمن یہی کھتری۔ یہی چمار اور سب مل کر بھگت رام کو گالیاں سناتے تھے۔ کیونکہ اس کی کوئی کل سیدھی نہ تھی۔

بھگت رام لٹھ گنوار تھا۔ بات کرنے میں اکھڑ ــــــــ دیکھنے میں اکھڑ ــــــــ کندہ ناتراش، بڑے بڑے ہاتھ پاؤں، بڑے بڑے دانت جو بیچ ہر وقت کھلی ہوئی، لبوں سے رال ٹپکتی ہوئی۔ جب ہنستا تو ہنسی کے ساتھ مسوڑھوں کی بھی پوری پوری نمائش ہوتی۔ گاؤں میں ہر شخص کا سر گھٹا ہوا تھا اور ہر ہندو کے سر پر چوٹی تھی۔ لیکن بھگت رام نے بلوچیوں کی طرح لمبے لمبے بال بڑھائے تھے اور

چوٹی غائب تھی۔ بالوں میں بڑی کثرت سے جوئیں ہوتیں جنہیں وہ اکثر گھراٹ کے باہر بیٹھ کر چبا کرتا تھا۔ سرسوں کا تیل سر میں دو تین بار رچایا جاتا۔ گلے میں پھولوں کے ہار ڈالے جاتے اور بیچ میں سے سیدھی مانگ نکال کر اور زلفیں سنوار کر وہ ہر شام گاؤں کے چشموں کا طواف کیا کرتا۔ اپنی ان بری حرکتوں سے کئی بار پٹ چکا تھا لیکن اس کا اس پر کوئی اثر نہ ہوا تھا۔ بڑی موٹی کھال تھی۔ اور اس کی اور پھر میرا خیال ہے کہ اس کے شعور میں ضمیر کی آگ کبھی روشن ہی نہ ہوئی تھی۔ وہ شرارہ ناپید تھا۔ جو حیوان کو انسان بنا دیتا ہے۔ بھگت رام سو فیصدی حیوان تھا۔ اور اسی لئے گاؤں والے برہمن اور کھتری امیر اور غریب، اور ہندو، مسلمان، سنار اور چمار سب اس سے نفرت کرتے تھے۔

لیکن چونکہ لالہ کانشی رام کا چھوٹا بھائی تھا اور بظاہر گاؤں کے سب سے بڑے گھر کا ایک معزز فرد۔ اس لئے اپنی ناپسندیدگی کے باوجود گاؤں کے لوگ اس کے وجود کو اور اس کے وجود کی مذبوحی حرکات کو برداشت کرتے تھے۔ اور آج تک کرتے چلے آئے تھے لیکن جب ہم ننگیپور میں آئے۔ اس وقت بھگت رام کے بڑے بھائی نے پریشان ہو کر اسے اپنے گھر سے نکال دیا تھا۔ اور نوی کا ایک گھراٹ اس کے سپرد کر دیا تھا۔ جہاں بھگت رام کام کرتا تھا۔ اور وہ رات کو سوتا بھی وہیں تھا۔ کیونکہ گھراٹ تو دن رات چلتا ہے نہ جانے کس وقت کسے آٹا پسوانے کی ضرورت در پیش ہو اور وہ چادر میں یا بھیڑ کی کھال میں مکئی یا گندم کے دانے ڈالے گھراٹ پر چلا آئے۔ اور پھر اس کے علاوہ یہ بھی تو ہے کہ دن بھر میں گیہوں جتنا بھی جمع ہوتا ہے یا جو اناج ابھی پس نہیں جاتا وہ بھی وہیں گھراٹ پر دھرا رہتا ہے۔ اور اس کی نگہبانی کے لئے بھی تو

ایک آدمی کا وہاں موجود ہونا ضروری ہے۔ یہی سوچ کر لالہ کانشی رام نے اپنے چھوٹے بھائی بھگت رام کو اپنے گھراٹ کا کام سونپ دیا۔ اور لالہ کانشی رام کا گھراٹ گاؤں میں سب سے نامی گھراٹ تھا۔ یعنی تقریباً سارے گاؤں کا اناج وہیں پسوایا جاتا تھا۔ ایک اور گھراٹ بھی تھا۔ لیکن وہاں بالعموم مسلمانوں، اچھوتوں اور کمیروں کیلئے اناج پیسا جاتا تھا۔ یا جب کبھی بڑا گھراٹ چلتے چلتے رک جاتا اور اس کی مہیب چکی کام کرنے سے انکار کر دیتی یا جب پاٹوں کی سطح پر پتھریلے دندانے بنانے کے لئے انہیں اٹھا دیا جاتا تو اس صورت میں دوسرے گھراٹ والوں کو چند روز کے لئے اچھی آمدنی ہو جاتی تھی۔ بصورت دیگر بڑے گھراٹ پر گاہکوں کی بھیڑ لگی رہتی۔

جب بڑا گھراٹ چلتا تھا۔ اسوقت کسی مسلمان کسی کمیرے کسی اچھوت کی یہ جرات نہ تھی۔ جرات تو کیا کبھی ان کے ذہن میں یہ خیال بھی نہ آیا تھا کہ ان کا اناج کبھی بڑے گھراٹ پر پس سکتا ہے۔

شروع شروع میں جب بھگت رام نے کام سنبھالا تو اس نے بھی چند روز تک یہی وطیرہ اختیار کیا۔ لیکن بعد میں اس کے مزاج کے لا ابالی پن نے بلکہ یوں کہیئے کہ شیطان پن نے زور مارا اور اس نے سوچا چلو جی کیا ہے۔ اس میں۔ جو آئے آٹا پسا کر لے جائے۔ ان پتھر کے دو پاٹوں میں دھرا ہی کیا ہے اور یہ آخر اناج ہی تو ہے جسے کتا بھی کھاتا ہے اس سے گھراٹ کی آمدنی میں اضافہ بھی ہوگا اور دوسرے گھراٹ کا حال جو پہلے ہی بہت پتلا ہے اور بھی پتلا ہو جائیگا۔ اور عین ممکن ہے کہ دوسرا گھراٹ بالکل ہی بند ہو جائے۔ جانے اس نے کیا سوچا۔ بہر حال اس نے کوئی ایسی ہی بری بات سوچی ہوگی۔ جو اس نے گاؤں کے چماروں اور کمیروں کو بھی اپنے گھراٹ

پر سے آٹا پسانے کی دعوت دی۔

پہلے تو لوگوں نے بڑی شدّومد سے انکار کیا ——— "بھلا ایسا بھی ہو سکتا ہے۔ کیا کہتے ہو لالہ۔ ہم رعیّت ہیں۔ تم راجہ ہو یہ تمہارا گھراٹ ہے۔ ہمارا گھراٹ وہ ہے ——— ہم بھلا یہاں آٹا پسانے کیوں آئیں۔ نا بابا یہ کام ہم سے نہ ہو گا۔ اور جو چاہے ہم سے کام لے لو۔ پر یہ کام ہم سے نہیں ہونے کا۔"

لیکن بھگت رام نے آخر اپنی چالاکیوں سے ان بیچاروں کو پھسلا ہی لیا اور انہیں اس بات پر آمادہ کر لیا کہ وہ اناج اسی کے گھراٹ پر لایا کریں گے اور وہیں پسایا کریں گے۔

بھلا ایسی بات بھی برادری میں چھپی رہ سکتی ہے۔ برادری میں ایک کہرام مچ گیا۔ چہ میگوئیاں ہونے لگیں۔ ہر روز بھگت رام سے لڑائی ہونے لگی۔ تگڑا آدمی تھا۔ اس لئے گالیاں سہہ گیا۔ ہنس ہنس کر ٹالتا گیا۔ پھر اس نے غصہ میں آکر دو چار کو پیٹ دیا۔ پھر ایک دن خود پٹ گیا۔ یہ معاملہ بڑھتے بڑھتے لالہ کانشی رام کے پاس پہنچا۔ انہوں نے بھگت رام کو بلا کر ڈانٹا سمجھایا۔ بجھایا ٹھنڈے دل سے نرمی سے پچکار کر باتیں کیں۔ اونچ نیچ سمجھائی۔

لیکن جس کے دل میں کمینہ پن ہو۔ وہ دھرم کرم کی بات کب سنے گا۔ بھگت رام نے اس کان سے نکال دی۔ پہلے جب بھگت رام اپنے گھر پر رہتا تھا۔ اس کے لئے تھوڑی بہت روک ٹوک بھی تھی۔ یہ ڈر بھی تھا کہ بڑے بھائی کیا کہیں گے لیکن اب تو وہ رات دن گھراٹ پر رہتا تھا۔ اب اسے وہاں روکنے والا کون تھا۔ اب وہ خود کفیل تھا۔ انہی دنوں وہ بھنگ پینے لگا۔ اور ایک مسلمان فقیر کے ہاں

آنا جانا شروع کیا۔ جوان دنوں اپنی بیوی اور ایک نوجوان لڑکی کے ساتھ ندی کنارے ایک تکیے پر آکر ٹھہرا تھا۔

جُوں جُوں دن گزرتے گئے۔ بھگت رام گھراٹ کے کام کاج سے غافل رہنے لگا۔ اور دن کا بیشتر حصہ تکیے پر چرس اور گا بجا پینے میں گزارنے لگا۔ بھائی نے بہتیرا سمجھایا۔ خود گاؤں کے شریف مسلمانوں نے اس پر نفرین کے آوازے کسے۔ لیکن وہ تو کسی اور ہی قسمت میں چور تھا۔ چند دن اور گزرے اور پھر پتہ چلا کہ بھگت رام نے نئے شہر جاکر اس مسلمان فقیر کی بیٹی سے نکاح کر لیا ہے۔ اور اسلام قبول کر لیا ہے۔ سارے گاؤں میں ہل چل سی مچ گئی۔

جب انہوں نے بھگت رام کو سیاہ پھندنے والی سرخ رنگ کی اونچی ٹوپی پہنے ہوئے دیکھا۔ فقیر تو خیر ڈر کے مارے پھر کبھی اس گاؤں میں گھسا ہی نہیں اور یہ اس لئے اچھا ہی کیا۔ ورنہ لالہ کانشی رام اور بانشی رام ضرور اس سے بدلہ لینے کی کوشش کرتے۔

لیکن اپنے بھائی کو اب وہ کیا سکتے تھے۔ جوانی بیوی کو لیکر پھر گاؤں میں آگیا تھا۔ اور گھراٹ میں اپنے بڑے بھائی کے گھراٹ میں آکر بس گیا تھا۔ دونوں میاں بیوی یہیں رہتے تھے۔ اور بھگت رام اب بڑا خوش تھا اور سفید لٹھے کی شلوار اور سیاہ چکن کی واسکٹ جس پر کئی سو گھنڈی دار بٹن لگے ہوئے تھے۔ گاؤں کی گلیوں میں فخریہ گھومتا تھا۔ اور گاؤں کی بہو بیٹیوں پر بلا امتیاز مذہب و ملت آوازے کستا تھا۔

ایسا دس نمبر کا بدمعاش تھا۔ وہ کہ میری ماں جب مجھے گالی دیا کرتیں۔ تو میرے خصائل کا مقابلہ بھگت رام کے اوصاف حمیدہ سے کیا کرتیں اور میں ہمیشہ دو دنیا بھگت رام سے مجھے

سمت جڑ تھی۔ ایک تو اس نے ہمارا دھرم چھوڑ دیا تھا۔ بھلا ایسے آدمی کا کیا اعتبار اور بھگت رام کی شیطنت دیکھو مسلمان ہوتے ہی اس نے گاؤں کے مسلمانوں کو اکسانا شروع کیا کہ وہ مسجد میں منارے پر چڑھ کر اذان دیں لیکن وہ تو بھلا ہو مسلمانوں کا، کسی نے اس کی بات نہیں مانی۔ اور ڈر نے ڈر تے کہا کہ گاؤں میں آج تک کبھی ایسا نہیں ہوا ہے۔ اس پر وہ بدمعاش بہت ہنسا اور اس نے خود وضو کر کے مسجد کے منارے پر چڑھ کر اذان دی۔ اور اسکی گونجتی گرجتی ہوئی آواز وادی کی چوحدی میں ندی کنارے ناشپاتیوں کے جھنڈ میں اور دور دور صنوبروں سے ڈھکی ہوئی پہاڑیوں کی چھاتیوں میں دھمک پیدا کرتی ہوئی گونج گئی۔ اور گاؤں کے ہر برہمن اور کھتری کا دل ایک نامعلوم خوف سے بھر گیا۔ گھورکل جگ ہے گھورکل جگ ہے۔ یہ ـــــ اب کوئی دن میں ضرور نش کلنکی اوتار پیدا ہوں گے۔

ہے رام ـــــ ہے رام ـــــ اور لالہ کانشی رام نے برہمنوں سے مشورہ کر کے ایک بہت بڑا یگیہ کیا۔ اور بڑا اشچیت کیا۔ اور اپنے چھوٹے بھائی بھگت رام کو برادری سے خارج اور جائداد سے بے دخل کر دیا۔ اور پرانے گھراٹ کے پانی کا بہاؤ موڑ کر ایک اور عمدہ سا گھراٹ بنایا۔

پرانا گھراٹ جہاں اب بھگت رام اور اسکی بیوی رہتے تھے۔ اب بڑی خستہ حالت میں تھا۔ گاہک کم ہوتے ہوتے معدوم ہو گئے۔ مسلمانوں کے جو چند گھر باقی رہ گئے تھے۔ انہوں نے بھی مدد سے ہاتھ کھینچ لیا۔ کیونکہ گاؤں کی سماجی زندگی میں بھگت رام نے جا بجا سوراخ کر دیئے تھے۔ اور اسے کوئی پسند نہ کرتا تھا۔

انہی دنوں بھگت رام کی بیوی کے ہاں بچہ ہونیوالا تھا۔ لوگ کہتے تھے کہ فقیرن بیاہ سے پہلے ہی حاملہ تھی۔ اور وہ فقیر بھگت رام کو جل دیکر خود فرار ہو گیا تھا۔

کوئی کچھ کہتا کوئی کچھ۔ جتنے منہہ اتنی باتیں۔ ہاں یہ بات ضرور سچ تھی کہ بھگت رام ہر وقت اپنی بیوی کی دل جوئی میں مصروف رہتا۔ وہ اس کے لئے ہر طرح کی محنت اور مشقت کرنے پر آمادہ تھا۔ لیکن گاؤں میں اب کوئی اسے کام دینے کیلئے تیار نہیں تھا۔ اور ایسے لوفر کیلئے بھلا اس شریف گاؤں میں کام کرنیکی کیا سبیل ہو سکتی تھی۔

مجھے وہ رات نہیں بھولتی جب بھگت رام کی بیوی کے ہاں بچہ ہونے والا تھا۔ صبح ہی سے بھگت رام نے ہمارے گھر کے چکر لگانے شروع کئے تھے۔ میری ماں کی منتیں کی تھیں۔ اور اس کے پاؤں پر اپنا ماتھا ٹیک کر کہا تھا۔

"تم چلوگی ماں تو میری بیوی بچ جائے گی۔" لیکن میری ماں نے جو بڑے بڑے کھتری گھرانوں اور برہمنوں کے گھر میں دایہ بن کر جاتی تھی۔ بھگت رام کو ٹکا سا جواب دے دیا تھا۔

آدھی رات کے وقت بھگت رام نے چیخ چیخ کر دہائی دی لیکن ہم لوگوں نے دروازہ نہیں کھولا۔ اور مست مار کر سو رہے۔ دوسرے دن پتہ چلا کہ بھگت رام کی بیوی زچگی میں مرگئی۔ بچہ پیدا نہیں ہو سکا تھا۔ بھگت رام بہت رویا۔ زار و قطار رویا لیکن وہ کوئی سچے آنسو تھوڑے ہی تھے ——— کسی انسان کے آنسو تھوڑے ہی تھے ——— ایک حیوان کے آنسو تھے۔ جو یونہی اپنی تکلیف پر ٹسوے بہا رہا ہو کیونکہ چند دنوں میں ہی وہ اس فیقری کو بھول گیا تھا۔ اب اس نے اپنا مسلمانی نام بھی ترک کر دیا تھا۔ اب وہ پھر اپنے آپ کو خدا بخش نہیں بھگت رام کہتا تھا۔ اور اسی طرح گاؤں کی گلیوں میں چکر لگاتا تھا۔ لیکن شاباش ہے ہندوؤں کو کہ کسی نے اسے منہہ نہیں لگایا حتیٰ کہ اس کے بھائی بھی اس سے بات تک کرنے کے روادار نہیں

ہوئے اور بھگت رام اپنا سا منھ لے کر رہ گیا۔

چند روز کے بعد بھگت رام گاؤں چھوڑ کر کہیں اور چلا گیا۔ تین چار مہینوں کے بعد جو لوٹا تو اس کے پاس دو تین درجن سانپ تھے اور بہت سے چھچھوندر اور نیولے اور ایسے ہی بہت سے جانور اور ایک پنجرے میں ایک خوبصورت مینا تھی۔ جو بہت اچھا گاتی تھی۔ میں گھنٹوں اس مینا کے پنجرے کے قریب جا کر گانا سنا کرتا تھا۔ اور گاؤں کے بہت سے لڑکے میرے ساتھ بھگت رام کے پاس آیا کرتے اور اب بھگت رام کے پاس بہت سی جڑی بوٹیاں تھیں۔ جن کے متعلق وہ کہتا تھا۔ کہ دنیا کی ہر بیماری کو یوں چٹکی میں دور کر سکتی ہیں۔ آہستہ آہستہ لوگ اس کی طرف کھنچنے لگے۔ اور اسے اچھی خاصی آمدنی ہونے لگی۔ میری ماں کو جو گاؤں کی مشہور دایہ تھیں۔ اور عورتوں کے ہر روگ کا علاج جانتی تھیں۔ بھگت رام کا یہ بہروپ بہت برا معلوم ہوا۔ مگر وہ اب کیا کر سکتی تھیں۔ ہاں جب کبھی ان دونوں کی مڈ بھیڑ ہو جاتی وہ اسے خوب کھری کھری سناتیں۔ بھگت رام یہ صلواتیں سن کر ہنس دیتا یا اپنا سر کھجانے لگتا۔ اور پھر ایک زور کا قہقہہ لگا کر آگے چل دیتا۔ پرلے درجے کا چھٹا ہوا بدمعاش تھا وہ۔ ہوتے ہوتے یہ ہوا کہ — بھگت رام کی جڑی بوٹیوں کی دھاک سارے گاؤں میں بندھ گئی پھر قرب و جوار کے پڑوسی اس کے پاس آنے لگے۔ اب اس نے گاؤں کے چھوٹے سے بازار میں ایک چمار کی آدھی دوکان کرائے پر لے لی۔ اور وہاں بیٹھ کر دوائیاں بیچنے لگا۔

آدھی دوکان میں مولو چمار جوتیاں بناتا تھا۔ مولو چمار اور اس کی بیوی اور اس کی بیوہ بہن رام دئی، بس یہ تینوں افراد ہر وقت جب دیکھو جوتیاں سیتے رہتے تھے دوکان کے دوسرے حصے میں بھگت رام نے گاہکوں کو پھانسنا تھا۔ اور سانپوں کا

تماشا دکھاتا تھا۔ اور اپنی زبان کو سانپوں سے ڈسواتا تھا۔ اور خود سنکھیا کھا کر بتاتا تھا۔ کہ اس پر زہر کا کوئی اثر نہیں ہوتا ہے۔ کیونکہ اس کے پاس ایسی تیز بہدف بوٹیاں تھیں۔ جو قاتل سے قاتل زہر کے لئے تریاق کا حکم رکھتی ہیں۔ بغرض اسی قسم کی جھوٹی گپیں ہانک کر اور شیخیاں بگھار کر وہ اجڈ گنوار اور بھولے بھالے دیہاتیوں سے ٹکے ٹھورتا تھا۔ اور میری ماں کو اس کی باتیں سن سن کر بہت آتا تھا۔ لیکن ہم لوگ اس کا کچھ بگاڑ نہ سکتے تھے۔ کیونکہ لوگوں کو اس پر اعتقاد سا ہو گیا تھا۔ اور اب اس کی جیب میں روپے بھی تھے۔ اس نے گاؤں سے باہر ندی کے اس پار مٹی کا ایک کچا سا گھر بھی بنا لیا تھا جہاں وہ فرصت کے وقت اپنا چھوٹا سا باغیچہ بنانے میں مصروف ہوتا۔ مجھے بھگت رام سے بڑی نفرت تھی۔ اور میں کبھی اس کے گھر نہ جاتا تھا۔ لیکن اب وہ اس خوبصورت مینا کو جو دکان کے باہر لٹکے ہوئے پنجرے میں گاتی رہتی تھی۔ اپنے گھر لے گیا تھا۔ اس لئے میں کبھی کبھی اس کے گھر محض اپنی مینا کو دیکھنے کے لئے چلا جایا کرتا۔ خیریت ہوئی۔ اس نے مجھے ٹوکا نہیں۔ ورنہ میرا ارادہ تو یہ تھا کہ اگر اس نے مجھے کبھی ٹوکا تو گوپیے میں ڈھیلا رکھ کر بھگت رام کا سر پھوڑ دوں گا۔

بھگت رام کا کام اب ترقی پر تھا۔ لیکن انہی دنوں اس نے ایک ایسی حرکت کی کہ گاؤں کے لوگ پھر اس سے بدظن ہو گئے۔ اور اس واقعے کے بعد گاؤں میں اور قرب وجوار کے گاؤں میں کبھی اس کی ساکھ نہیں بندھی۔

واقعہ دراصل یہ تھا۔ کہ رام دئی جو کہ مولو چمار کی بیوہ بہن تھی۔ لالہ بانسی رام نے در پردہ بھگت رام کو کہلا بھیجا تھا۔ کہ وہ کوئی ایسی دوائی دے جس سے رام دئی کا حمل اسقاط ہو جائے۔ لیکن بھگت رام تو ایک چھپا ہوا تھا۔ وہ بھلا ایسے موقعے پر

کسی شریف آدمی کی کیونکر مدد کرتا۔ چنانچہ اس نے صاف انکار کر دیا۔ الٹا اس نے اس معاملہ کی یہاں تک تشہیر کی کہ لالہ بانشی رام کو چند ماہ کے لئے گاؤں چھوڑ کر نئے شہر جانا پڑا اور رام دئی کے لئے منہ چھپانا مشکل ہو گیا۔ یہ واقعہ اب اسقدر مشہور ہو چکا تھا کہ جب لالہ بانشی رام کے بڑے بھائی کانشی رام نے میری ماں کو جو اُن کی خاندانی دایہ تھی۔ اس نازک معاملہ کو اپنے ہاتھ میں لینے کے لئے کہا تو انہوں نے بھی صاف انکار کر دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ بے چاری رام دئی نو مہینے اس حرامی بیٹے کو اپنے پیٹ میں لئے لئے پھری اور گاؤں بھر میں اس کی بے عزتی ہوئی اور حرامی بچہ اس نے الگ جنا۔ اس پر اس کی برادری نے اسے "جات باہر" کر دیا۔ اور اس کے بھائی نے اور اس کی بیوی نے اسے گھر سے باہر نکال دیا۔ اس حالت میں جب اس کا کوئی یار و مددگار نہ تھا۔ اور جب وہ کئی دن سے در بدر کی ٹھوکریں کھاتی پھر رہی تھی۔ اور اپنے بچے کو دودھ دینے کے لئے خود اس کی چھاتیوں میں دودھ نہ رہا تھا۔ وہ بھگت رام کے گھر پہنچی۔ وہ بدمعاش تو جیسے اس کے انتظار میں ہی تھا۔ اس نے جھٹ اسے اپنے گھر میں رکھ لیا۔ اور بغیر کوئی شادی بیاہ کئے یونہی وہ لوگ ہنسی خوشی رہنے لگے۔ گاؤں میں اس سے پہلے کبھی ایسا نہ ہوا تھا۔ یہ اندھیر گردی۔ یہ بے راہ روی ———— بے شرمی، بے حیائی۔ اپنی آنکھوں سے تو دیکھی نہ جا سکتی تھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ بھگت رام کی دوکان اٹھوا دی گئی اور اسے اچھی طرح جتا دیا کہ اس واقعے کے بعد اگر وہ کبھی گاؤں کا رخ کریگا۔ تو اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔

بھگت رام اب اپنے گھر ہی میں رہتا تھا اور باغیچے اور گھر کے آس پاس جو اس نے تھوڑی سی زمین مول لی تھی، اس میں کاشت کر کے اپنا اور رام دئی اور اس کے

حرامی بچے کا پیٹ پالتا تھا۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ وہ بڑی اداس زندگی بسر کرتا ہوگا۔ یہ خیال بالکل غلط ہے جیسے پکے گھڑے پر پانی کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ اسی طرح ان تمام واقعات نے بھگت رام کی فطرت پر کوئی اثر نہیں کیا۔ اس کی سرشت میں کوئی بھی تبدیلی واقع نہیں ہوئی۔ اسے یہ احساس ہی نہیں تھا کہ اس نے کوئی گناہ بھی کیا ہے اسے اس امر کا خیال ہی نہیں تھا کہ اس نے اپنے طرزِ عمل سے اپنے ماں باپ، اپنے خاندان، اپنے گاؤں کی عزت کو بٹہ لگایا ہے۔ وہ اسی طرح خوش و خرم اور شاداں و فرحاں نظر آتا تھا کہ جیسے کبھی کچھ ہوا ہی نہیں تھا۔ جیسے وہ اب بھی گاؤں کے اندر اپنے بھائی کے خوبصورت گھر میں رہتا ہو جس کی چھت ٹین کی تھی۔
میں نے ایک دن اسے اس کے گھر میں دوپہر کے وقت دیکھا تھا۔ وہ آنگن میں ایک چارپائی پر لیٹا ہوا تھا۔ اور رام دئی کو چوم رہا تھا۔ میں نے اس سے پہلے کسی مرد اور عورت کو چومتے ہوئے نہیں دیکھا تھا۔ اس لئے یہ منظر دیکھ کر میں تو ایکدم بھونچکا رہ گیا اور میرے کانوں میں ایک دم میری ماں کے الفاظ گونج گئے۔
"کبھی بھول کر بھی بھگت رام کے گھر کا رخ نہ کرنا وہ بڑا ہی بدمعاش ہے۔"
میری ماں نے سچ کہا تھا بھلا شریف لوگ کہیں ایسے ہوتے ہیں۔ غم و غصہ سے میری آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ میں واپس جانے کو تھا۔ کہ مَیّا نے مجھے دیکھ لیا۔ اور جلدی سے چلّانے لگی: "آؤ ننھے منے بالک مٹھائی دوں گی۔ آؤ آؤ ننھے منے بالک مٹھائی دوں گی۔" بیّا کی آواز سنکر بھگت رام جلدی سے اٹھا اور میری طرف بڑھا۔ شاید وہ مجھے پکڑنا چاہتا تھا۔ بدمعاش میں تیرے قابو میں آسانی سے نہیں آؤں گا۔ خونی، ڈاکو، میں روتا ہوا آگے بھاگا۔ پیچھے پیچھے بھگت رام دوڑتا ہوا آ رہا تھا۔ کہہ رہا تھا: "بات تو سن، بیٹے،

بات توسن بیٹے۔" پر میں ایسا بیوقوف نہ تھا۔ کہ رک جاتا۔ میں بھاگتا گیا۔ یکایک اس نے مجھے گردن سے پکڑ لیا۔ اور میں نے کٹکٹا کر اس کے انگوٹھے کو اپنے دانتوں تلے دبا لیا۔ اور اتنے زور سے کاٹا کہ وہ درد کی شدت سے چیخ اٹھا۔ مگر اس نے مجھے طمانچے نہیں مارے۔ کچھ نہیں کیا۔ لیکن مجھے چھوڑا ابھی نہیں۔ وہ مجھے اپنے گھر کے اندر آنگن میں لے گیا۔ مجھے گردن سے پکڑے ہوئے تھا۔ کمبخت میں اب بھاگ بھی نہ سکتا تھا۔ اس نے رام دئی کی طرف اشارہ کر کے کہا۔

"یہ تمہاری موسی ہیں۔ انہیں رام رام کہو۔"

میں نے کہا۔ "موسی تمہاری ہوں گی۔ میں انہیں رام رام نہیں کہوں گا۔"

اس نے ہنس کر کہا۔ "دیکھو یہ تمہارا چھوٹا بھائی ہے منو۔ اس کے ساتھ کھیلو۔"

میں نے کہا۔ "میں اس کے ساتھ نہیں کھیلوں گا۔ میری ماں کہتی ہیں۔

رام دئی کا بچہ حرامی ہے! حرامی ہے یہ بچہ ......!"

معاً رام دئی نے بچے کو اپنی چھاتی سے چمٹا لیا۔ بھگت رام کھل کھلا کر ہنس پڑا اور اس کے بدصورت کریہہ دانت اور مسوڑے ہونٹوں کے باہر نکل آئے کہنے لگا۔ "سیب کھاؤ گے۔؟ سیب کھاؤ گے۔؟ آلوچے۔؟ آلوچے۔؟ ہاہاہا۔!"

میں نے سر ہلا کر انکار کر دیا۔

اس نے زبردستی بہت سے سیب اور آلوچے میری جیبوں میں ٹھونس دیئے پھر مسکرا کر بولا۔ "یہ مینا تمہیں اچھی لگتی ہے نا۔ لے جاؤ اسے۔"

وہ پنجرا اتار کر میرے حوالے کرنے لگا۔

بہن نے کہا۔ کوئی تھوکتا بھی ہے اس تمہاری مینا پر۔ میری ماں کہتی ہیں کہ بھگت رام آدمی نہیں حیوان ہے۔ وہ تو چوپاؤں سے بھی بدتر ہے۔ چھوڑو مجھے۔ مجھے نہیں چاہیئے تمہاری مینا وینا........"

اس نے ہنس کر مجھے چھوڑ دیا۔ کہنے لگا۔" تو اب بھاگ جاؤ۔"

اس بدمعاش کے پنجے سے نکل کر جو میں بھاگا ہوں تو سیدھا گھر آ کے دم لیا۔ گھر آ کر ماں کو جو میں نے سارا قصہ سنایا تو پہلے تو مجھ پر بہت بگڑیں۔ پھر بھگت رام کو انہوں نے خوب خوب کوسا اور سارے سیب اور آلوچے اٹھا کر گلی میں پھینک دیئے۔

اس کے بعد میں کبھی بھگت رام کے گھر پر نہیں گیا۔

چند مہینوں کے بعد جب لالہ بانسی رام نے شہر سے لوٹا تو اس نے مولو چمار سے کہہ کر بھگت رام پر بدچلنی اور اغوا کا مقدمہ دائر کرا دیا۔ چھ سات مہینے بھگت رام جیل میں رہا۔ آخرکار وہ بری ہو گیا۔ لیکن جیل میں رہ کر اس کی صحت کافی کمزور ہو گئی تھی۔ اور اب وہ جیل سے چھوٹ کر آیا تو لوگ کہتے تھے کہ اس کے چہرے پر وہ پہلی سی بشاشت نہ تھی۔ نہ وہ اب پہلے کی طرح سینہ تان کر چلتا تھا۔ کچھ جھکا جھکا سا تھا۔ کچھ اداس۔ لیکن یہ کیفیت بھی چند روز تک رہی۔ پھر وہ اسی طرح بے شرم بے حیا اور ڈھیٹ بن کر اِدھر اُدھر گھومنے لگا۔ اور گاؤں گاؤں جا کر اپنی جڑی بوٹیوں کی تجارت کرنے لگا۔ لیکن شریف لوگ اسے منھ نہیں لگاتے تھے۔ اور اس کے سائے سے پرہیز کرتے تھے۔ ہندو، مسلمان، کمیرے ہر مذہب اور ہر جات کے لوگ اسے آوارہ اور شہدا سمجھتے تھے۔ اور ہمارے گاؤں میں تو اس کی برائی ضرب المثل بن چکی تھی۔ اور مائیں ہمیں درسِ اخلاق دیتے وقت کہا

کرتی تھیں۔

"دیکھو جی اگر کوئی بُرا کام کرو گے تو تمہارا بھی وہی حال ہوگا، جو بھگت رام کا ہوا ہے۔"

جیسی بے معنی، بے مطلب اس کی زندگی تھی، ویسی ہی اس کی موت تھی۔ بالکل مہمل، لایعنی........

میں نے اسے مرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ لیکن جن لوگوں نے اسے مرتے ہوئے دیکھا ہے۔ وہ بھی اس کے پاگل پن پر آج تک ہنستے ہیں۔ کہتے ہیں مرنے سے پہلے وہ بالکل ہشاش بشاش تھا۔ ندی کے کنارے رام دئی کے ساتھ کھڑا تھا۔ اور ان طوفانی لہروں کا تماشہ دیکھ رہا تھا۔ جو برساتی بارش کی وجہ سے ندی کی سطح کو "گرداب فنا" بنائے ہوئے تھیں۔ یکایک اس نے اپنے کنارے کے قریب جھجھڑ کے تین چار بچوں کو دیکھا جو ان ہلاکت آفریں لہروں کی گود میں خوفزدہ آواز میں باآبا کہتے ہوئے بہتے چلے آ رہے تھے۔ ایک لمحہ کے لئے بھگت رام نے ان کی طرف دیکھا۔ دوسرے لمحے میں وہ ندی کی طوفانی لہروں کی آغوش میں تھا اور جھجھڑ کے بچوں کو بچانے کی ناکام سعی کر رہا تھا۔ اسی کوشش میں اس نے اپنی جان بھی دیدی۔ دوسرے دن جب طوفان ختم ہوا تو اس کی لاش ندی کے غربی موڑ پر تنگ کے ایک تنے سے لپٹی ہوئی پائی گئی جس کا آدھا حصہ پانی میں ڈوبا ہوا تھا۔ کیسی جاہلانہ، احمقانہ، بیوقوفانہ موت تھی۔ یہ حیوانی زندگی کی حیوانی موت۔ حسنِ ترتیب اور حسنِ توازن سے عاری۔ بھلا ایسی موت میں بھی کوئی تک ہے ———— لیکن اس کے اچھے بھائیوں نے اچھا کیا۔ اسے معاف کر دیا۔ اور گو وہ برادری سے خارج

ہو چکا تھا۔ اور اب وہ نہ ہندو رہا تھا نہ مسلمان نہ اچھوت پھر بھی انہوں نے
اپنے دھرم کے مطابق اس سے اچھا سلوک کیا۔ وہ اس کی لاش کو گھر لے گئے۔
اسے نہلایا دھلایا اور اپنے رسم و رواج کے مطابق اسے شمشان گھاٹ لیجا کر
آگ لگا دی۔ میں وقت وہیں موجود تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

٭ ٭ ٭

لیکن یہ سنہ ۱۹۲۰ء کی بات ہے۔ آج سنہ ۱۹۴۴ء ہے اور میرے ننھے
بیٹے نے میری چھنگلیا کو زور سے کاٹ کھایا ہے اور میں نے غصہ میں آکر اسے دو
تین طمانچے جڑ دیئے ہیں۔ اور معصوم بچہ صوفے میں منھ چھپائے رو رہا ہے اور
میں سوچتا ہوں۔ آج میں یہ سوچتا ہوں کہ بھگت رام تم جو دس نمبر کے بدمعاش تھے
اور تمہارا کوئی مذہب نہ تھا۔ تم جو ایک گنوار، اجڈ، جھوٹے پنساری تھے اور
جڑی بوٹیاں بیچتے تھے۔ اور لوگوں کو ٹھگتے تھے۔ اور ان سے روپیہ بٹورتے تھے۔
اور ایک مسلمان فقیرنی سے نکاح کئے ہوئے تھے۔ اور ایک اچھوت بیوہ سے
جھوٹ موٹ کا بیاہ رچائے ہوئے تھے بھگت رام تم جو جیل کی ہوا کھا چکے
تھے۔ اور گاؤں بھر کے مانے ہوئے لفنگے اور غنڈے تھے ———— تم جس
سے لوگ نفرت کرتے تھے۔ اور شاید آج بھی کرتے ہیں۔ ایک میرے ہی گاؤں میں نہیں
ہر گاؤں، ہر شہر میں ہر جگہ ہیں ———— آج میں یہ سوچتا ہوں بھگت رام
شاید میں نے تمہیں پہچانا نہیں۔ شاید میں نے تمہیں پہچاننے میں غلطی کی۔ شاید تم ان

تمام بڑے آدمیوں سے بڑے ہو۔ اچھے ہو۔ بہتر ہو۔ جو ریلیں بناتے ہیں۔ اور لوگوں کو بھوکا مر جانے دیتے ہیں۔ جو اونچی اونچی عمارتیں بناتے اور خدا کی مخلوق کو گلیوں میں ننگا پھرنے پر مجبور کرتے ہیں۔ جو نادار عورتوں سے ان کی عصمت چھین کر عصمت پرست بنتے ہیں۔ جو اپنی وقتی بیویوں کے لئے قحبہ خانے اور اپنی اولاد کے لئے یتیم خانے تعمیر کرتے ہیں اور سماج کے سمندر میں بیٹھ کر ان پر لعنت بھیجتے ہیں۔ ہاں تم ان سب آدمیوں سے بڑے ہو جو ٹریکٹر، ہوائی جہاز۔ اسکول مشین گن۔ تھیٹر۔ سینما۔ ایمپائر بلڈنگ، ناچ گھر۔ بنک، یونیورسٹی سلطنت تختِ طاؤس۔ کتبے۔ اپنشد۔ فلسفہ۔ زبان اور ادب کی تخلیق کرتے ہیں۔ اور آدمی کی نسل کو کائنات کی تاریکی میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے حیران و پریشان چھوڑ دیتے ہیں۔ تم ان سب آدمیوں سے بڑے ہو اچھے ہو۔ بھگت رام کیونکہ تم پنساری ہو۔ جڑی بوٹی فروخت کرتے ہو۔ آوارہ مزاج ہو۔ نہیں نہیں تم سچ مچ شاعر ہو۔ بھگت رام۔ تم وہ شاعر ہو جو ہر صدی میں۔ ہر برس میں۔ ہر جگہ ہر گاؤں میں پیدا ہوتا ہے لیکن لوگ اچھے لوگ، نیک لوگ بڑے لوگ اسے سمجھنے سے انکار کر دیتے ہیں۔ تم وہ شاعر ہو دوست، آؤ، ہاتھ ملاؤ۔!

لیکن بھگت رام اب مجھ سے ہاتھ نہیں ملا سکتا۔ کیونکہ وہ مُردہ ہو چکا ہے۔ سنہ ۱۹۳۰ء کی طغیانی میں بھیڑ کے بچوں کو بچاتے ہوئے مر گیا تھا۔ اور وہیں ندی کے کنارے اس کی چتا جلائی گئی تھی۔ اور کوئی اس کی موت پر رویا نہ تھا۔ اور اس کی چتا سے شعلے بلند ہو کر آسمان کی طرف بڑھ رہے تھے۔ لال لال شعلے، شعلوں کے ننھے شعلوں کی کلیاں۔ شعلوں کے پھول اس کی چتا

سے کھل رہے تھے۔ اور چتا جل رہی تھی اور کسی کی آنکھ میں آنسو نہ تھے۔ اور قدرت بھی اداس نہ تھی۔ آسمان صاف تھا۔ نیلا گہرا، خوبصورت دھوپ تھی۔ صاف تھی۔ کھلی ہوئی چمکدار۔ نرم اور گرم اور کہیں کہیں بادلوں کے سپید سپید سبک اندام، راج ہنس تیر رہے تھے۔ اور ندی کا پانی گیت گاتا ہوا۔ جھنجھناتا ہوا، لہروں کے جال بنتا ہوا اس کی چتا کے قریب سے گزر رہا تھا۔ اور چتا کے پاس ہی کھٹے اناروں کے جھنڈ میں شعلہ بداماں پھول دہک رہے۔ کائنات خوش تھی۔ خدا خوش تھا۔ خود شاعر خوش تھا۔ کیونکہ آج اس کا دل شعلہ بن گیا تھا۔ اور اس کی روح پھول۔ یہ شعلے جو تمہارے دل میں ہیں۔ یہ پھول جو ہر جگہ ہیں۔ جو تمہارے اندر ہیں اور میرے اندر ہیں اور پھر اندر، اور باہر، سب جگہ، ہر جگہ اور کائنات اور شاعر اور آدمی ایک ہو گئے تھے۔ ایسی موت کسے نصیب ہوتی ہے۔ بھگت رام......

شمع کے سامنے

میرا گاؤں ابھی دس کوس دور تھا۔ سہ پہر کے سائے لمبے ہو گئے تھے۔ خچّر کے قدم سست پڑ گئے تھے۔ اور ڈھلوان پگڈنڈی کے دو رویہ سنبلو بنا تھا اور جھکیڑ کی جھاڑیوں میں بڑوں بنیوں اور رت چڑیوں نے سرکنا پھدکنا اور شور مچانا شروع کر دیا تھا۔ کہیں کہیں کوئی جھینگر خوش الحانی سے پکار اٹھتا اور پھر ایکدم چپ ہو جاتا۔ شاید اس نے بھی سہ پہر کی گھٹتی ہوئی دھوپ اور مٹتی ہوئی حدّت میں شام کے سہانے خنک آمیز معطر سانس کو چھو لیا تھا۔ اور اسی لئے بیقرار ہو کر چیخ رہا تھا۔ پھر یکایک چپ ہو جاتا۔ جیسے اسے ابھی شام کی آمد کا یقین نہیں ہے۔ ابھی نہیں، ابھی نہیں شاید شام ابھی نہیں آئے گی۔ پھر کہیں سے ہوا کا کوئی لطیف جھونکا اس کے قریب سے گزر جاتا اور اپنے محبوب کی آمد کا یقین ہو جاتا اور وہ جھاڑی کی ٹہنی سے لگا ہوا وہیں مسرّت سے چیخ اٹھتا۔ آئے گی۔ شام ضرور آئیگی۔ اسی آس پاس کے درمیان کہیں خوشی کی منزل ہے ——— لیکن

میرا گاؤں تو ابھی دس کوس دور تھا۔ اور میرا خچر تھک چکا تھا اور بھوک سے بیتاب ہو کر بار بار کان ہلاتا، رک جاتا، نتھنے پھٹ پھٹاتا اور اِدھر اُدھر دیکھنے لگتا۔ شاید کہیں منزل کا سراغ ملے ایڑی کی پیہم ضربوں نے آخرکار اسے اس مقام پر پہنچا دیا کہ جہاں وہ ڈھلوان پگڈنڈی ختم ہوتی تھی اور نیچے پہاڑی پر چیڑھ کے ناتراشیدہ کندوں کا بنا ہوا پل تھا۔ نئے نئے کندوں کا بنا ہوا پل تھا۔ نئے نئے کندوں سے جنگل کی مہک آرہی تھی۔ یہاں پہنچ کر میرا خچر کھڑا ہو گیا اور ہزار کوشش کے باوجود اپنی جگہ سے نہ ہلا۔ ناچار میں اتر پڑا اور لگام ہاتھ میں لے کر اسے پتھر کی باؤلی کی طرف کھینچ کر لے گیا۔ جو پہاڑی کسی کے بالکل کنارے پر بنی ہوئی تھی۔ اور روایت کے مطابق آج سے ہزاروں برس پہلے پانڈوں نے بنائی تھی۔ یہاں پر خوبانی کے درخت تھے۔ اور ایک چھوٹی پھگواڑی، میں نے پھگواڑی سے خچر کو باندھا اور دانہ نکال کر اس کے سامنے رکھا پھر جھولے میں سے اپنے لئے مکی کی روٹی اور گینبار کا ساگ نکالا۔ کاش، اس وقت کہیں سے ایک سبز مرچ مل جاتی اور تھوڑی سی چٹنی........

دو ایک مرتبہ پہلے بھی میں اپنے کام کے سلسلہ میں اس راستہ سے گزر چکا تھا۔ باؤلی سے چند قدم کے فاصلے پر دھان کے کھیتوں کا ایک وسیع و عریض سلسلہ تھا اور جہاں یہ کھیت ختم ہوتے تھے۔ وہاں سے چمن کوٹ کی بستی شروع ہوتی تھی۔ چمن کوٹ کے گاؤں میرا ماموں اللہ داد خاں رہتا تھا۔ اور سارے علاقے میں اپنی ڈکیتی کے لئے بہت مشہور تھا۔ بخلاف اس کے میرا باپ سرکاری ملازم تھا۔ اور یوں بھی ہمارے رنگ پور کے گاؤں والے بہت ہی امن

پسند واقع ہوئے ہیں۔ اس نے اپنی قرابت داری کے باوجود میاں نے کبھی چمن کوٹ میں اپنے ماموں کے ہاں ٹھہرنا مناسب نہیں سمجھا۔ اس وقت بھی جبکہ دن تیزی سے ڈھل رہا تھا۔ میں نے یہی بہتر سمجھا کہ جس طرح بھی ہو یہ سفر طے کر کے رنگ پور پہنچ جاؤں۔ میرے پاس اپنے بھاری بھرکم ٹٹو ے میں سرکاری لگان کی ایک اچھی خاصی رقم تھی اور گو اللہ داد میرا ماموں تھا اور دونالی میرے پاس تھی۔ اور پیٹی میں کارتوس بھرے ہوئے تھے۔ اور میرا نشانہ دور دور تک ضرب المثل تھا۔ پھر بھی رات بسر کرنے کے لئے میری دوراندیشی صلاح نہ دیتی تھی۔ ذرا خچر سستا لے تو پھر جیسا بھی ہو میں اسے گھسیٹ لے چلوں گا کھانا کھا کر میں نے خچر کی طرف دیکھا۔ اس نے بھی اپنا راتب ختم کر لیا تھا۔ میں نے اسے بھگوا ڑی سے کھول کر اس کی ایال پر رکھ دی اور اسے باؤلی کی طرف بڑھنے کا اشارہ کیا۔

پھر میں گھٹنے ٹیک کر باؤلی پر جھک گیا۔ اور میرے ہونٹ باؤلی کے پانی سے ہم سطح ہو گئے۔ مجھے اس طرح پانی پینے میں بہت مزا آتا ہے۔ یہ لطف اوک میں نہیں ہے۔ خچر بھی میرے قریب ہی پانی پی رہا تھا۔ یکایک وہ اپنی تھوتھنی بڑھا کر بالکل قریب لے آیا۔ حتیٰ کہ میں اس کی گرم سانس کو جس میں گھاس اور چنوں کی ملی جلی خوشبو بسی ہوئی تھی۔ اپنے رخسار دل پر محسوس کرنے لگا۔ میں نے آہستہ سے اس کی تھوتھنی کو پرے کر دیا۔

"آخر یہ کونسا طریقہ ہے محبت کرنے کا۔؟"

"یہ باؤلی جانوروں کے لئے نہیں ہے۔"

عقب سے کسی نے کہا۔ میں نے مڑ کر دیکھا۔ دو عورتیں گھڑے لیے
کھڑی تھیں۔ دونوں میں سے کسی نے کہا ہوگا۔ دونوں جوان تھیں۔ دونوں حسین
دونوں متبسّم، دونوں کی رنگت زیتونی تھی۔ آنکھیں سیاہ اور بڑی بڑی
ہاں ایک کی ٹھوڑی خمیدہ تھی۔ دوسری کی گول اور ملائم، ناشپاتی کی طرح
دونوں پیروں سے ننگی تھیں۔ انہوں نے سیاہ گھگریاں پہن رکھی تھیں۔
اور گھگریوں کے اوپر سیاہ رنگ کی قمیض تھی۔ ہاتھ پاؤں محنت و مشقت
کے سخت عادی معلوم ہوتے تھے۔ کلائی سے لیکر انگلی کی آخری پور تک اور
ٹخنوں سے لے کر پاؤں کے ناخن تک جلد کی رنگت زیتونی نہ تھی۔ بھوری
تھی کبھی زیتونی ہوگی۔ کبھی بھوری بھی نہ رہے گی۔ جب جوانی گزر جائے گی۔
تو ہاتھ پاؤں دونوں ہی سیاہی مائل ہوں گے۔ اور ناشپاتی کی طرح پکی
ہوئی زیتونی جلد میں وقت اپنے تیز چاقو سے شگاف پیدا کریگا۔ اور
جھرّیاں تعمیر کرتا جائے گا۔ اور رخساروں کا سونا بھی اڑ جائے گا۔ اور ——
مگر اندھے فیلسوف۔ !اس وقت تو دیکھ۔ ! آنکھوں میں جوانی ناچ رہی
ہے۔ تبسم زیر لب کانپ جاتے ہیں۔ رخساروں کے سیب چمک رہے ہیں جیسے
شفق کی ڈالیاں جھک گئی ہیں۔ اور غربی آسمان کے باغ کی رعنائی بہار
ان دو مجسموں میں اتر آئی ہے۔ میں حیرت سے ان کی طرف دیکھنے لگا۔ ان
میں سے ایک وہ جس کی ٹھوڑی خمیدہ تھی۔

"یہ باؤلی جانوروں کے لئے نہیں ہے۔"

میں نے کہا۔ "ہر انسان جانور ہوتا ہے۔ جو پانی پیتا ہے۔ یہ جانور

ہے کیا آدمی۔ کیا خچر، پیو بٹیا۔!" یہ کہہ کر میں اپنے خچر کو جو میری طرح حیرت سے ان
دو عورتوں کو تک رہا تھا۔ (رہا۔! اس ملک میں بیچارا خچر بھی جنسی بھوک سے مبرّا نہیں)
تھوتھنی سے پکڑ کر پھر زبردستی پانی پلانے لگا۔

حمیدہ ٹھوڑی والی کی نگاہیں آتش بار ہوگئیں۔ وہ جلدی سے آگے بڑھی
اور اس نے راس پکڑ کر خچر کو اپنی طرف کھینچا۔ خچر اچھل کر واپس بھگواڑی کے
پاس جا رہا۔ اسی اچھل کود میں اس نے دولتی جو جھاڑی تو شعلہ ساماں حسینہ
کا گھڑا چور چور ہو گیا۔

میں ہنسنے لگا۔ دوسری عورت جسے اس کی ٹھوڑی کی مناسبت سے
ناشپاتی کہنا چاہیئے کھل کھلا کر ہنس پڑی۔ "اس میں ہنسنے کی کیا بات ہے۔ مرجانا۔!" پہلی
عورت نے غصے سے کہا۔ اور جھٹ مرجانہ کے ہاتھ سے گھڑا لے کر ندی میں پھینک دیا۔ لہروں
کے زیر و بم میں گھڑا بہت سا فاصلہ صحیح سلامت طے کر گیا۔ ہم مبہوت کھڑے اس کا
سفر دیکھ رہے تھے۔ پھر ایک بڑی لہر نے اسے ایک اونچی چٹان کے کنارے سے ٹکرا
دیا۔ اور ایک جھناکے کے ساتھ بے چارہ وہ بھی......

"ہائے...... ہائے......" میں نے ہاتھ ملتے ہوئے کہا۔

"کیوں ہنستے ہو۔؟" پہلی عورت دانت پیس کر بولی۔

میں نے کہا۔ "جب دو جانور لڑتے ہیں تو گھڑے ٹوٹ جاتے ہیں۔"

وہ بولی۔ "جانور تم ہو، سُور ——— ایک تو باؤلی خراب کر دی خچر کو
پانی پلا کر، پھر ہمارے گھڑے......! اور اب باتیں بناتے ہو۔ پیسے نکالو نہیں تو۔!"

"نہیں تو کیا ہو گا۔؟" میں نے پوچھا۔

"بس تمہارا خچر لے جاؤں گی۔" یہ کہہ کر وہ خچر کی طرف لپکی اور پیشتر اس کے کہ میں اسے روک سکوں، وہ اس کی پیٹھ پر چڑھ کر بھاگ گئی۔ مرجانہ خچر کے ساتھ دوڑنے لگی۔ اور میں دونوں کے پیچھے بندوق اٹھائے۔ جی میں آیا کہ فائر کر دوں۔ اس قدر آ رہا تھا مجھے، مگر کیا کرتا عورت ذات پر ہاتھ کیسے اٹھاتا۔

"اے، سنو تو ——— سنو تو ——— خدا کی قسم ——— یہ لو پیسے ٹھہر تو جاؤ۔ خدا کی قسم، مجھے آج رنگ پور جانا ہے۔"

مگر حرامزادی نے نہ سنا، خچر بھی جو پہلے ایک قدم نہ اٹھا سکتا تھا۔ اب گھاٹی پر لڑھکتے ہوئے پتھر کی طرح تیزی سے جا رہا تھا۔ مرجانہ ہرنی کی طرح سبک گام تھی۔ دوسری عورت مڑ مڑ کر میری طرف دیکھتی جاتی اور ہنستی جاتی۔ "ٹھہر تو سہی، سور کی بچی، آج ہی رات تجھ سے بیاہ نہ کیا تو شاہ زمان نام نہیں۔" میں چھاڑیوں پر سے کودتا پھلانگتا، ندی کے کنارے کنارے بھاگا جا رہا تھا۔ اگر دونالی اور کارتوسوں کا بوجھ نہ ہوتا تو کب کا انہیں جا لیا ہوتا۔ آخر دوڑ دوڑ کے میرا دم پھول گیا۔ میں رک گیا۔ اور چلا کر کہنے لگا ——— ٹھہر جا ——— اے، ڈاکو کی بیٹی ——— رہزن خچر! ورنہ ابھی فائر کرتا ہوں، مگر کمبخت نے یہ دھمکی سنکر مڑ کر بھی نہ دیکھا۔ وہ اسی طرح خچر کو ایڑ لگاتی دوڑاتی چلی گئی ——— دوڑاتی چلی گئی اور بھگاتی چلی گئی۔ اور نقش پا کو مٹاتی چلی گئی۔ اور میں وہیں ایک ٹیلے پر کھڑا ہو کر اسے دیکھتا رہا۔ وہ گھاٹی کے نیچے جا رہی تھی۔ جہاں ندی ایک چھوٹی سی وادی میں پہنچی تھی۔ جہاں ایک چھوٹا سا مرغزار تھا۔ اور سبز ٹیلے پر تین چار خیمے کھڑے تھے۔؟

یہ خیمے تو خانہ بدوشوں کے سوا اور کسی کے نہیں ہو سکتے ان میں آگ روشن تھی! اور ہلکا ہلکا لطیف سا دھواں سبز تلے کی سطح سے اٹھتا ہوا آسمان کی طرف جا رہا تھا۔ جہاں پر بادلوں کا رنگ گلابی سے عنابی اور عنابی سے نیلا ہو چکا تھا۔ اور تاروں کے کنول کھلتے جا رہے تھے ——— مرجانہ اور خچر پر بیٹھی ہوئی عورت کو میں نے ان خیموں کے پاس اترتے دیکھا اور پھر وہ دونوں ایک خیمے میں گھس گئیں۔ خچر باہر چرنے لگا۔ تھوڑی دیر میں ایک آدمی خیمے سے باہر نکلا۔ اس نے اپنے ہاتھ اپنی کنپٹیوں کے پاس لے جا کر دیں دور سے میری طرف دیکھا اور پھر خچر کو ایک خیمے سے باندھ کر اندر چلا گیا۔ میں نے سوچا، لو اب ان خانہ بدوشوں سے الجھنا پڑ گیا۔ پھر خیال آیا کیوں نہ اپنے ماموں اللہ داد خاں سے امداد طلب کروں۔ پھر سوچا میرے بٹوے میں سرکاری لگان کے پیسے ہیں کہیں اسے پتہ چل گیا تو وہ ڈاکو تو ہے ہی کہیں مجھ پر ہی ہاتھ صاف نہ کرے اب تو اکیلے ہی ان خانہ بدوشوں سے نپٹنا پڑے گا۔ خیر یہ دونالی انہیں ڈرانے کے لئے کافی ہوگی۔ یہ سوچکر میں نیچے اترنے لگا۔ جلدی جلدی، کیونکہ اندھیرا بڑھ رہا تھا۔ شفق کے گم ہوتے ہی تاریکی گویا پہاڑوں کی چوٹیوں سے اُبل پڑی اور ساری وادی میں پھیلتی چلی گئی۔ جب میں مرغزار میں پہنچا تو چاروں طرف اندھیرا چھا گیا۔ ہاں خیموں میں آگ روشن تھی۔ اور پرے ایک درخت سے بندھا ہوا میرا خچر کھڑا تھا۔ میری طرف کس بیکسی سے دیکھ رہا تھا۔ گھبراؤ نہیں میرے محبوب، میں تجھے ان ظالموں کے چنگل سے آزاد کرتا ہوں۔

میں آگے بڑھا۔ کسی نے پکارا۔

"کون ہے۔؟"

"میں ہوں ایک آدمی۔"

"آدمی کہ جانور۔" وہ کمبخت پھر بول پڑی۔ اب دونوں ہاتھ کولہوں پر رکھے بڑے ٹھسے سے کھڑی تھی۔ اور خیمے کا پردہ ہوا میں ہل رہا تھا۔ اور شعلوں کی لپک اس کے رخساروں پر ناچ رہی تھی۔

"شمع تم اندر چلو۔" اس آدمی نے کہا۔

"میں اس سے خود نپٹ لوں گا۔"

میں نے کہا۔ "میں لڑائی جھگڑا کرنے نہیں آیا۔ تمہاری بیوی میرا خچر چرا لائی ہے۔ وہ مجھے دیدو۔"

وہ بولا۔ "میری بہن کو میری بیوی نہ کہو۔ ارے۔!"

میں نے کہا۔ "وہ جو کوئی بھی ہے تمہاری بہن یا بیوی یا ماں، مجھے اس سے کوئی غرض نہیں۔ مجھے اپنا خچر چاہیئے۔"

"میں تمہاری ماں ہوں سؤر کی کے جنے۔!" وہ پھر چیخی اور خیمے کے باہر آن کر کھڑی ہو گئی۔

"تم چپ رہو شمع، مجھے اس اجنبی سے بات کرنے دو۔"

وہ اندر چلی گئی۔ آدمی کہنے لگا۔

"تم کہاں کے رہنے والے ہو۔؟"

"رنگ پور۔"

"تمہارا نام۔؟"

"شاہ زماں۔"

"کیا کرتے ہو۔؟"

"میں ——— ؟ میں نمبر وار کا بیٹا ہوں۔"

"میں پوچھتا ہوں تم کیا کرتے ہو۔ تم کہتے ہو۔ میں نمبردار کا بیٹا ہوں"
میں نے کہا۔" میں ——— شکار کھیلتا ہوں، عشق کرتا ہوں کبھی کبھی اپنے باپ کے لئے دیہات سے لگان وصول کرتا ہوں۔" اچھا لاؤ اب میرا خنجر۔ ...

... ... یہ کہہ کر اس نے خنجر کی طرف بڑھا۔

وہ بولا۔ "ہم دو تین دن میں رنگپور آنے والے ہیں۔ وہاں کھیتیوں میں کام ملے گا۔"

"میں نے کہا۔" تم خانہ بدوش بڑے کام چور ہوتے ہو۔ کام سے جی چراتے ہو دن بھر آوارہ گردی کرتے رہتے ہو۔ یا کسانوں کی بھیڑ بکریاں چراتے رہتے ہو اور جب گاؤں سے چلے جاتے ہو تو پتہ چلتا ہے کہ فلاں کسان کے ہاں سے ہل چوری ہو گیا۔ فلاں کے گھر سے مرغیاں غائب ہیں۔ اس کی بکری نہیں ملتی اور اس کا گدھا۔"

وہ بولا۔" یہ تو معمولی سی بات ہے، تم لوگ، زمین کے بادشاہ ہو۔ ان چھوٹی چھوٹی باتوں پر تمہارا دھیان نہ جائے تو اچھا ہے۔" اس کے لہجہ میں بھی لجاجت تھی۔

"ہمیں کام کی بڑی ضرورت ہے۔"

"چمن کوٹ تمہیں پسند نہیں۔؟"

"جگہ اچھی ہے مگر ڈاکوؤں کی بستی ہے۔ اور اللہ داد ہمیں بہت ڈراتا دھمکاتا ہے۔ اگر یہاں رہے تو کسی دن خون خرابہ ہو جائے گا۔" یکایک اس نے

اپنا ہاتھ بڑھایا۔ میں نے دیکھا اس کے ہاتھ میں ایک بندوق ہے۔

وہ بولا۔ "تم اپنا خچر لے جاؤ۔ میری بہن تو بیوقوف ہے۔ بھلا راہیوں سے کون الجھتا ہے۔ وہ بھی تو ہماری طرح خانہ بدوش ہوتے ہیں۔ گو وقتی طور پر ہی سہی۔"

وہ ہنسا اس کی ہنسی بڑی دلکش تھی۔

قریب کے ایک خیمے کے اندر ایک بڑھیا، ایک جوان عورت دو بچوں اور ایک ادھیڑ عمر کے خانہ بدوش کو دیکھ سکتا تھا۔ سب لوگ کھانا کھا رہے تھے۔ بڑھیا بار بار ہانڈی میں لکڑی کا چمچہ ڈال کر شوربہ نکالتی اور سب کو تقسیم کرتی جاتی تھی۔ خوشبو اڑ اڑ کر نتھنوں میں آ رہی تھی۔

اس کی نگاہ نے میری نگاہ کا تعاقب کیا۔ پھر میری طبیعت کا اندازہ کرکے بولا۔

"تو آؤ، آج رات یہیں رہو۔ آگے خطرناک جنگل بھی ہے۔ اکیلے کیسے جاؤ گے۔؟"

"اکیلا تو نہیں ہوں۔ یہ دونالی میرے ساتھ ہے۔" میں نے کہا۔

"اس دونالی پر تمہیں بڑا گھمنڈ ہے۔ اسے چلا بھی لیتے ہو۔" پھر وہ ہنسا۔ اس کی ہنسی بڑی دلکش تھی۔ میں نے اس کے لہجے کی طنز کو معاف کر دیا۔ اور چپ چاپ اس کے خیمے میں داخل ہو گیا۔

چولہا زمین کھود کر بنایا گیا تھا۔ اس پر ہانڈی ابل رہی تھی۔ مرجانہ پاس بیٹھی چمچے پھیر رہی تھی۔ اور آنچ مدھم کرتی جاتی تھی۔ شمع سر جھکائے تکی کا

آٹا گوندھ رہی تھی۔ روشنی اس کے رخسار پر اس کے بالوں پر پڑ رہی تھی۔ مرجانہ کی آنکھیں حیران تھیں تو شمع کی محجوب دھیاں فرش پر بچھا ہوا تھا جس سے پرانے دھان کی بو آتی تھی۔ یہ خیمہ جو گندے چیتھڑوں۔ رنگا رنگ کپڑوں کے ٹکڑوں اور گندم کے خوشوں سے بنا ہوا تھا۔ دیکھنے میں سبک لیکن بڑا مضبوط تھا۔ تانت کی سلائی تھی۔ ایک کونے میں دو گٹھریاں تھیں۔ ایک بکری بندھی تھی جس کے تھنوں پر ایک میلا سا کپڑا الٹا ہوا تھا۔ ایک کھردرے بالوں والا کتا مجھے اندر آتا دیکھ کر غرانے لگا۔

"چپ بے ظالم۔" مرد کی آواز نے اسے خاموش کر دیا۔ اس کتے کے بالوں کا رنگ فولادی تھا۔ اور آنکھیں سرخ۔ اچھا نام پایا تھا۔ "ظالم۔"

میں نے اس آدمی سے کہا۔

"اور تمہارا نام کیا ہے۔؟"

"وہ بولا۔ "مجھے خداداد کہتے ہیں۔"

میں نے کہا۔ "تم اپنی بہن کی شادی کیوں نہیں کرتے۔ جب تک یہ اپنے خاوند سے پٹے گی نہیں درست نہیں ہو گی۔"

وہ ہنسنے لگا۔ کوئی ایسا خاوند بھی تو ملے جو اسے درست کر سکے۔"

میں نے کہا۔ "مجھے بیاہ دو اس سؤرنی کو۔ مار مار کر کھال نہ ادھیڑ دوں تو شاہ زمان ــــــــ!"

شمع بجلی کی طرح لپک کر اٹھی اور اپنے بھائی سے بندوق چھین کر بولی۔

"ہاتھ لگا کر تو دیکھو۔ راہی ہو۔ اس لئے جان بخشتی ہوں کوئی دوسرا ہوتا تو چھرا اس کے کلیجے سے پار ہوتا۔"

خدا داد مسکرا کر کہنے لگا۔ "شمع سچ کہتی ہے۔ اس کا نشانہ کبھی خطا نہیں ہوتا۔"

"اس کے تو ہم بھی قائل ہیں۔" میں نے آہ بھر کر کہا۔ اور وہ تیزی سے مڑ گئی۔ اور مرجانہ کے پاس جا کر بیٹھ گئی۔ مرجانہ کی بڑی بڑی حیران نگاہیں میرے چہرے پر جمی تھیں۔ شمع اپنے ہونٹ چبا رہی تھی۔ وہ پھر لکڑی کے پرات کے پاس بیٹھ گئی اور مکی کا آٹا گوندھ کر توڈھے پکانے لگی۔ نرم نرم گرم گرم توڈھے جو چولہے میں سینکے جا رہے تھے۔ اور جن سے تازہ مکی کے بھٹوں کی خوشبو آ رہی تھی۔ سامنے کے خیمے میں ایک لڑکا رو رہا تھا۔ اور اس کی ماں اسے گالیاں دے رہی تھی۔ اور اس کا باپ پاؤں چرخی چلا کر چقماق پر اون کترنے کی قینچی تیز کر رہا تھا۔ "چپ ہو جا شیطان کی اولاد۔ نہیں تو یہی قینچی تیرے سینے میں بھونک دوں گا۔"

لڑکے نے روتے روتے کہا۔ "شیطان کی اولاد تو ہے ابّا۔"

باپ مسکرانے لگا۔ اور اپنے انگوٹھے پر پھل کی دھار کا اندازہ کرنے لگا۔ پھر اس نے زور سے چرخی گھمائی اور قینچی کے ایک پھل کو چقماق پر رکھ دیا۔ شراروں کی ایک پھلجھڑی سی تاریکی میں چھوٹتی گئی۔

"خداداد۔ !"

"کون ہے ——— راول۔ ؟"

"ہاں۔"

"کیا کہتے ہو راول۔ ؟"

"بھئی۔ آج خیمے سے باہر نہیں آؤ گے۔ ؟ ایسی عمدہ چاندنی کھلی ہے۔ !"

ہم لوگ خیمے کا پردہ بند کئے رسی بٹ رہے تھے۔ میں اور مرجانہ سن کے خوشوں کو تر کر کے رسی میں لگاتے جاتے تھے۔ شمع نے رسی کے ایک سرے کو اپنے پاؤں کے انگوٹھے سے دبا رکھا تھا۔ دوسری طرف سے خدا داد بٹتا جاتا تھا۔ لیکن کیا مجال جو شمع کے پاؤں میں ذرا بھی لغزش پیدا ہو جائے۔ ہاں اس کے رخساروں کا رنگ گہرا سرخ ہو گیا تھا۔ اور پلکیں بوجھل ہو کر گری پڑتی تھیں۔ وہ انہیں بار بار سنبھالتی لیکن اب نظر نہ ملا سکتی تھی۔ ستواں ناک کے نیچے غنچۂ دہن نیم وا تھا۔ اور اس کا سانس تیز تھا۔ اور وہ کبھو کبھی اپنی پتلی سی سرخ زبان نکال کر اپنے لبوں پر پھیر لیتی اس کی یہ ادا مجھے بہت پسند آئی۔

راول کے بلانے پر خدا داد اٹھا اور خیمے کا پردہ کھول کر باہر کھڑا ہو گیا۔ پھر اس نے ایک زور کا سانس لیا جیسے کھلی ہوئی چاندنی کو سونگھ رہا ہو۔ شمع اس طرح بیٹھی تھی کہ جب خیمے کا پردہ ہٹا تو چاندنی کا طوفان یکلخت اس کے رخ سے ٹکرایا اور پھر وہاں سے اچھلتا ہوا دھیال کے خوشوں پر سے پھسلتا ہوا خیمے کے دوسرے کونے تک چلا گیا۔ یہاں وہ بکری بندھی تھی۔ شمع کا زیتونی حسن شفاف مرمر میں مبدل ہو گیا۔ اس کی آنکھیں جھپک گئیں۔ اور مجھے گویا اس کی بند پلکوں کے اندر سیاہ پتلیوں میں چاندنی کی شعاعیں کانپتی ہوئی نظر آئیں۔ چاندنی، جوانی اور کچھ شاید نگاہوں کی فتنہ سامانی تھی۔ کہ مجھے اس وقت شمع کے چہرے پر ایک بلوریں کیفیت کی تابانی نظر آئی۔ دوسرے لمحے میں خدا داد کی آواز نے یہ احساس زائل کر دیا۔ وہ کہہ رہا تھا۔ "شاہ زماں ــــ چلو ــــ باہر آجاؤ ــــ شمع ــــ مرجانہ۔۔۔۔۔"

شمع اپنے بھائی کی توڑے دار بندوق اور میری ٹو ایلو بور اٹھائے ہوئے باہر نکلی۔ میں نے پوچھا تو بولی۔ "تیرے گھمنڈ کا امتحان لینا چاہتی ہوں۔"

باہر راول کھڑا تھا۔ چھ فٹ ننگے پاؤں، گھیر دار شلوار جو صرف گھٹنوں تک آتی تھی۔ گھٹنوں کے نیچے ٹانگیں بالکل ننگی تھیں۔ اور ان پر زخموں کے نشان تھے۔ لمبے لمبے بال سر پر رکھ چھوڑے تھے۔ اور ان پر اس نے بغدادی چور کی طرح ایک رومال باندھ رکھا تھا۔ دائیں کان میں ایک لوہے کی بالی تھی۔ خانہ بدوش نہیں کسی فلم کا ہیرو معلوم ہو رہا تھا۔ وہ میری طرف دیکھ کر مسکرایا پھر اس کی نگاہیں شمع کے چہرے پر گڑ گئیں۔

راول بولا۔ "خدا داد کہتا ہے تمہارے پاس انگریزی بندوق ہے۔"

"ہاں، یہ دیکھو، راہی کی بندوق۔!" شمع چہکی۔

راول اسے غور سے دیکھتا رہا پھر بولا "یہ کیسی بندوق ہے۔ اس کی ایک نالی میں دندانے ہیں۔ دوسری نالی بالکل صاف ہے۔ ہماری توڑے دار بندوقوں کی طرح۔"

میں نے کہا "دندانے دار نال میں بڑے شکار کے لئے گولی ڈالتا ہوں اور سیدھی نال سے تیتر کا شکار کرتا ہوں یہ —— گولی والا کارتوس ہے —— یہ چھرے دار —— دیکھو —— یہ ہے........"

راول بولا "انگریزی رائفل اچھی ہوتی ہے مگر ہماری توڑے دار کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔"

شمع بولی۔ "بندوق اچھی یا بری نہیں ہوتی یہ تو جوان کا ہاتھ ہوتا ہے۔"

راول ہنسنے لگا۔ مجھے اس کی ہنسی مسخری کی طرح معلوم ہوئی۔ میں نے کہا۔

"جوان کے ہاتھ بھی دیکھ لو۔ کون منع کرتا ہے۔"

راول آگے بڑھا۔ خدا داد کا چہرہ بالکل سنجیدہ تھا۔ راول میرے قریب آ رہا تھا۔ خدا داد نے آہستہ سے کہا۔" شاہ زمان ہمارا مہمان ہے۔"

راول رکا۔ پھر پیچھے ہٹ گیا۔
خداداد نے کہا۔ "وہ سامنے دیکھو۔ دیوار کی ببول۔ وہ ہمارا نشانہ ہے۔"
چاندنی رات میں دیوار کی وہ ببول، ایک صلیب کی طرح آسمان کی طرف اٹھتی ہوئی نظر آرہی تھی۔
شمع نے بندوق میرے ہاتھ میں تھما دی اور کہا۔ "تم ہمارے مہمان ہو، پہلے تمہارا حق ہے۔"
اس کے لہجہ کی خفت طنز سے میں جھلا گیا۔ میں نے نشست باندھ کر بندوق چلائی مگر میں جانتا تھا کہ میں چوک جاؤں گا۔ وہ ببول وہیں کھڑی تھی۔
خداداد نے اپنی نگاہوں سے ایک بار اس ببول کا جائزہ لیا اور پھر بندوق سیدھی کر کے لبلبی دبائی ٹھائیں۔
مگر ببول وہیں کھڑی تھی۔ راول ہنسنے لگا۔
اب راول نے ایک عجیب بے اعتنائی سے اپنی بندوق ہاتھ میں لی اور اس طرح بندوق چلائی کہ سامنے دیوار کی ببول تو کیا اگر عنقا کا پر ہوتا تو وہ بھی چھد جاتا۔
لیکن ببول وہیں کھڑی تھی۔ ایک صلیب کی طرح آسمان کی طرف اٹھی ہوئی۔
شمع نے جھلا کر بندوق راول کے ہاتھ سے چھین لی اور بولی۔ "آج تمہیں ہوا کیا ہے۔" اور یہ کہہ کر اس نے نال میں توڑا ڈال کر بھرا اور پھر ٹھائیں۔
ببول غائب تھی۔ شمع نے بندوق کا دہانہ اپنے ہونٹوں سے لگا کر پھونکا اور پھر بندوق کو راول کے ہاتھ میں دیدیا۔ راول کے ہاتھ ایک لمحہ کے لئے شمع کی انگلیوں پر سختی سے جم گئے پھر شمع نے فوراً ہاتھ چھڑا لیا۔ بندوق زمین پر جا گری۔ راول ہنس کر

مجھ سے کہنے لگا۔ "بینی پکڑتے ہو جوان۔!"

"کیوں نہیں۔ لاؤ ہاتھ۔!"

پھر ہم بینی پکڑنے لگے۔ یہ خانہ بدوش نہیں جانتے تھے کہ میں بینی پکڑنے میں کس قدر مشاق ہوں۔ بہت جلد میں نے خداداد کو مات دیدی۔ پھر راول سے قوت آزمائی ہوئی۔ بینی چھڑاتے ہوئے میں نے اسے وہ جھٹکا دیا کہ وہ دس گز پرے جاگرا اور مرجانہ تالی بجاکر ہنسنے لگی۔ شمع نے غصہ میں آکر مرجانہ کے تھپڑ مارا اور وہ رونے لگی۔

میں نے شمع سے کہا۔ "مرجانہ نے تمہارا کیا بگاڑا ہے۔"

وہ بولی۔ "تم چپ رہو جی بڑے مرجانہ کے حمایتی بن کے آئے ہیں۔ ایک رات کا مہمان اور ابھی سے کیسی باتیں کرتا ہے۔ جیسے خانہ بدوشوں کا یہی سردار ہے ایک راول سے بینی کیا چھڑالی آفت آگئی۔

خداداد ہنسنے لگا۔ اتنے میں سامنے کے خیمے میں جو خانہ بدوش قینچی تیز کر رہا تھا۔ اس نے چرخی اور چقماق اٹھاکر الگ رکھ دیئے اور دف بجاکر گانے لگا۔ اس کی بیوی اور بچے بھی اس کے ساتھ مل کر گانے لگے۔ ہم سب لوگ وہیں چلے گئے۔ راول کے خیمے کے لوگ بھی اٹھ کر وہاں چلے آئے۔ اور جو تھے خیمے کے افراد بھی تھے ——— الاؤ میں دو بڑے بڑے سوکھے ٹنڈ جل رہے تھے۔ اور ان کی خوشگوار آگ کا پرتو ہر چیز پر تھا۔ اور پس منظر میں بکری کا رباب بج رہا تھا۔ ہلکا، مدھم، شیریں اور خانہ بدوشوں کی آوازیں چاندنی رات میں گھلتی ہوئی۔ گونجتی ہوئی سلسلۂ کوہ تک پھیلتی جا رہی تھیں۔ ایک چاندنی کا طوفان تھا۔ ایک نشے کا طوفان تھا۔ اور ستاروں کی ایک سبک اندام سندر کشتی جھل مل جھل مل کرتی ہوئی تیر رہی تھی۔ اور اب شمع کے پاؤں ناچ رہے تھے۔ اور

اس کا جسم اس کی روح میں پگھل گیا تھا۔ اور اب وہ ہمارے حلقے میں ہمارے حلقے سے باہر۔ یہاں وہاں زمین پر آسمان پر ہر جگہ معلوم ہوتی تھی۔ اسکی آواز زمین کی آواز تھی۔ ازلی وحشی، نا قابلِ تسخیر۔ اس کا رقص۔ کائنات۔ مسلسل پیہم، مضطرب۔ غیر مختتم۔ اس کے بال اڑ اڑ کر اس کے رخساروں پر پڑ رہے تھے۔ اور جب رقص کی دوسری گردش میں انہیں جھٹک دیتی تو ایک بجلی سی کوند جاتی۔ تاریکی، بجلی۔ آواز اور گردش جیسے ساتوں آسمانوں کے سورج، چاند اور تارے سنبھل گئے تھے۔ اور ایک ہیولے کی طرح زمین پر ناچ رہے تھے۔ جیسے تخلیق اور قیامت، زندگی اور موت۔ خدا اور انسان ایک ہی پیکر میں ضم ہو کر ہنگامۂ آفرینش کی ابتدا کر رہے تھے۔ اور ناچ ناچ کر کہہ رہے تھے۔ دیکھو، دیکھو، یہ ہے وہ عورت، وہ شمع، وہ نور کی مشعل جو اپنے رحم کے مندر میں دیوتاؤں اور انسانوں کو پیدا کرتی ہے۔ ان کی تہذیب و تمدن کو نچا دیتی ہے۔ ان کے سینوں میں سرچشمۂ علم و اخلاق کو فروزاں کرتی ہے۔ ازل سے ابد تک یہ وہی عورت ہے۔ وحشی، شعلہ، طوفان رقصاں حیات کا مرکزی بھنور۔۔۔۔۔۔!

⁂

ناچ اور نغمے کی یہ محفل شاید صبح تک جاری رہتی اگر میرا ماموں اللہ داد خان اکو رنگ میں بھنگ نہ کر دیتا۔ یکایک وہ اس محفل میں آکر چیخنے لگا۔
اے حرامزادو، خانہ بدوشو۔ اٹھاؤ یہاں سے اپنا اڈہ ڈیرا اور نکل جاؤ ہمارے گاؤں سے ابھی اسی دم، ورنہ —— شمع ناچتے ناچتے ایک دم بیٹھ گئی۔ اور ہانپتے

ہوئے وہ اپنے بھائی کی طرف دیکھنے لگی۔ براول اور خداداد دونوں فوراً اللہ داد خان کی طرف بڑھے، لیکن اس کے ہاتھ میں پستول دیکھ کر وہیں کھڑے رہ گئے۔

راول بولا۔ "ہم خانہ بدوش ہیں۔ ہم کسی کی ہیکڑی برداشت نہیں کر سکتے۔ اس آسمان کے نیچے جتنی زمین ہے۔ ہماری ہے۔ ہم —— جہاں جی چاہے گا ہمارا وہیں رہیں گے۔ جب جی چاہے گا اٹھ کر چلے جائیں گے۔"

اللہ داد خان پستہ قد گٹھیلے بدن کا ڈاکو تھا چھوٹی چھوٹی مونچھیں۔ چھوٹی چھوٹی آنکھیں جو اپنے گڑھوں میں قمقموں کی طرح چمکتی تھیں۔ اس کے جثے سے کسرت اور پھرتی اور چالاکی کا اظہار ہوتا تھا۔ اور بے رحمی کا بھی —— پستول اس نے راول کے سینے پر باندھ رکھا تھا۔ کہنے لگا۔

"یہ رنگ پور کا گاؤں نہیں ہے۔ یہاں ہیجڑے نہیں بستے۔ یہ اللہ داد خاں کا گاؤں ہے ایک کھوہ میں دو شیر نہیں رہ سکتے۔ چپ چپاتے کل چلے جاؤ یہاں سے۔ ورنہ خیمے تک جلوا دوں گا۔"

میں نے غصہ میں آکر خداداد کو پیچھے دھکیل دیا اور اللہ داد کے سامنے کھڑا ہو گیا۔

میں نے کہا۔ "ماموں ان غریب خانہ بدوشوں سے کیوں لڑتا ہے اگر لڑنا ہے تو میرے ساتھ لڑ۔ رنگ پور والے ہیجڑے ہیں تو آ۔ میں مقابلے کے لئے تیار ہوں۔

وہ مجھے دیکھ کر حیران ہو گیا۔

"ارے تو —— شاہ زماں —— یہاں کیا کر رہا ہے۔؟ ان جنگلیوں کے خیمے میں۔ اپنے گھر کیوں نہیں آیا۔؟"

پھر شمع اور مرجانہ کی طرف دیکھ کر مسکرانے لگا۔ "اب یہ خیمے ضرور جلانے

پڑینگے۔ گاؤں کے سارے جوان مرمٹے ان خانہ بدوش عورتوں پر۔"

راول آگے بڑھا۔ اللہ داد نے پستول تھوڑا سا اور آگے بڑھا دیا۔

خداداد نے راول کو روک دیا۔ پھر نہایت شیریں لہجہ میں بولا۔

"اللہ داد خاں کل شام کو ہم یہاں سے چلے جائیں گے۔ بس اتنی مہلت ہمیں دیدو۔"

"اچھا۔ کل شام کو ضرور چلے جائیو۔ اگر میں نے تمہیں یہاں دیکھا تو گاؤں کے کتوں سے تمہیں پھڑوا ڈالوں گا۔" پھر میری طرف مخاطب ہو کر کہنے لگا۔

"گھر چلتے ہو۔؟"

میں نے انکار میں سر ہلا دیا۔

"کہاں سے آرہے ہو۔ لگان وصول کر کے۔ بٹوا تو آج بہت بھاری ہوگا۔"

اس کی تیز آنکھیں چمکنے لگیں۔

میں چپ ہو رہا۔ راول اور خداداد نے میری طرف دیکھا۔ پھر اللہ داد خاں نے ان دونوں کی طرف معنی خیز نگاہوں سے دیکھا۔ "یہ شاہ زماں بڑا ہوشیار لونڈا ہے۔" اللہ داد نے طنزیہ لہجہ میں کہا۔ "اچھا تو میں چلتا ہوں۔ صبح مجھ سے مل کر جائیو یہاں سے۔۔۔۔۔!"

راول اور خداداد دونوں اللہ داد خاں کو کسی کے اس پار پہنچانے کیلئے گئے بہت دیر کے بعد لوٹے۔ وہ ابھی پلٹے نہ تھے کہ میں نے اپنی تجویز پختہ کر لی۔ میں نے اپنا بٹوا اٹھا کر شمع کے سامنے پھینک دیا اور اس سے کہا۔

"صبح تم سے لے لوں گا۔"

وہ ٹٹوا دیکھ کر مسکرائی بولی۔ "میں اسے پاس نہیں رکھتی۔ یہ تمہارا مال ہے اس کی حفاظت کرنا تمہارا کام ہے۔"

میں نے کہا۔ "میں تمہارا مہمان ہوں۔"

شمع نے کہا۔ "میں نے تمہیں نہیں بلایا تھا۔"

"ڈرتی ہو۔؟"

اس نے ٹٹوا میرے ہاتھ سے چھین لیا۔ چمک کر بولی۔ "مرد اپنی بندوق اپنے خیمے اور اپنی عورت کی خود حفاظت کرتا ہے۔ لیکن تم مٹی کے گھروں میں رہنے والے ہیجڑے ان باتوں کو کیا جانو......؟"

میں نے دونالی اپنے سرہانے رکھ لی اور دھیال پر دراز ہو گیا۔ "بکے جاؤ۔" میں نے کہا۔ "مجھے تو نیند آرہی ہے۔" اور یہ کہہ کر میں نے اپنی آنکھیں بند کر لیں۔

بہت دیر کے بعد رادل اور خداداد، اللہ داد خان کو سمجھا کر لوٹے اور دیر تک خیمے کے باہر سرگوشیوں میں باتیں کرتے رہے۔ میں بظاہر سو رہا تھا۔ لیکن در اصل ان کی ہر ایک بات سن رہا تھا۔ میرا ہاتھ اپنی دونالی پر تھا۔ وہ دونوں شمع کو برا بھلا کہہ رہے تھے۔ اور شمع کہہ رہی تھی کہ وہ اب کچھ نہ کر سکتی تھی۔ وہ قول ہار چکی تھی۔ رادل اسے گالیاں دینے لگا۔ اور شمع اسے...... پھر خداداد نے کہا۔

"کیوں نہ ہم اسے جان سے مار ڈالیں اور جنگل میں جا کر گاڑ دیں۔"

لیکن شمع نے نہ مانا۔ اس نے کہا۔ "اللہ داد کا کیا بھروسہ وہ کل کو تمہیں بھی پھانسی پر چڑھا دیگا۔ بھلا خانہ بدوش بھی قتل کرتے ہیں کہیں۔ چوری، ڈکیتی تو خیر الگ بات ہے لیکن قتل تو خانہ بدوشوں نے آج تک کبھی نہیں کیا۔ پھر کیا اپنے خاندان

کو بجھا دو گے۔" آخر راول اور خداداد کو شمع کی بات ماننی پڑی۔

خداداد اور شمع نے خیمے میں آکر آگ بجھادی اور دھیال پر آکر سو رہے اور مرجانہ پہلے ہی سے محوِ خواب تھی۔ شمع بھی اس کے قریب آکر لیٹ گئی۔ خداداد میرے قریب آکر لیٹ گیا۔ اب میں شمع اور خداداد کے درمیان سو رہا تھا۔ خیمے کا دروازہ کسی نے بند نہ کیا تھا۔ اور پردہ ہوا کے تیز جھونکوں سے پھڑپھڑا رہا تھا۔ اور چاندنی کی کرنیں دھیال پر پھیلتی ہوئی آرہی تھیں۔ "ظالم" دروازے پر چوکنا کھڑا تھا۔ اور نتھنے اونچے کئے فضا میں کسی موہوم دشمن کو سونگھ رہا تھا۔ خفیف سی آہٹ پاکر وہ بھونکنے لگتا۔ میں دم سادھے جاگ رہا تھا۔ ایک طرف شمع تھی اور دوسری طرف خداداد سو رہا تھا۔ وہ بہت جلد سو گیا اور خراٹے لینے لگا۔ یہ نقلی خراٹے نہ تھے۔ میں نے کروٹ بدل کر شمع کی جانب دیکھا۔ چاندنی کا ہالہ اس کے رخ پر اور اس کے بل کھائے ہوئے بالوں کے گرد تھا۔ اور اس کی خمیدہ ٹھوڑی کے نیچے اس کا بایاں ہاتھ مس ہو رہا تھا۔ وہ میرے اس قدر قریب لیٹی تھی کہ میں ہاتھ پھیلا کر اس کی ٹھوڑی کو چھو سکتا تھا۔ اس کی ٹھوڑی کو چھو لینے، اس کے رخساروں کو چوم لینے اور اس کے سارے جسم کو لے کر اپنی آغوش میں کچل دینے کا طوفانی جذبہ میرے دل میں گونجنے لگا۔ میں جسم کی آواز سننا چاہتا تھا۔ اس لئے میں نے اپنے کانوں میں انگلیاں ڈال لیں لیکن یہ گونج تو گویا دل کی ہر دھڑکن اور دورانِ خون کا نتیجہ بن گئی تھی۔ جسم کے ذرے ذرے سے ایک ہی آواز آرہی تھی۔ شمع کو کچل ڈالو ——— شمع کو کچل ڈالو ——— میں آہستہ سے اس کے قریب سرک گیا۔ اور پھر مڑ کر خداداد کی طرف دیکھنے لگا۔ وہ گھوک سو رہا تھا۔ اور خراٹے لے رہا تھا۔ ہلکے ہلکے ...... میں نے اپنا

ہاتھ شمع کے بائیں ہاتھ کی انگلیوں پر رکھ دیا۔ کوئی جنبش پیدا نہ ہوئی۔ دیر تک میرا جلتا ہوا گرم ہاتھ اس کی خنک برفانی انگلیوں پر پڑا رہا۔ کوئی جنبش پیدا نہ ہوئی پھر آہستہ سے میں نے اس کی خمیدہ ٹھوڑی کو چھوا اور میری رگوں اور نسوں میں لاکھوں شعلے تڑپنے لگے۔ اور طوفانی لہروں کے ریلے اچھل اچھل کر ساحل حیات سے ٹکرانے لگے۔ کانوں میں ایک ہی نغمہ تھا۔ ایک ہی مسلسل گونج تھی۔ شمع کو کچل ڈالو۔ شمع کو کچل ڈالو۔ میں نے ایک نظر پھر خدا داد کی طرف ڈالی۔ پھر مرجانہ کی طرف جو بدستور کروٹ بدل کر سو رہی تھی۔ پھر میں شمع کی جانب اور کھسک گیا۔ دھیان پر ایک ہلکی سی سرسراہٹ پیدا ہوئی۔ یہ سرسراہٹ جو ایک میٹھی سرگوشی تھی۔ ایک نغمۂ راز تھی۔ مسرت کی نقرئی لہر تھی۔ اور میں اس کے بہاؤ میں تیرتا ہوا شمع کے بالکل قریب چلا گیا۔ پھر میں نے اپنے ہاتھ کی انگلیوں کو اس کے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال کر انہیں زور سے دبایا جاگ ——— جاگ ——— اے ——— شمع شبستانِ وصال۔!

شمع جاگی نہیں۔ اس کی آنکھیں بدستور بند رہیں لیکن میرے ہاتھ کی انگلیوں نے اس کے ہاتھ کا آہنی لمس اسی طرح محسوس کیا کہ اگر میں مرد نہ ہوتا تو شدتِ درد سے بلبلا اٹھتا۔ وہ آہستہ آہستہ میری انگلیوں کو مروڑ رہی تھی۔ خاموشی سے، ہلے جلے بغیر آنکھیں کھولے بغیر مجھ سے کچھ بات کئے بغیر ہی وہ میرے ہاتھ کی انگلیوں کو ایک آہنی شکنجے میں کس کر مروڑ رہی تھی۔ اور میں مدافعت کرتے ہوئے یہ سوچ رہا تھا کہ انگلیوں میں اتنی طاقت اتنی قوت اتنی توانائی کہاں سے آ گئی۔

اس پھول کے جسم میں فولاد کی سختی کہاں چھپی ہوئی تھی۔ میں نے ہزار کوشش

کی کہ اپنا ہاتھ اس کی گرفت سے چھڑا لوں۔ لیکن کامیاب نہ ہو سکا۔ آخر جب درد حد سے بڑھ گیا تو میں دوسری کروٹ بدلنے پر مجبور ہو گیا۔ اب میری پیٹھ اس کی طرف تھی۔ اور میرا ہاتھ اس کے ہاتھ کی انگلیوں میں جکڑا ہوا تھا۔

شمع نے سرگوشی میں کہا۔

"بینی بگڑ گئے۔؟"

میں نے کہا۔ "تم عورت نہیں ہو۔ چڑیل ہو۔؟"

وہ آہستہ سے ہنسی، بولی۔ "اور شکنجہ۔!"

میں نے کہا۔ "دیوی کی اولاد ہو۔ سورنی۔!"

اس نے کہا۔ "ماہیا سنو گے۔؟"

میں نے کہا۔ "میرا ہاتھ چھوڑ دو۔ تمہاری سات پشتوں پر لعنت۔"

وہ بولی۔ "مجھے ماہیا سے عشق ہے۔ جب کھاٹیوں میں اس کی آواز گونجتی ہے۔ ہا ہا ہا۔"

"چپ ہو جاؤ۔" میں نے کہا۔ "خدا کے لئے۔ اگر کوئی سن لے تو۔"

"میں کسی سے ڈرتی نہیں ہوں۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اچھا تو ماہیا سنو!" اور وہ دھیمے بہت ہی دھیمے سروں میں گانے لگی۔ اس کی آواز میں ہنسی، شور اور شرارت کے سُر بسے ہوئے تھے۔

بازار وکیندی پٹی ———— بازار وکیندی پٹی

ندھی مار گئی بلیٹی

ندھا کمزور دے جی دے جانی۔ پہاڑ ردکھیلے آدیں

تمہاری مہربانی

"حرامزادی!" میں نے غصہ سے کہا۔ اور اس نے اس پر میرے ہاتھ کی انگلیوں کو ایک اور بل دیا کہنے لگی۔

"شمع خانہ بدوش کی لڑکی ہے۔ وہ کسی مٹی کے گھر میں رہنے والے کسان کی لڑکی نہیں ہے جو نمبردار کے لڑکے کو دیکھ کر اس پر عاشق ہو جائے گی۔ اور اپنی زندگی کی ساری دولت چپ چاپ اس کے حوالے کر دیگی۔ تم مہذب لوگ جنگلیوں کے اخلاق کیا جانو.......؟"

یہ کہہ کر اس نے میری انگلیوں کو پھر شکنجے میں کسا۔ اُف۔ بالشدت کا درد تھا۔ اور بڑھتا جا رہا تھا۔ کیونکہ شکنجے کی گرفت مضبوط ہو رہی تھی۔ یکایک مجھے محسوس ہوا کہ میں خیمے میں نہیں جنگل میں لیٹا ہوا ہوں اور کسی جنگلی جانور نے میرا بازو اپنی گرفت سے آزاد نہ کیا تو تھوڑے عرصہ ہی میں اس جنگل میں میری ہڈیاں چمکتی ہوئی نظر آئیں گی۔ درد بڑھ رہا تھا۔ شاید بازو ٹوٹ جائے گا۔ ایک کربناک دہشت سے میں تڑپا اور ایک آخری کوشش سے میں نے اپنا ہاتھ شمع کی گرفت سے چھڑا لیا۔ لیکن چھڑاتے وقت میرا بھرپور ہاتھ شمع کے چہرے پر جا پڑا۔ تڑاخ کی آواز آئی۔ اس کے لبوں سے ایک دبی سی چیخ نکلی اور پھر وہ خاموش ہو گئی۔

یکایک خداداد ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھا۔ شمع نے بھی جھوٹ موٹ جاگنے کا بہانہ کیا۔

"کیا ہے راہی۔؟" وہ بولی۔

"کچھ نہیں......" میں نے کہا۔

"شاید میں نے ایک چیخ سنی تھی۔" خداداد بولا۔

"شاید بے چارا ادا بھی ڈر گیا تھا۔ کیا بہت برا خواب دیکھا تھا۔؟"
شمع نے کہا۔
میرا خون کھول رہا تھا۔ لیکن میں چپ ہو رہا۔
"کیا ہے۔؟" یکا یک مرجانہ نے آنکھیں کھول کر حیرت سے پوچھا۔
"کچھ نہیں بے چارا پردیسی ڈر گیا تھا۔ بعض سپنے بڑے بھیانک ہوتے ہیں۔"
شمع نے بڑی متانت سے کہا۔
"سو جاؤ۔!"
خداداد نے کروٹ بدل کر کہا۔ اور سو گیا۔
دیر تک خاموشی رہی۔
پھر شمع آہستہ سے اپنی جگہ سے اٹھی اور خیمے کا پردہ اٹھا کر باہر چلی گئی۔
تھوڑی دیر کے بعد میں نے اپنی بندوق اٹھائی اور خیمے کے باہر آ گیا۔ چاند وادی کے بیچ میں چمک رہا تھا۔ اور شمع ندی کے کنارے بیٹھی منہ دھو رہی تھی۔ میں اس کے قریب گیا۔ اور اس سے پوچھا۔
"آدھی رات کے وقت منہ دھونے سے کیا ہوگا۔؟" اس نے گردن گھما کر میری طرف دیکھا اور میں نے دیکھا کہ اس کے دانتوں سے خون جاری تھا۔ اور لبوں کے کنارے زخمی تھے۔ شاید یہیں میرا ہاتھ پڑا ہوگا۔ میں شمع کے قریب زمین پر بیٹھ گیا۔ اور اوک میں پانی بھر بھر کر اس کے لبوں کے قریب لے جانے لگا۔ تھوڑی دیر میں خون بہنا بند ہو گیا۔ اور زخمی کناروں پر سرخی کی دو چھوٹی چھوٹی لکیریں رہ گئیں یاقوت کی رگیں جنہیں چومنے کے لئے میرے ہونٹ بے قرار ہو کر پھڑکنے لگے۔ لیکن میں

نے انہیں دانتوں تلے دبالیا۔ اور حیران ہو کر دیودار کی اس ٹہنی کو تلاش کرنے لگا۔ جو اب وہاں نہ تھی۔ نگاہیں ابھی تک اس ٹہنی کو تلاش کر رہی تھیں۔ جو بندوق کی ٹھائیں سے مر گئی تھی۔

لیکن اب وہ شور نہ تھا۔ وہ ٹھائیں نہ تھی۔ راول کی کرخت آواز نہ تھی۔ دف کا نغمہ نہ تھا۔ شمع کا رقص نہ تھا۔ اب شمع خاموش میرے سامنے کھڑی تھی اور اس کی آنکھوں کی پراسرار گہرائیوں میں چاند چمک رہا تھا۔ اور وادی کی نغمگی ختم ہو گئی تھی۔ اور اس کی خاموشی لوٹ آئی تھی۔ اور ہم دونوں اس خاموشی کے بیچ میں کھڑے تھے۔ اور ایک دوسرے کی طرف دیکھ رہے تھے۔ ؟ کیا پہچان رہے تھے۔ کیا ٹٹول رہے تھے۔ جیسے دو روحیں آگے بڑھ رہی ہوں۔ اور اپنی نازک غیر مرئی انگلیوں سے ان آنکھوں، ان پلکوں، ان رخساروں، اس ٹھوڑی کو پہچان رہی ہوں میں جانتی ہوں، میں جانتی ہوں تجھے۔ ہم ایک ہی حرکت کی تال ہیں۔ ایک ہی لے کی گونج ہیں، ایک ہی سچائی کی تصویر ہیں۔ آج لاکھوں برس کے بعد ہم ملے ہیں۔ دو ذرّے، دو روحیں۔ دو ستارے ہیں۔ جو اس عظیم سپیرے کے بطن سے نکل بھاگے ہیں۔ جو تمام کائنات کا منبع ہے اور آج تک اپنی چھوٹی سی مہتابی کے گرد گردش کر رہے ہیں۔ اور اب یکایک اس طرح چلتے چلتے گھومتے گھومتے۔ گردش کرتے کرتے ایک دوسرے کے سامنے آگئے ہیں۔ دو آوارہ ستارے، ایک لمحے کے لئے۔ صرف ایک لمحے کے لئے جو ابدی ہے۔ ازلی ہے۔ جاوداں ہے —— ! ایک دوسرے کے سامنے —— صرف ایک لمحے کے لئے جو مجھ میں، تجھ میں، اپنے آپ میں بالکل مکمل۔

* * *

دوسرے لمحے میں وہ میرے لئے پھر اجنبی تھی۔ اس نے خیمے کی طرف قدم بڑھائے اور لمحہ ختم ہو گیا۔ شرارہ بجھ گیا۔ خاموشی بھاگ گئی اور رات کا شور لوٹ آیا۔ اب دیوداروں میں ہوا کراہ رہی تھی جنگل میں گیدڑ بول رہے تھے۔ ندی قہقہے لگا رہی تھی۔ چاند ہنستا ہوا معلوم ہوتا تھا۔ فضا میں شور و غل رچا ہوا تھا۔ حتیٰ کہ شمع کے قدموں کی آہٹ اور خانہ بدوشوں کی سانس اور خیمے کے پردوں کی سرسراہٹ بھی سنائی دیتی تھی۔ اس لمحے سے پہلے ہر شے خاموش تھی۔ اور اب دوسرے لمحے میں ہر شے بول رہی تھی۔ چیخ رہی تھی۔ اور دماغ میں برمے کی طرح گھستی چلی جا رہی تھی۔ بس یہی ہوتا ہے کبھی ایک لمحہ دوسرے لمحے کی طرح نہیں ہوتا۔ کبھی نہیں ہوتا۔ اب زندگی کی ترتیب، تواتر، توازن اس طرح ہے۔ دوسرے لمحے میں اب یوں ہے۔ اس طرح کیوں نہیں ہے؟

شمع خیمے کا پردہ اٹھا کر اندر چلی گئی۔ میرے قدم خیمے کے باہر رک گئے میں وہیں ظالم کے پاس بیٹھ گیا۔ خیمے کے باہر ایک پتھر پر ظالم اپنی گرم گرم زبان سے میرے ہاتھ لیٹ لیٹ چاٹنے لگا۔ اور میں اسے تھپکنے لگا۔ اور اس کے کھردرے بالوں میں اپنی انگلیاں ڈال کر اس کی جلد کو سہلانے لگا۔ شاید میں اس کی جلد کو نہیں اپنی جلد کو سہلا رہا تھا۔ اپنے آپ کو تھپک رہا تھا۔ کیونکہ مجھے بہت جلد نیند آ گئی اور میں وہیں اسی پتھر پر تاروں کی خنک چھاؤں میں سو گیا اور جب جاگا تو تارے گم ہو چکے تھے۔ اور سپیدۂ سحر نمودار ہو چکی تھی۔ اور شمع سامنے

ندی میں سے نکل کر میرے خچر پر لکڑیوں کا گٹھا لادے چلی آرہی ہے۔ وہ میرے قریب آکر رک گئی۔ اس نے لکڑیوں کا گٹھا خچر سے اتار کر خیمے کے سامنے ڈال دیا اور مڑ کر اندر جانے کو تھی کہ میں نے اسے روک کر کہا۔

"لاؤ، میرا بٹوہ مجھے دیدو۔ میں جا رہا ہوں۔"

یہ کہہ کر میں نے خچر کی باگ اپنے ہاتھ میں لے لی۔

"کیسا بٹوا۔؟" شمع نے متین انداز میں مجھ سے دریافت کیا۔

"وہی جو میں نے تمہیں رات کو دیا تھا۔"

"رات کو دیا تھا۔؟ مجھے۔؟ کیا کہہ رہے ہو۔؟"

"یہ مذاق کا وقت نہیں ہے۔" میں نے جھلا کر کہا۔

"بٹوہ نکالو۔ مجھے جلدی جانا ہے۔"

خدا داد اور راول سامنے سے ادھر آرہے تھے۔

خدا داد بولا۔ "کس بٹوے کی بات کر رہے ہو۔؟"

اس کا لہجہ استہزائیہ تھا۔

میں نے چیخ کر کہا۔

"میں نے اسے دیا تھا۔ رات کو مرجانہ کے سامنے۔ کہاں ہے مرجانہ۔؟ بلاؤ اسے۔۔۔۔۔۔؟"

شمع بولی۔

"مرجانہ یہاں نہیں ہے۔ وہ جنگل سے ابھی تک نہیں لوٹی۔ لکڑیاں چننے گئی ہے۔"

"وہ ٹبو اتم نے اسے کیوں دیا تھا۔؟" راول نے مسکرا کر پوچھا۔
"میں نے سوچا اس کے پاس محفوظ رہے گا۔"
"اچھا تو تم ہمیں ٹھگ سمجھتے ہو۔" راول چنگھاڑا۔
"رات بھر ہم نے تمہیں پناہ دی۔ تمہیں ڈاکوؤں کے گاؤں میں قتل ہونے سے بچایا اور اب تم ہمیں چور کہتے ہو۔"
شمع نے راول کے ہاتھ سے بندوق چھین لی اور مجھ سے کہنے لگی۔
"ابھی چلے جاؤ۔ اسی دم .... ورنہ ...."
میں نے شمع کی طرف دیکھا۔ راول کی طرف دیکھا۔ خدا داد کی طرف دیکھا اور پھر خچر کو ندی میں ڈال دیا۔

٭ ٭ ٭

آج راستہ اکیلا تھا۔ میں اکیلا تھا۔ میرے ارد گرد ہر شے اکیلی تھی۔ اور ٹبو ے کے کھو جانے کا بھی ملال نہ تھا۔ پھر کس شے کے کھو جانے کا ملال تھا۔ دل رنجور تھا۔ دماغ پر ایک عجیب سی وحشت۔ ایک نامعلوم سی الجھن چھائی ہوئی تھی۔ اس کا تجزیہ نہ ہو سکتا تھا۔ شمع پر، خانہ بدوشوں پر، اپنے آپ پر، سست رفتار خچر پر، کسی پر غصہ نہ تھا۔ بس ایک ہلکی سی، نازک سی، کبھی ختم نہ ہونیوالی اداسی چاروں طرف چھائی ہوئی تھی۔ اور خچر آہستہ آہستہ چلا جا رہا تھا۔ ایک خرگوش سامنے سے راستہ کاٹ کر تیزی سے گزر گیا۔ ایک درخت کے نیچے مجھے لومڑی

کی سمور دار دم بھی نظر آئی۔ لیکن میرا ہاتھ بندوق پر نہ گیا۔

ایک جگہ وہ سوکھا ہوا درخت کھڑا تھا جہاں سے پگڈنڈی اپنا رخ ہے۔ لیکن آج مجھے یہ بھی معلوم نہ ہوا کہ پگڈنڈی نے اپنا رخ بدلا ہے۔ یہی محسوس رہا تھا کہ یہ پگڈنڈی اسی طرح ایک ہی رخ پر ایک ہی نہج پر چلی جا رہی ہے۔ یہ بہت لمبا ہے۔ یہ سفر بے منزل ہے ——— میں اونگھنے لگا۔

یکایک میں جاگ اٹھا۔ کسی نے ٹہوکا دیکر مجھے جگایا تھا۔ "راہی" "اتر" شمع بولی۔

میں خچر سے اُتر پڑا اور ہم دونوں ساتھ ساتھ چلنے لگے۔ میں نے اس سے یہ نہ پوچھا۔ کہ تم کیوں آئی ہو۔ کدھر جا رہی ہو۔ بس ہم دونوں ساتھ ساتھ چلنے لگے کاڑ کے بڑے جھنڈ کے قریب ہم دونوں از خود رک گئے۔ اس جھنڈ پر انگور کی جنگلی بیلیں پھیلی ہوئی تھیں۔ اور سبزہ آب پر بنفشے کے پھول مسرت آگیں بوسوں کی طرح بکھرے ہو تھے۔ یہاں سے دونوں وادیوں کا دلفریب نظارہ دکھائی دیتا تھا۔ ایک طرف رنگ پور اداس تھی دوسری طرف چمن کوٹ کی بیچ میں دو وادیاں مل جاتی تھیں۔ اور نقشو کا جھرنا کی بیچ ندی کا پانی نقرئی لہر کی طرح چمک رہا تھا۔

میں نے شمع کی طرف دیکھا۔

اس نے قمیص کے اندر ہاتھ ڈالا اور بٹوا نکال کر میرے ہاتھ میں دیدیا۔

میں حیرت سے اس کی طرف تکنے لگا۔ اور میری نگاہیں اس کے زخمی لبوں پر جم گئیں۔ وہ یاقوتی رنگین نازک نہیں کنارے، بنفشے کی پتیوں کے خم ———
میں اس کے چہرے پر جھک گیا۔

وہ منہ موڑ کر آہستہ سے کہنے لگی۔
"مجھ سے شادی کرو گے۔؟"
"شادی۔؟" میں نے پوچھا۔
وہ چپ رہی۔ میری طرف دیکھتی رہی۔
"شادی۔؟" میں نے آہستہ سے کہا۔ "تم سے" میں سوچنے لگا۔
"تم ہمارے گاؤں چلو ——— تو پھر ——— میں تم سے شادی کر لوں گا۔"

"تمہارے گاؤں۔؟"
"ہاں ہاں وہ رہا سامنے رنگ پور۔!"
"لیکن میں گاؤں جا کر کیا کروں گی۔؟" وہ حیران ہو کر بولی۔
"میں نمبردار کا بیٹا ہوں۔" میں نے فخریہ انداز میں کہا۔ "وہاں میرا گھر ہے زمین ہے۔ کھیت ہیں۔ مویشی ہیں۔ نوکر، چاکر، عزت، دولت اور ——— اور ———" میں رک گیا۔
وہ بولی۔ "میں چاہتی تھی تم میرے ساتھ چلو۔"
"تمہارے ساتھ۔؟ کہاں۔؟"
"دھرن کوٹ میں میرا قبیلہ ہے۔ میری ماں کا قبیلہ جسے میرے باپ نے چھوڑ دیا تھا۔ دھرن کوٹ میں آجکل بھی برف ہو گی۔ چاروں طرف سفید، سفید برف۔!"
شمع کی وحشی آنکھیں چمکنے لگیں۔ اس نے سختی سے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور کہنے لگی۔
ہم دونوں وہاں ایک خیمے میں رہیں گے، تمہاری انگریزی بندوق بہت اچھا

شکار کرے گی۔ تم ——— ہمارے قبیلے کے سردار ہو گے۔ رات کو میں دف پر ناچونگی
تم نے میرا ناچ دیکھا ہے نا ——— اس نے اپنا بازو جھٹک دیا۔
میں نے اس قبیلے کو دیکھا۔ چاروں طرف پڑی ہوئی برف کو دیکھا۔ دف کو
دیکھا۔ میلے کچیلے خیمے کو دیکھا۔ اس لبنز کو دیکھا جس سے بڑا نے دھیاں کی بو آتی تھی۔
اور میرے منہ سے بے اختیار نکلا ——— "لیکن، شمع! میرے کھیت، میرا
گھر، میری دولت، وہ سارا سامان، وہ گاڑیاں، وہ برادری ——— ان کے
بغیر میں کیسے زندہ رہ سکوں گا۔؟"
شمع نے نہایت سادگی سے کہا۔ "زندہ رہنے کے لئے یہ کھلی زمین اور یہ
کھلا آسمان کافی نہیں ......؟"
"تم سمجھتی نہیں ہو ——— تم ——— میں تمہیں کیسے بتاؤں تم خانہ
بدوش ہو۔"
یکایک اس کی آنکھوں کی روشنی مرگئی۔ وہ چمک، وہ تابانی جاتی رہی۔
اس نے آہستہ سے میرا ہاتھ چھوڑ دیا۔ پھر رک رک کر کہنے لگی۔
"میں نے تمہیں غلط سمجھا۔ تم وہ آدمی نہیں ہو۔"
"کون سا آدمی۔؟"
"......... جانے دو۔ تم نہیں سمجھو گے۔"
"مجھے بہت افسوس ہے.........." میں نے کہا۔
لیکن شمع نے مجھے بیچ میں ٹوک دیا اور بولی۔
"اب میں دھرن کوٹ جانا چاہتی ہوں ——— اب میں اپنے بھائی

کے پاس نہ جاؤں گی. اب ——— راول میرا منہ نہ دیکھے گا۔ آج سے مرجانہ میرے لئے مرگئی ———!"

"کیا تو یہ خچر مجھے دیدیگا اجنبی۔؟ میرا راستہ بہت لمبا ہے۔؟"

راستہ بہت دور ہے اور سفر بے منزل ہے. میں سوچنے لگا. لاکھوں برس کے بعد دو شہزادے ایک لمحے کے لئے، ایک دوسرے کے سامنے آتے ہیں۔ اور دوسرے لمحے میں الگ ہو کر گردش کرنے لگتے ہیں۔ ایک لمحہ ——— دوسرا لمحہ ——— دونوں میں سات سمندروں کا دقفہ اور سات کائناتوں کا بُعد ہے. اس لمحہ انسان کا جنگل سے ناطہ ہے. دوسرے لمحے میں یہ ناطہ ٹوٹ چکا ہے. ہمیشہ کے لئے.......

"شمع۔!" میں نے آہستہ سے کہا۔

"کبھی ایک لمحہ دوسرے کی طرح نہیں ہوتا۔!"

"کیا کہتے ہو تم ———؟" اس کی پتلیاں حیران تھیں۔

"........ جانے دو۔ تم نہیں سمجھو گی۔"

میں نے خچر کی لگام اس کے ہاتھوں میں تھما دی۔ اس نے اپنے زخمی لبوں کے کناروں پر اپنی نیلی سرخ زبان پھیر کر ایک لمحہ کے لئے میری طرف دیکھا۔ اور پھر اچک کر خچر پر سوار ہوگئی. اور پھر میری طرف دیکھے بغیر کہنے لگی۔

"اچھا خدا حافظ۔"

اور پھر میرے جواب کا انتظار کئے بغیر وہ خچر کو دوڑاتی ہوئی دھرن کوٹ کے راستہ پر چلی گئی۔

میں دیر تک اس دوراہے پر کھڑا رہا۔ وہ دوراہا جو شمع کے قبیلے کی طرف جاتا۔ وہ دوراہا جو میرے گاؤں کی طرف جاتا تھا۔ میں نے دو قدم دھرتی کوٹ کے راستے کی طرف بڑھائے۔ پھر پلٹ کر آہستہ آہستہ اپنے گاؤں کی طرف چلنے لگا۔

○

کتبہ:۔ اعجاز نبی